
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہزار اسماء گرامی

# اسماء النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم

قرآن اور احادیث میں موجود اور ان سے ماخوذ حضور ﷺ کے
ایک ہزار اسماء گرامی پر محیط ایک جامع کتاب، اسماء نبویہ اور
فضائل و برکاتِ اسماء نبویہ اور فضائل "اسمِ محمد ﷺ"



تألیف

مولانا امداد اللہ انور
استاذ جامعہ قاسم العلوم، ملتان
خلیفہ مجاز حضرت سید نفیس الحسینی قدس سرہ العزیز
سابق معین التحقیق مفتی جمیل احمد تھانوی جامعہ اشرفیہ لاہور
Cell: 0300-6351350

دار المعارف، ملتان
Cell: 0300-6351350

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہزار اسماء گرامی

# اسماء النبی الکریم ﷺ

قرآن اور احادیث میں موجود اور ان سے ماخوذ
حضور ﷺ کے ایک ہزار اسماء گرامی پر محیط ایک جامع
کتاب، اسماء نبویہ اور فضائل و برکات اسماء نبویہ
اور فضائل "اسم محمد ﷺ"


تالیف — ترجمہ — تخریج

مولانا اِمداد اللہ انور

اُستاذ جامعہ قاسم العُلوم، مُلتان

سابق مُعین التحقیق مفتی جمیل احمد تھانوی جامعہ اشرفیہ لاہور



دار المعارف



رابطہ نمبر: 0333-6196631 = 0300-6351350

# کاپی رائٹ کے تمام حقوق محفوظ ہیں

## اسماء النبی الکریمؐ

کاپی رائٹ رجسٹریشن نمبر..................

ادبی اور فنی تمام قسم کے حقوق ملکیت مولانا مفتی امداداللہ انور صاحب کے نام پر رجسٹرڈ اور محفوظ ہیں۔اس لئے اس کتاب کی مکمل یا منتخب حصہ کی طباعت' فوٹو کاپی' ترجمہ' نئی کتابت کے ساتھ طباعت یا اقتباس یا کمپیوٹر میں یا انٹرنیٹ میں کاپی وغیرہ کرنا اور چھاپنا مفتی امداداللہ انور صاحب کی تحریری اجازت کے بغیر کاپی رائٹ کے قانون کے تحت ممنوع اور قابل مؤاخذہ جرم ہے۔

امداداللہ انور



نام کتاب : اسماء النبی الکریمؐ

تالیف : علامہ مفتی محمد امداداللہ انور دامت برکاتہم
رئیس التحقیق والتصنیف دارالمعارف ملتان
استاذ تخصص فی الفقہ جامعہ قاسم العلوم ملتان
سابق معین التحقیق' مفتی جمیل احمد تھانوی جامعہ اشرفیہ لاہور
سابق معین مفتی جامعہ خیرالمدارس ملتان
سابق استاذ جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ لاہور

کاپی رائٹ رجسٹریشن نمبر:

ناشر : مولانا امداداللہ انور دارالمعارف ملتان

تاریخ اشاعت : جمادی الثانی ۱۴۲۸ھ جولائی ۲۰۰۷ء

صفحات: ۳۳۶

ہدیہ : =/۱۲۰ روپے

# ملنے کے پتے

مولانا مفتی محمد امداد اللہ انور جامعہ قاسم العلوم، گلگشت ملتان

رابطہ نمبر: 0300-6351350=0333-6196631

| | |
|---|---|
| مکتبہ رحمانیہ اقرأ سنٹر اردو بازار لاہور | نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی |
| مکتبۃ العلم اردو بازار لاہور | بیت القرآن اردو بازار کراچی |
| صابر حسین شمع بک ایجنسی اردو بازار لاہور | اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی |
| مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور | مکتبہ رشیدیہ اردو بازار کراچی |
| مکتبہ الحسن حق سٹریٹ اردو بازار لاہور | مکتبہ زکریا بنوری ٹاؤن کراچی |
| ادارہ اسلامیات انار کلی لاہور | مکتبہ فریدیہ جامعہ فریدیہ E/7-اسلام آباد |
| بک لینڈ اردو بازار لاہور | مکتبہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی |
| مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور | مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ |
| مولانا اقبال نعمانی سابقہ طاہر نیوز پیپر صدر کراچی | مکتبہ عارفی جامعہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد |
| مظہری کتب خانہ گلشن اقبال، کراچی | مکتبہ مدینہ بیرون مرکز رائے ونڈ |
| فیروز سنز لاہور۔ کراچی | مدرسہ نصرت العلوم گھنٹہ گھر گوجرانوالہ |
| مکتبہ دار العلوم کراچی ۱۴ | مکتبہ رشیدیہ نزد جامعہ رشیدیہ ساہیوال |
| قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی | ادارہ تالیفات اشرفیہ چوک فوارہ ملتان |
| اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی | مکتبہ امدادیہ نزد خیر المدارس ملتان |
| دار الاشاعت اردو بازار کراچی | عتیق اکیڈمی بوہڑ گیٹ ملتان |
| ادارۃ المعارف دار العلوم کراچی ۱۴ | بیکن بکس اردو بازار گلگشت ملتان |
| فضلی سنز اردو بازار کراچی | مکتبہ حقانیہ نزد خیر المدارس ملتان |
| مکتبہ علمیہ سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی | مکتبہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان |

اور ملک کے بہت سے چھوٹے بڑے دینی کتب خانے

| نمبر شمار | فہرست مضامین | صفحہ |
|---|---|---|
| | خطبہ کتاب | 11 |
| | **حصہ اول ___ مبادیات** | |
| 1 | اسماء نبویہ کے متعلق اکابر کی خدمات .................... | 13 |
| 2 | حضورؐ کے نام، معانی اور تشریحات .................... | 15 |
| 3 | محمد اور احمد کی خصوصیات .................... | 15 |
| 4 | اللہ اور حضورؐ کے ناموں میں اشتراک اور ان کے باہمی وجوہ فرق | 27 |
| 5 | اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشترک ناموں میں فرق کی تفصیل | 42 |
| | **حصہ دوم ___ اسماء نبویہ** | |
| 6 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خود اپنے بیان کردہ نام .......... | 49 |
| 7 | حضرت ابوالحسین کے جمع کردہ حضورؐ کے انتیس نام ...... | 50 |
| 8 | حضرت ابوبکر ابن العربی کے جمع کردہ پینسٹھ نام .......... | 51 |
| 9 | حضرت ابوعبداللہ محمد بن علی بن عساکر کے بیان کردہ اسماء نبویہ | 52 |
| 10 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صفاتی نام .................... | 56 |
| 11 | جلد والے قرآن شریف کے گتوں پر مطبوعہ نام .......... | 57 |
| 12 | مسجد نبوی کی قبلہ رخ والی دیوار پر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تحریر شدہ اسماء گرامی | 58 |
| 13 | الاسمی فیما لسیدنا محمد من الاسما .......... | 63 |
| 14 | حرف ''الف'' سے شروع ہونے والے نام .................... | 63 |
| 15 | حرف ''ب'' سے شروع ہونے والے نام .................... | 65 |

| | | |
|---|---|---|
| 16 | حرف ''ت'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 66 |
| 17 | حرف ''ث'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 66 |
| 18 | حرف ''ج'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 66 |
| 19 | حرف ''ح'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 66 |
| 20 | حرف ''خ'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 68 |
| 21 | حرف ''د'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 68 |
| 22 | حرف ''ذ'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 69 |
| 23 | حرف ''ر'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 70 |
| 24 | حرف ''ز'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 71 |
| 25 | حرف ''س'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 71 |
| 26 | حرف ''ش'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 72 |
| 27 | حرف ''ص'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 73 |
| 28 | حرف ''ض'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 75 |
| 29 | حرف ''ط'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 75 |
| 30 | حرف ''ظ'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 76 |
| 31 | حرف ''ع'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 76 |
| 32 | حرف ''غ'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 77 |
| 33 | حرف ''ف'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 77 |
| 34 | حرف ''ق'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 78 |
| 35 | حرف ''ک'' سے شروع ہونے والے نام.................. | 79 |

| | | |
|---|---|---|
| 36 | حرف ''ل'' سے شروع ہونے والے نام............ | 79 |
| 37 | حرف ''م'' سے شروع ہونے والے نام............ | 79 |
| 38 | حرف ''ن'' سے شروع ہونے والے نام............ | 85 |
| 39 | حرف ''و'' سے شروع ہونے والے نام............ | 86 |
| 40 | حرف ''ہ'' سے شروع ہونے والے نام............ | 87 |
| 41 | حرف ''ی'' سے شروع ہونے والے نام............ | 87 |
| 42 | دکتور عاطف ملیجی کی کتاب میں مذکور نام............ | 88 |
| | **حصہ سوم ___ تراجم اسماء نبویہ** | |
| 43 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خود اپنے بیان کردہ نام اوران کا ترجمہ | 93 |
| 44 | حضرت ابوالحسین بن فارس کے بیان کردہ اسماء نبویہ کا ترجمہ | 95 |
| 45 | حضرت ابوبکر ابن العربی کے جمع کردہ پینسٹھ نام کے تراجم | 98 |
| 46 | حضرت ابوعبداللہ محمد بن علی عساکر کے بیان کردہ اسماء نبویہ کا ترجمہ | 99 |
| 47 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صفاتی ناموں کے ترجے | 106 |
| 48 | جلد والے قرآن شریف کے گتوں پر مطبوعہ ناموں کے ترجے | 108 |
| 49 | مسجد نبوی میں تحریر شدہ حضور پاک ﷺ کے اسماء گرامی کے تراجم | 110 |
| 50 | اَلْاَسْمٰی فِیْمَا لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِنَ الْاَسْمَا کا ترجمہ | 129 |
| 51 | دکتور عاطف ملیجی کی کتاب میں مذکور ناموں کا ترجمہ...... | 229 |
| 52 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس مشہور ناموں کے متعلق آیات ،احادیث اور تشریحات ............ | 233 |
| | | |

| | | |
|---|---|---|
| | **حصہ چہارم ــ اسم محمدؐ کی فضیلت اور برکات** | |
| 53 | تین بچے ہوں تو ایک کا نام ’’محمد‘‘ رکھا جائے ............ | 309 |
| 54 | محمد نام کے آدمی کا اکرام ............ | 310 |
| 55 | ’’محمد‘‘ نام کے شخص پر لعنت نہ کرو ............ | 311 |
| 56 | کائنات کا افضل ترین اسم مبارک ............ | 312 |
| | **حصہ پنجم ــ نعتیہ کلام** | |
| 57 | سراپائے اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ............ | 321 |
| 58 | بحضور ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم ............ | 323 |
| 59 | سلام بحضور خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم ............ | 326 |
| 60 | لاکھوں سلام ............ | 328 |
| 61 | دعائے اختتام ............ | 332 |

# حصہ اول

# مبادیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللَّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وسَلِّمْ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُنفَرِدِ بِاسْمِهِ الْاَسْمَى، اَلْمُخْتَصِّ بِالْعِزِّ الْاَحْمٰى الَّذِىْ لَيْسَ دُوْنَهُ مُنْتَهى، وَلَا وَراءَهُ مَرْمَى، الظَّاهِرِ لَا تَخَيُّلًا وَلَا وَهْمًا، الباطِنِ تَقَدُّسًا لَا عُدْمًا، وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا، وَأَسْبَغَ عَلَى أَوْلِيَائِهِ نِعَمًا عُمًّا وَبَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنفُسِهِمْ، عُرْبًا وَعُجْمًا وَأَزْكَاهُمْ مَحْتِدًا وَمَنْمًى وَأَرْجَحَهُم عَقْلًا وَحِلْمًا وَاَوْفَرَهُمْ عِلْمًا وَفَهْمًا وَاَقْوَاهُمْ يَقِيْنًا وَعَزْمًا، وَاَشَدَّهُمْ بِهِمْ رَأْفَةً وَرُحْمًا، زَكَّاهُ رُوْحًا وَجِسْمًا، وَحَاشَاهُ عَيْبًا وَوَصْمًا، وَآتَاهُ حِكْمَةً وَحُكْمًا، وَفَتَحَ بِهِ اَعْيُنًا عُمْيًا، وَقُلُوْبًا غُلْفًا، وَآذَانًا صُمًّا، فَآمَنَ بِهِ وَعَزَّرَهُ وَنَصَرَهُ مَنْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ فِي مَغْنَمِ السَّعَادَةِ قِسْمًا، وَكَذَّبَ بِهِ وَصَدَفَ عَنْ آيَاتِهِ مَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الشَّقَاءَ حَتْمًا ﴿وَمَن كَانَ فِي هَٰذِهِ اَعْمَى فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ اَعْمَى﴾ [الاسراء: ۷۲]. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً تَنْمُوْ وَتُنْمَى وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا.

اما بعد:

کچھ عرصہ پہلے اللہ تعالی کے اسماء حسنیٰ کے متعلق ایک کتاب لکھنے کی توفیق

ہوئی جس میں تقریباً اللہ تعالیٰ کے چار سو کے قریب نام جمع ہو گئے۔ تو اس سے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اسی طرح سے حضرت سید الاولین والآخرین، حضرت خاتم النبیین جناب نبی کریم ﷺ کے اسماء مبارکہ کو بھی جمع کر دیا جائے چنانچہ ان کے لئے اکابر کی بہت سی کتابوں کو دیکھا گیا تو اللہ کے فضل و کرم سے ایک ہزار کے قریب حضور گرامی مرتبت ﷺ کے اسماء مبارکہ بھی جمع ہو گئے۔

الحمدللہ ان کو جمع کر کے ان کا ترجمہ اور تشریحات لکھ کے اس کتاب میں مرتب کر دیا گیا ہے بعض ضروری تشریحات بھی اکابرین اسلام سے نقل کر دی ہیں اور وہ نام مسجد نبوی میں محراب عثمانی کے دائیں بائیں قبلہ رخ والی دیوار کے اندرونی حصے پر تحریر تھے ان کو بھی مدینہ طیبہ کی حاضری کے موقع پر لکھ کر محفوظ کر لیا اور ان کو بھی اس کتاب کی زینت بنا دیا گیا ہے اس طرح سے جس جس کتاب سے حضور گرامی مرتبت کے اسماء مبارکہ نقل کئے گئے ہیں ان کے بھی موقع بہ موقع حوالے دے دیئے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ وہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور جناب نبی کریم ﷺ کی خوشنودی کا ذریعہ بنائے۔

فقط

امداد اللہ انور

C-2

# اسماء نبویہ کے متعلق اکابر کی خدمات

حضرت ابوالخطاب بن دحیہ عمر بن علی السبتی اللغوی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب المستوفیٰ فی اسماء المصطفیٰ میں لکھا ہے۔

فاذا فحصنا عن جملتها من الكتب المتقدمة والقرآن العظيم والحديث النبوی وقت الثلاث مائة.

یعنی ہم نے متقدمین کی کتابیں اور قرآن کریم اور احادیث نبویہ میں سے جناب نبی کریم ﷺ کے نام تلاش کئے ہیں تو ان کی تعداد تین سو کے قریب پہنچی ہے۔

اور حضرت ابوالحسن علی بن احمد بن الحسن التجیبی معروف بہ الحوالی (یہ مرسہ کے علاقے کی بستیوں میں سے ایک بستی ہے) نے بھی ایک کتاب تصنیف فرمائی جس کا نام اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اس میں آپ نے ننانوے نام ذکر فرمائے ہیں۔

اور حضرت ابوالحسین بن فارس اللغوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتیس نام ہیں۔ (صفۃ الصفوۃ:۱/۲۳)

جن کی تفصیل آگے کتاب میں آرہی ہے۔

اور حضرت ابوعبداللہ محمد بن علی بن عساکر رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیس نام مبارک ہیں۔

(الجواہر المضیہ :ج۱ص۱۸)

علامہ ابو بکر ابن العربی نے حضرت ابو عبداللہ محمد بن علی کے بیان کردہ ناموں کو ملا کر چھونسٹھ نام ذکر کیے ہیں۔

(الجواہر المضیہ: ج اص ۱۸)

ان کی تفصیل بھی آگے کتاب میں آرہی ہے۔

محقق جلیل حضرت علامہ شیخ یوسف بن اسماعیل النبھانی رحمہ اللہ نے بڑی محنت اور جاں فشانی سے جناب نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے اسماء مبارکہ کو جمع کیا ہے جن کی تعداد آٹھ سو تینیس تک پہنچی ہے آپ نے ان اسماء مبارکہ کے مضمون کو **الاسمی فیما لسیدنا محمد من الاسما** کے نام سے موسوم کیا ہے۔

یہ سب نام ہم نے ان کی اصل کتاب سے نقل کر کے ان کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے۔

اور مسجد نبوی میں محراب عثمانی کے آس پاس قبلہ رخ کی دیوار پر اندر کے حصہ میں ترکی حکومت کے علماء نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سو پچاسی اسماء گرامی تحریر کروائے تھے جن کو ہم نے خود وہاں سے نقل کر کے اس کتاب میں بھی محفوظ کر دیا ہے۔

حال ہی میں فضیلۃ الاستاذ دکتور عاطف نے **اسماء النبی فی القرآن والسنۃ** کے نام سے ایک مختصر سا مضمون لکھا ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس نام اور ان کی تشریح تحریر کی ہے اس کو بھی اس کتاب میں درج کر دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ ہماری اس خدمت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کا ذریعہ بنائے اور بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

(فائدہ) اب ہم حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے چند نام ان کے معانی اور تشریحات حضرت قاضی عیاض رحمہ اللہ سے نقل کرتے ہیں۔

C-2

## حضورؐ کے نام، معانی اور تشریحات

(حدیث) حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ لِی خَمْسَۃُ أَسْمَاءٍ أَنَا مُحَمَّدٌ- وَأَنَا اَحْمَدُ- وَأَنَا الْمَاحِی- الَّذِیْ یَمْحُو اللہُ بِیَ الْکُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِی یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَأَنَا الْعَاقِبُ.

(ترجمہ) میرے پانچ نام ہیں میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں وہ مٹانے والا ہوں کہ میرے ساتھ اللہ تعالی کفر کو مٹائیں گے اور میں قیامت کے دن سب سے پہلے اٹھنے والا ہوں یعنی لوگ میرے بعد قبروں سے اٹھیں گے اور میں (انبیاء کرامؑ کے) اخیر میں آنے والا ہوں۔

## محمد اور احمد کی خصوصیات

اللہ جل شانہ نے اپنی کتاب میں آپ کا نام محمد اور احمد رکھا ہے یہ آپ کی خصوصیات میں سے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ نام ثنا پر مشتمل ہیں اس لئے ان میں آپ کے عظیم شکر کا بھی ذکر پایا جاتا ہے۔

آپ کا نام گرامی ''احمد'' حمد کے معنی میں مبالغہ کا صیغہ ہے اور ''محمد'' بھی کثرت حمد سے مبالغہ کا صیغہ ہے اس اعتبار سے آپ کی ذات ہر اس آدمی سے زیادہ شان رکھتی ہے جس نے اللہ کی حمد ادا کی ہو اور ہر اس شخص سے زیادہ فضیلت رکھتی ہے جس کی تعریف کی گئی ہے اور آپ لوگوں میں سب سے زیادہ

اللہ کی حمد بیان کرنے والے ہیں اس لئے آپ تمام حمد کرنے والوں اور تمام حمد کئے جانے والوں سے زیادہ تعریف والے ہیں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا بھی آپ کے ہاتھ میں ہوگا تاکہ آپ کیلئے کمال حمد کا اتمام ہو جائے آپ ان تمام مواقع میں صفت حمد کے ساتھ مشہور ہوں گے اور اللہ رب العزت آپ کو وہاں مقام محمود پر مبعوث فرمائیں گے جیسا کہ اللہ کا وعدہ ہے اس مقام کی وجہ سے حضور ﷺ جو شفاعت فرمائیں گے اس پر تمام اولین و آخرین حضور ﷺ کی تعریف ادا کریں گے اور حضور ﷺ کیلئے اس موقع پر اللہ کی محامد کے علوم اور راستے کھول دیئے جائیں گے جیسا کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

"مَالَمْ یُعْطَ غَیْرُہٗ"

اتنا زیادہ حمد اللہ کی طرف سے آپ کو عطاء کی جائے گی اور حمد ادا کرنا سکھایا جائے گا کہ آپ کے علاوہ کسی کو اس طرح سے اتنی کثرت سے نہیں سکھایا گیا ہو گا۔

## ان دونوں ناموں کی خصوصیات

اللہ تعالی نے حضور ﷺ کی امت کو سابقہ انبیاء کی کتابوں میں حَمَّادِین کے نام سے ملقب فرمایا تھا پس آپ بجا طور پر اس کے مستحق ہیں کہ آپ کا نام **محمدؐ** اور **احمدؐ** ہو۔

پھر ان دونوں اسماء میں حضور ﷺ کی خصوصیات کے عجائب اور آپ کی نشانیوں کے غرائب موجود ہیں۔

اور غرائب کا اور فن بھی موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے اس نام کو یعنی حضور ﷺ کے نام **محمد** کو دوسروں سے محفوظ رکھا کہ وہ یہ نام اپنے بچوں کا نہ رکھ سکے۔

C-2

اورآپ کا نام احمد ایسا ہے جو سابقہ انبیاء علیہ السلام کی کتابوں میں مذکور ہوا اور حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اس نام کے ساتھ آپ کی بشارت دی اور اللہ تعالی نے اپنی حکمت کے ساتھ اس نام کے رکھنے سے بھی لوگوں کو دور رکھا کہ کوئی اور شخص اپنے بچے کا نام احمد رکھ سکے اور نہ ہی آپ سے پہلے کسی کو اس نام سے پکارا گیا تا کہ کسی ضعیف القلب پر اشتباہ نہ آئے اور شک واقع نہ ہو۔

اسی طرح سے محمدؐ نام کی خاصیت ہے کہ عرب میں کسی نے بھی یہ نام نہیں رکھا اور نہ غیر عرب نے یہ نام رکھا۔ یہاں تک کہ حضور ﷺ کی تشریف آوری سے اور پیدائش سے کچھ پہلے یہ بات مشہور ہوگئی تھی کہ ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے جس کا نام محمد ہے تو عرب کے بہت کم لوگوں نے اپنے بیٹوں کا اس امید سے یہ نام رکھا کہ شاید ان ہی کا بیٹا محمد ہو واللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ اور اللہ کو خوب علم تھا کہ اس نے اپنی رسالت کس کے سپرد کرنی ہے

چنانچہ جن لوگوں کے نام محمد رکھے گئے تھے ان کی تفصیل یہ ہے:

۱-محمد بن أُحَيحَة بن الْجُلَاحِ الْأَوْسِیُّ

۲-محمد بِنْ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِی

۳-محمد بِنْ بَراء البِکری

۴-محمد بن سفیان بن مُجاشع

۵-محمد بن حُمران الجُعفی

۶- محمد بن خزاعی السُلَمی

یہ چھ حضرات تھے ان کے علاوہ کوئی ساتواں آدمی نہیں تھا جس کا نام محمد رکھا گیا ہو۔

بعض روایات میں یہ بھی آتا ہے کہ سب سے پہلے جس کا نام محمد رکھا گیا تھا

وہ محمد بن سفیان تھا اور یمنی کہتے ہیں سب سے پہلے جس کا نام محمد رکھا گیا وہ محمدبن الیُحمِدُ تھا۔ یُحمِدُ ازدی قبیلے کا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس نام کو ہر اس شخص سے دور رکھا جو یہ نام رکھنا چاہتے تھے تاکہ وہ نبوت کا دعویٰ نہ کریں یا جس کا نام محمد ہو وہ اس کا دعوے دار بنے یا اس پر کوئی ایسا سبب ظاہر ہو کہ حضور ﷺ کی نبوت میں کوئی شک واقع ہو حتیٰ کہ دونوں صورتیں حضور ﷺ کیلئے ظاہر ہوئیں اور ان دونوں صورتوں میں کسی کی طرف سے جھگڑا نہ ہوا۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے: "وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِيْ يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ".

اس کی تفسیر خود اس حدیث میں بیان کر دی گئی ہے کفر کا مٹانا یا تو مکہ سے ہے اور عرب کے شہروں سے ہے اور جتنا حصہ آپ کے زیرنگین ہوا اور آپ کو وعدہ دیا گیا کہ آپ کی اُمت کی حکومت یہاں تک پہنچے گی یا مٹانا عام ہے ظہور اور غلبہ کے معنی میں۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ "لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهِ"

(التوبة : ٣٣)

(ترجمہ) تاکہ اسے سب دینوں پر غالب کرے۔

اور اس کی تفسیر بھی حدیث شریف میں وارد ہوئی ہے کہ آپ ہی وہ شخصیت ہیں جن کی وجہ سے آپ کے پیروکاروں کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔

اور حضورؐ کا ارشاد: "وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيْ".

اس کے کئی معنی ہیں ایک تو یہ ہے کہ میرے ہی زمانے اور عہد کے بعد لوگوں پر قیامت آئے گی اور لوگ کھڑے کئے جائیں گے یا یہ معنی ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

C-2

وَخَاتَمَ النَّبِيِّنَ (الاحزاب: ۴۰)
اور آپ تمام انبیاء علیہ السلام کے خاتمہ پر ہیں۔
اور آپ کا نام "عـاقِبُ" بھی رکھا گیا ہے کیونکہ آپ تمام انبیاء علیہم السلام کے آخر میں آئے ہیں اور صحیح حدیث میں وارد ہے:
"أَنَّا الْعَاقِبُ الَّذِی لَيْسَ بَعْدِی نَبِیٌّ".
میں ہی آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نیا نبی آنے والا نہیں۔
عـلـى قـدمـى کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ لوگ قیامت کے دن میرے سامنے قبروں سے اٹھیں گے۔
جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔
لِتَكُونُوا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا[البقرة: ۱۴۳]
(ترجمہ) تا کہ تم اور لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو۔
اور یہ بھی کہا گیا ہے عَلٰی قَدَمِیْ کا معنی ہے کہ پہلے میں اٹھوں گا اور پھر باقی حضرات جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:
"اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ[یونس: ۲].
(ترجمہ) کہ انہیں اپنے رب کے ہاں پہنچ کر پورا مرتبہ ملے گا۔
اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عَـلٰـی قَـدَمِـیْ کا معنی یہ ہے کہ میرے آگے اور میرے ارد گرد لوگوں کو قیامت کے دن جمع کیا جائے گا اور عـلـی قدمی کا معنی علی سنتی بھی کیا گیا ہے کہ لوگوں کو میرے دین پر اٹھایا جائے گا۔
اور آپ کا یہ ارشاد: "لِیْ خَمْسَة اَسْمَاءٍ".
(ترجمہ) میرے پانچ نام ہیں۔
اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہ سب نام سابقہ کتابوں میں موجود تھے اور

گذشتہ امتوں کے اہل علم کے پاس محفوظ تھے۔

اور حضور ﷺ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"لِیْ عَشَرَۃُ اَسْمَاءٍ". میرے دس نام ہیں۔

پھر آپ نے ان ناموں میں سے طٰہٰ اور یٰسٓ نام بھی ذکر فرمائے۔ اس حدیث کو مکی نے روایت کیا ہے۔

اور بعض تفاسیر میں کہا گیا ہے کہ طٰہٰ کا معنی یا طاہر یا ہادی کے ہیں (اے پاک اے ہدایت دینے والے)۔

اور سید کی تفسیر میں یا سید کا معنی کیا گیا ہے یعنی اے سردار یہ معنی سلمی نے واسطی سے اور امام جعفر صادق نے امام باقر سے نقل کیا ہے۔

اور مکی کے علاوہ دوسرے حضرات نے لی عشرۃ السماء کی حدیث بیان کی ہے تو اس میں پانچ پچھلے نام جو گذشتہ حدیث کے شروع میں آچکے ہیں ان کے علاوہ یہ نام ذکر کئے ہیں۔ وَاَنَا رَسُوْلُ الرَّحْمَۃِ وَرَسُوْلُ الرَّاحَۃِ وَرَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ وَاَنَا الْمُقْفِیْ قَفَّیْتُ النَّبِیِّیْنَ وَاَنَا قَیِّمٌ.

(میں رسول رحمت ہوں میں رسول راحت ہوں اور میں رسول ملاحم ہوں اور مقفی ہوں نبیوں کے پیچھے آنے والا اور میں قیم ہوں)۔

قیم کا معنی "جامع، کامل" اسی طرح سے میں نے اس لفظ کو پایا ہے اور مجھے اس کی تحقیق نہیں میرا خیال یہ ہے کہ یہ لفظ قیم نہیں قُثَمٌ ہے جیسا کہ ہم نے اس کو بعد میں امام حربی کی روایت سے ذکر کیا ہے اور یہ قثم تفسیر کے اعتبار سے زیادہ درست ہے۔

اور اسی طرح سے انبیاء کرام علیہم السلام کی کتابوں میں واقع ہوا ہے حضرت داود علیہ السلام نے دعا فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ ابعث لَنَا مُحَمَّدًا مُقِیْمَ السُّنَّۃِ بَعْدَ الْفَتْرَۃِ. (اے اللہ ہمارے لئے محمد کو بھیج جو فترت کے بعد سنت کو

C-2

قائم کرنے والے ہیں) (فترت اس زمانے کو کہتے ہیں جس میں انبیاء کرام علیہم السلام مبعوث نہ ہوئے ہوں) اور قیم بھی اسی معنی میں ہوسکتا ہے اور نقاش نے حضور ﷺ سے روایت کیا ہے:

"لِیْ فِی الْقُرْآنِ سَبْعَةُ أَسْمَاءٍ.
مُحَمَّدٌ وَأَحْمَدُ وَيٰسِينَ وَطٰهٰ وَالْمُدَّثِّرُ وَالْمُزَّمِّلُ وَعَبْدُ اللهِ"

(ترجمہ) میرے قرآن پاک میں سات نام ہیں۔ محمد، احمد، یٰسین، طٰه، مدثر، مزمل اور عبداللہ۔

اور حضرت جبیر بن مطعمؓ کی حدیث میں ہے کہ یہ چھ نام ہیں۔ محمد، احمد، خاتم، عاقب، حاشر، ماحی۔

اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایات میں ہے:

اَنَّهٗ كَانَ يُسَمِّي لَنَا نَفْسَهٗ اَسْمَاءً فَيَقُوْلُ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَحْمَدُ وَالْمُقَفِّي وَالْحَاشِرُ، وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الْمَلْحَمَةِ.

(ترجمہ) آپؐ خود ہمارے سامنے اپنے نام ذکر کرتے اور فرماتے تھے میں محمد ہوں میں احمدؐ ہوں مقفی ہوں حاشر ہوں اور توبہ کا نبی ہوں اور جنگ کا نبی ہوں۔

اس روایت میں نبی الملحمة اور نبی الراحة کے لفظ بھی آئے ہیں۔ اور یہ سب صحیح ہیں (انشاءاللہ) اور مقفی کا معنی بعد میں آنے والے کا ہے اور نبی الرحمة، اور نبی التوبة اور نبی المرحمة اور نبی الراحة کا معنی اللہ تعالیٰ نے خود قرآن پاک میں ارشاد فرمایا:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الانبیاء ۱۰۷)

(ترجمہ) اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت ہی بنا کر بھیجا ہے۔

جس طرح سے اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی یہ صفت بیان کی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ ''یُزَکِّیْھِمْ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ وَیَھْدِیْھِمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُسْتَقِیْمٍ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِیْمٌ''۔

(ترجمہ) کہ حضور پاکؐ امت کا تزکیہ کرتے ہیں ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتے ہیں اور ان کو صراط مستقیم کی رہنمائی کرتے ہیں۔ اور مومنین پر نرم اور مہربان ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی امت کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ امت مرحومہ ہے اللہ تعالیٰ کا ان کے متعلق ارشاد ہے:

وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَۃِ. (سورۃ بلد: ۱۷)

(ترجمہ) اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی اور رحم کرنے کی وصیت کی۔

یعنی امت کے بعض افراد بعض پر رحم کھاتے ہیں پس اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور ﷺ کو اپنی امت کے لئے اور تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور ان کے لئے رحم بنا کر بھیجا۔ اور رحم کھانے والا بنایا اور ان کے لئے مغفرت مانگنے والا بنایا۔ اور آپ کی امت کو بھی رحمت شدہ امت بنایا اور اس کو رحمت کے ساتھ موصوف کیا اور اس کو ایک دوسرے پر رحم کرنے کا حکم فرمایا اور اس امت پر رحم کھانے کی تعریف فرمائی۔

فرمایا: اِنَّ اللہَ یُحِبُّ مِنْ عِبَادِہِ الرُّحَمَاءَ.

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے مہربانی کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا:

اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُھُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ

C-2

يَرْحَمُكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ.

(ترجمہ) جومہربان ہیں ان پر رحمٰن بھی مہربانی کرتا ہے تم ان لوگوں پر جو زمین میں ہیں رحم کرو جو آسمان میں ہے وہ تم پر رحم کرے گا۔

اور روایت میں حضورﷺ کا نام نبی الملحمة آنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ جہاد اور تلوار والے نبی بنا کر بھیجے گئے اور یہ روایت صحیح ہے اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی مثل حدیث روایت کی ہے اور اس میں یہ لفظ ہیں:

ونبی الرحمة ونبی التوبة ونبی الملاحم ۔ کہ آپ رحمت کے اور توبہ کے اور جنگوں کے نبی ہیں۔ اور حربی نے اپنی روایت میں یہ حدیث بیان کی ہے کہ آپﷺ نے ارشاد فرمایا: أتانی ملک فقال لی انت قُثَمْ

(ترجمہ) میرے پاس ایک فرشتہ آیا تو اس نے کہا کہ آپ قثم ہیں۔

قُثَمْ کا مطلب جامع کمال ہے۔ اور قثوم اس کو کہتے ہیں جو خیر کا جامع ہو۔

یہ نام آپؐ کے گھر والوں میں معلوم و معروف تھا اور آپ کے القاب میں اور قرآن کریم میں آپ کی صفات میں بہت ساری چیزیں ایسی آئی ہیں جن کو ہم نے ذکر نہیں کیا۔ مثلاً نور، سراج منیر، منذر، نذیر، مبشر، بشیر، شاهد، شهید، حق مبین، خاتم النبیین، رؤوف، رحیم، امین، قدم صدق، رحمة للعالمین، نعمة الله، العروة الوثقی، صراط مستقیم، النجم الثاقب، الکریم، النبی الامی، داعی الی الله.

اور بہت سارے اوصاف میں اللہ کی طرف بلانے والے اور بھی آپؐ کی بہت ساری صفات ہیں ان میں سے کچھ سابقہ کتابوں میں اور انبیاء کے صحائف میں اور نبی کریمﷺ کی احادیث میں مذکور ہیں۔ اور امت کی زبان

پر بھی بہت سارے نام حضور ﷺ کے آئے ہیں۔ جیسا کہ آپ کا نام مصطفی، مجتبیٰ، ابو القاسم، حبیب، رسول رب العالمین، شفیع، مشفع، متقی، مصلح، ظاهر، مهیمن، صادق، مصدوق، هادی، سید ولد آدم، سید المرسلین، امام المتقین، قائد الغر المحجلین، حبیب الله، خلیل الرحمن صاحب الحوض المورود، صاحب الشفاعة، صاحب المقام المحمود، صاحب الوسیله، صاحب الفضیله، صاحب الدرجة الرفیعه، صاحب التاج، صاحب المعراج، صاحب اللواء، صاحب القضیب، راکب البراق، راکب الناقة، راکب النجیب، صاحب الحجة، سلطان، خاتم، علامت، برهان، صاحب الهراوة، صاحب النعلین (ان اسماء مبارکہ کا ترجمہ آگے تفصیل کتاب میں ملاحظہ فرمائیں)۔

اور کتابوں میں یہ نام بھی وارد ہوئے ہیں:

متوکل، مختار، مقیم السنة، مقدس، روح القدس، روح الحق یہ روح الحق انجیل میں بارقلیط کے معنی میں آیا ہے۔ اور ثعلب نے بار قلیط کا معنی لکھا ہے وہ ذات جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرے۔

اور کتب سابقہ میں آپ کے ناموں میں سے ماذ ماذ بھی ہے اور اس کا معنی پاکیزہ ہے اور جماطایا ہے اور خاتم بھی ہے اور حاتم بھی ہے۔

---

امام احمد بن محمد بن محمد بن الشمنی متوفی ۸۷۲ھ جماطایا کے معنی الشفاء کے مشکل الفاظ میں لکھتے ہیں کہ میں نے وہ مسلمان جو پہلے یہودی تھا اس سے پوچھا تو اس نے کہا اس کا معنی ہے جو حرم کی حفاظت کرے اور حرام سے روکے

C-2

اور حلال کا خوگر ہو۔

حضور ﷺ کے یہ نام حضرت کعب احبار نے نقل کئے ہیں۔ اور ثعلب فرماتے ہیں کہ خاتم سے مراد وہ ہے جس نے انبیاء علیہم السلام کے سلسلے کو آخر میں آکر ختم کیا اور حاتم کا معنی تمام انبیاء علیہم السلام سے شکل وصورت اور اخلاق میں خوبصورت ہونا ہے اور سریانی میں آپ کا نام مُشَقَّحُ اور منحمنا بھی ہے اور آپ کا نام تورات میں اُحید بھی ہے۔ یہ سب امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہیں۔

اور صاحب القضیب کا معنی تلوار والے نبی کے آتے ہیں۔ اور اس کی تفصیل انجیل میں اس طرح سے ہے قَالَ مَعَهُ قَضِيْبٌ مِنْ حَدِيْدٍ يُقَاتِلُ بِهِ وَأُمَّتُهُ كَذٰلِكَ.

(ترجمہ) کہ اس نبی کے پاس لوہے کی تلوار ہوگی جس کے ساتھ وہ خود بھی جہاد کرے گا اور اس کی امت کی بھی یہی حالت ہوگی۔

اور قضیب سے مراد وہ چھڑی بھی ہوسکتی ہے جو حضور ﷺ کے ہاتھ میں رہتی تھی اور پھر خلفاء کے پاس رہی اور ھراوہ کے لفظ کے ساتھ جو آپ کی صفت بیان کی گئی ہے۔ اس کا لغت کے اعتبار سے معنی لاٹھی کا ہے اور میرا خیال ہے کہ اس سے مراد وہ عصا ہے جو حوض کی حدیث میں مذکور ہوا ہے۔

"أَذُوْدُ النَّاسَ عَنْهُ بِعَصَايَ لِأَهْلِ الْيَمَنِ".

میں یمن والوں کے لئے دوسرے لوگوں کو ہٹاؤں گا تا کہ وہ آگے آئیں (تا کہ میں ان کو حوض کوثر سے پانی پلاؤں اس روایت میں اہل یمن کی فضیلت کا بھی اظہار ہے)۔ واللہ اعلم

اور تاج سے مراد یا تو عمامہ ہے جو اس وقت عرب ہی کی شان ہوتی تھی اور یہ عمامے اور پگڑیاں عرب کے تاج سمجھے جاتے تھے۔

آپ کے اوصاف اور القاب اور صفات کتابوں میں بہت وارد ہوئیں ہیں جتنا ہم نے یہاں ذکر کیا ہے انشاء اللہ کافی ہے آپ کی مشہور کنیت ابو القاسم ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

(حدیث)

"اَنَّہٗ لَمَّا وُلِدَ اِبْرَاهِیْمُ جَاءَہٗ جِبْرِیْلُ فَقَالَ لَہٗ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَااَبَااِبْرَاهِیْمَ"۔

(ترجمہ) جب حضور ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو حضور ﷺ کے پاس حضرت جبریلؑ تشریف لائے اور عرض کیا السلام علیک یا ابا ابراھیم۔ اے ابراہیم کے ابا آپ پر سلام ہو۔

C-2

# اللہ اور حضورؐ کے ناموں میں اشتراک اور ان کے باہمی وجوہ فرق

اللہ تعالی نے بہت سے انبیاء کرام علیہم السلام کو ایسی شان کے ساتھ مخصوص فرمایا کہ ان کو اپنے نام عطا فرمائے جیسے حضرت اسحاقؑ اور حضرت اسماعیلؑ کے لئے **علیم** و **حلیم** کے نام اور حضرت ابراہیمؑ کے لئے **حلیم** کا نام اور حضرت نوحؑ کے لئے **شکور** کا نام اور حضرت عیسیؑ اور حضرت یحیٰؑ کے لئے **بَرّ** اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے **کریم** اور **قوی** اور حضرت یوسفؑ کے لئے **حفیظ**، **علیم** اور حضرت ایوبؑ کے لئے **صابر** اور حضرت اسماعیل کے لئے **صادق الوعد** کے نام عطا فرمائے جیسا کہ یہ نام قرآن کریم میں انبیاء کرام علیہم السلام کے مواقع ذکر میں موجود ہیں۔ اور ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کے لئے قرآن کریم میں اور انبیاء کرام کی زبانوں میں بہت سارے نام جاری فرمائے غور وفکر کرنے کے بعد بہت سارے نام ہمارے سامنے آئے ایسے تیس کے قریب نام ہیں چنانچہ اللہ تعالی کا ایک نام حمید ہے اور اس کا معنی محمود ہے کیونکہ اللہ تعالی نے خود اپنی تعریف بھی کی ہے اور اللہ کے بندوں نے بھی اللہ کی تعریف کی ہے۔ یہ اپنے آپ کے تعریف کرنے کے معنی میں ہو سکتا ہے اور اطاعت کے اعمال سرانجام دینے کے لئے بھی ہوسکتا ہے۔ اور نبی کریم ﷺ کا نام اللہ تعالی نے محمد اور رحمت رکھا پس محمد بھی محمود کے معنی میں ہے اور اسی طرح سے حضرت داودؑ کی زبور میں بھی یہ نام واقع ہوا ہے۔ اور احمد

کا معنی ہے جن لوگوں نے اللہ کی حمد ادا کی ان سب میں سب سے بڑے حمد کرنے والے اور جن لوگوں نے اللہ کی حمد بیان کی وہ سب سے بڑی شان والے ہیں اور اسی کی طرف حضرت حسانؓ نے اس شعر میں اشارہ کیا تھا۔

وَشَقَّ لَـهُ مِنِ اسْمِـهِ لِيُجِلَّـهُ
فَـذُوالْـعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهَذَا مُحَمَّدُ

(ترجمہ) اللہ تعالی نے حضور ﷺ کو اپنا نام عطا فرمایا تا کہ حضور ﷺ کی شان کو اور زیادہ بڑھا دیا جائے۔ پس عرش کا مالک محمود ہے اور آپ محمد ہیں۔

---

اللہ تعالی کے اسماء حسنی میں سے رؤوف اور رحیم بھی ہے اور یہ دونوں نام معنی میں ایک دوسرے کے قریب قریب ہیں اور حضور ﷺ کا قرآن پاک میں اسی نام کے ساتھ نام ذکر کیا ہے، بالمؤمنین رؤوف رحیم (التوبہ: ۱۲۸).

(ترجمہ) کہ آپ مومنین پر مشفق اور مہربان ہیں۔

اللہ تعالی کے ناموں میں سے الحق، المبین بھی ہے۔ اور حق کا معنی موجود اور اس کا امر ثابت ہونا ہے۔ اسی طرح سے مبین کا معنی اللہ کا امر اور اس کی خدائی کا ظاہر ہونا ہے اور یہ بھی معنی ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کے لئے دین کے معاملے اور ان کے آخرت کے معاملے کو واضح کرنے والے ہیں اور نبی کریم ﷺ کا بھی قرآن کریم میں یہ نام رکھا ہے:

حَتّٰى جَآءَ هُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ. (زخرف: ۲۹)

(ترجمہ) حتیٰ کہ ان کے پاس حق اور رسول مبین آ گیا۔

اور ارشاد فرمایا: وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ (الحجر: ۸۹)

(ترجمہ) آپ کہہ دیجئے میں تو نرا ڈرانے والا واضح کرنے والا ہوں۔

C-2

اورفرمایا۔ جَاءَ کُمُ الْحَقُّ .(یونس : ۱۰۸)
(ترجمہ) تمہارے پاس حق آ گیا۔
اورفرمایا: فَقَدْ کَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَ هُمْ(انعام: ۵)
(ترجمہ) انہوں نے حق کو جھٹلا دیا جب ان کے پاس پہنچا۔

اس حق کی تفسیر محمد سے بھی کی گئی ہے اور قرآن کے ساتھ بھی یہاں حق کا معنی باطل کی ضد اور سچائی کا ثبوت ہے اور اس کے حکم کا ثبوت ہے اور پہلے لفظ کا ہم معنی ہے۔

اور مبین کا معنی جس کا امر اور رسالت واضح ہو یا یہ معنی ہے آپ اللہ تعالی کی طرف سے احکام کی وضاحت فرماتے ہیں۔
جیسا کہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا۔
لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَانُزِّلَ إِلَيْهِمْ (النحل : ۴۴)
(ترجمہ) تاکہ آپ لوگوں کے لئے ان چیزوں کو واضح طور پر بیان کریں جو ان کی طرف نازل کی گئی ہیں۔

اللہ تعالی کے اسماء حسنی میں سے ایک نام نور بھی ہے اس کا معنی نور والا یا نور کا پیدا کرنے والا یا آسمانوں اور زمین کو انوار کے ساتھ نور عطا کرنے والا اور مؤمنین کے دلوں کو ہدایت کے ساتھ روشن کرنے والا ہے اور اللہ تعالی نے حضور ﷺ کو بھی نور کے لفظ کے ساتھ ذکر فرمایا۔ چنانچہ ارشاد ہے:
قَدْ جَاءَ کُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَ كِتَابٌ مُبِيْنٌ. (المائدہ : ۱۵)
(ترجمہ) تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور کتاب مبین آئی ہے۔
اس کی تفسیر میں نور سے مراد محمد بھی لئے گئے ہیں اور قرآن بھی اور ارشاد فرمایا: وَسِرَاجًا مُنِيْرًا (احزاب: ۴۶)
(ترجمہ) اور روشن چراغ بنایا ہے۔

آپ کا یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ آپ کا معاملہ بہت واضح ہے اور آپ کی نبوت بھی واضح ہے اور مومنین اور عارفین کے دل بھی حضور ﷺ کے احکامات رسالت کے ساتھ منور ہوتے ہیں۔

---

اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام "شہید" بھی ہے اس کا معنی ہے عالم، جاننے والا۔ اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے بندوں کو اپنے سامنے دیکھیں گے (دیکھتے اب بھی ہیں لیکن اس وقت سب کو جمع کریں گے اور اس میں لوگوں کو قیامت کے دن جمع کرنے کی طرف اشارہ ہے)۔

حضور ﷺ کا نام بھی اللہ تعالیٰ نے شہید اور شاهد رکھا ہے۔ فرمایا:

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا۔ (الفتح: ۸) اور فرمایا ویکونُ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا۔

تو یہ پہلے لفظ کے معنی میں ہے۔ (یعنی عالم کے معنی میں)

اور اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں ایک نام کریم بھی ہے اور اس کا معنی خیر کثیر ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے فضل کرنے والا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خوب بخشنے والا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بلند۔ اور حدیث میں اللہ تعالیٰ کے اسماء میں ایک نام اکرم مروی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کا نام کریم رکھا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے انہ لقول رسول کریم۔ (الحاقة: ۴۰) اس کی تفسیر میں کہا گیا ہے کہ محمد مراد ہیں یا حضرت جبرائیلؑ مراد ہیں اور حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ أَنَا أَكْرَمُ وُلْدِ آدَمَ۔ میں آدمؑ کی اولاد میں سب سے زیادہ باعزت ہوں (زیادہ شان والا ہوں) اس نام کے جتنے معنی پیچھے مذکور ہوئے اللہ کے نام میں وہ حضور ﷺ کے حق میں بھی بجا طور پر درست واقع ہوتے ہیں۔

---

اور اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام عظیم ہے اس کا معنی جلیل

الشان ہے ہر چیز اس سے کم درجہ کی ہے اور اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے متعلق بھی ارشاد فرمایا: وَانَّکَ لَعَلیٰ خُلُقٍ عَظِیْمٍ (القلم: ۴)۔

اور تورات کی پہلی کتاب میں حضرت اسماعیلؑ کے حوالے سے موجود ہے:

**وسیلد عظیما الامة عظیمة فھو عظیم وعلی خلق عظیم**

(ترجمہ) عنقریب ایک عظیم شخصیت ایک عظیم امت کے لئے پیدا ہوگی وہ خود بھی عظیم ہوگا اور خُلق عظیم پر ہوگا۔

---

اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام جبار بھی ہے اور اس کا معنی اصلاح کرنے والا یا قاھر یا عظیم الشان اور متکبر ہے۔ حضور ﷺ کا یہ نام حضرت داودؑ کی کتاب میں موجود ہے چنانچہ زبور میں ہے:

**تَقَلَّدْ أيُّهَا الْجَبَّارُ سَيْفَكَ فَإنَّ نَامُوْسَكَ وَشَرَائِعَكَ مَقْرُوْنَةٌ بِهَيْبَةِ يَمِيْنِكَ.**

(ترجمہ) اے جبار اپنی تلوار گلے میں حمائل کر کیونکہ تیرا ناموس اور تیری شریعت تیرے دائیں ہاتھ کے ساتھ وابستہ ہے۔

اس کا معنی نبی کریم ﷺ کے حق میں اس طور پر ہے کہ آپ اپنی امت کے لئے ہدایت اور تعلیم کے ساتھ اصلاح کرنے والے یا اپنے دشمنوں پر غالب ہیں یا جنس انسانیت پر مرتبہ کے اعتبار سے بلند ہیں۔ اور عظیم المقام ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں حضور ﷺ سے اس جبریت تکبر کی نفی کی جو حضور ﷺ کی شان کے لائق نہیں تھی تو فرمایا وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ (ق: ۴۵)

(ترجمہ) اور آپ ان پر کچھ زبردستی کرنے والے نہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام خبیر ہے اس کا معنی ہے ہر چیز کی حقیقت سے واقف اور کہا گیا ہے کہ اس کا معنی خبر دینے والا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ

نے حضور ﷺ کے متعلق ارشاد فرمایا:

الرحمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِیْرًا ۔(فرقان: ۵۹)

(ترجمہ) رحمٰن ہے پس اس کی شان کسی خبر رکھنے والے سے پوچھو (یعنی حضور ﷺ سے)

قاضی بکر بن علاء فرماتے ہیں کہ سوال کرنے کا جس کو حکم دیا گیا ہے وہ نبی کے علاوہ ہے اور جس جاننے والے سے یہ سوال کرنا ہے اس سے مراد نبی ہیں۔

اور قاضی بکر بن علاء کے علاوہ دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ بلکہ پوچھنے والے نبی ہیں۔ اور پوچھی جانے والی اللہ کی ذات ہے۔ پس نبی کریم ﷺ دونوں مذکورہ صورتوں میں خبیر ہیں بتانے کے اعتبار سے بھی اور پھر اللہ کی طرف سے علم حاصل کرنے کے اعتبار سے بھی۔ یہ بھی کہا گیا کہ حضور ﷺ علم کے اس آخری مرتبے پر ہیں جتنا اللہ تعالیٰ نے اپنے مخفی علم میں سے آپ کو سکھلایا ہے اور عظیم معرفت پر فائز ہیں اور اپنی امت کو ان باتوں کی اطلاع دیتے ہیں جن کی ان کو اطلاع دینے کی اجازت دی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام فتاح ہے۔ اس کا معنی اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا، یا رزق اور رحمت کے دروازے کھولنے والا، اور جو معاملات ان کے اٹکے ہوئے ہیں ان کو درست کرنے والا، یا ان کے دلوں کو ان کی آنکھوں کو معرفت حق کے ساتھ کھولنے والا، اور اسی طرح سے یہ فتاح: ناصر کے معنی میں آتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ (انفال: ۱۹)

(ترجمہ) اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو تمہارا فیصلہ آ چکا۔

یعنی اگر تم مدد مانگتے ہو تو تمہارے پاس مدد آ گئی ہے کہا گیا ہے کہ اس کا معنی فتح اور نصرت کی ابتداء کرنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد کا نام

C-2

حدیث اسراء میں جو طویل حدیث ہے حضرت ربیع بن انس کی روایت سے جس کو انہوں نے حضرت ابو العالیہ وغیرہ سے روایت کیا ہے اس میں فاتح کا نام رکھا ہے۔ اور روایت اس طرح سے ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں اور اس میں اللہ تعالی کا یہ ارشاد بھی نقل کیا۔ وَجَعَلْتُکَ فَاتِحًا وَ خَاتِمًا. میں نے آپ کو فاتح اور خاتم بنایا ہے۔

اور اس میں حضور ﷺ کا ارشاد رب تعالی کی ثناء اور اس کی بلندی میں ہے کہ وَرَفَعَ لِی ذکری و جعلنی فاتحاً و خاتِمًا.

(ترجمہ) اللہ تعالی نے میرے ذکر کو بلند کیا اور مجھے فاتح اور خاتم بنایا۔

پس آپ معرفت حق کے ساتھ لوگوں کی بصیرتوں کو کھولتے ہیں۔ اور اللہ پر ایمان لانے کے لئے بھی لوگوں کی بصیرتوں کو کھولتے ہیں، یا آپ حق کے مدد گار ہیں، یا امت کے لئے ہدایت کا آغاز کرنے والے ہیں، یا انبیاء میں مقدم ہیں اور بنیادی شان رکھتے ہیں اور انبیاء علیہم السلام کے آخری بھی ہیں جیسا کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے:

كُنْتُ اَوَّلَ الْاَنْبِيَاءَ فِي الْخَلْقِ وَاٰخِرَهُمْ فِي الْبَعْثِ.

کہ میں انبیاء میں پیدائش میں سب سے پہلے ہوں اور بعثت میں ان سب سے آخر میں ہوں۔

---

اور حدیث شریف میں اللہ تعالی کے ناموں میں سے ایک نام شکور مذکور ہے اور اس کا نام معمولی عمل پر بہت ثواب دینے والا، یا فرمانبرداروں کی تعریف کرنے والا ہے اللہ تعالی نے اس صفت کے ساتھ نوح علیہ السلام کو موصوف فرمایا تو فرمایا

انه کَانَ عبدًا شَكُوْراً. (الاسراء : ۳)

(ترجمہ) نوح علیہ السلام شکر گزار بندے تھے۔

اور نبی کریم ﷺ نے خود اپنے لئے اس صفت کا اظہار فرمایا اَفَلَا اَکُوْنُ عَبْدًا شَکُوْرًا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ یعنی اپنے رب کی نعمتوں کا معترف نہ بنوں، جس قدر میں اس کو جانتا ہوں میں اس کی ثناء نہ کروں، اپنے نفس کو زیادہ شکر میں مصروف نہ رکھوں اسی کے متعلق اللہ تعالی کا بھی ارشاد ہے۔ لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ (ابراھیم :۷)

(ترجمہ) اگر شکر کرو گے تو میں ضرور تمہاری نعمتوں میں اضافہ کردوں گا۔

اور اللہ تعالی کے اسماء مبارکہ میں علیم ، علّام ، عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ہے اللہ تعالی نے اپنے نبی کو بھی علم کے ساتھ موصوف فرمایا اور ایک خاص مقام کے ساتھ ممتاز فرمایا۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

وَعَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ، وَکَانَ فَضْلُ اللہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا.

(النساء: ۱۱۳)

(ترجمہ) اور آپ کو وہ باتیں سکھائی ہیں جو آپ نہیں جانتے تھے اور اللہ کا آپ پر بہت بڑا فضل ہے۔

اور فرمایا:

وَیُعَلِّمُکُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ وَیُعَلِّمُکُمْ مَالَمْ تَکُوْنُوا تَعْلَمُوْنَ.

(البقرۃ: ۱۵۱)

(ترجمہ) اور تمہیں کتاب اور دانائی سکھاتا ہے اور تمہیں سکھاتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔

---

اور اللہ تعالی کے اسماء گرامی میں الاول اور الآخر ہے ان دونوں کا معنی ہر چیز کے وجود سے پہلے اور ہر چیز کے فنا ہونے کے بعد رہنے والا۔ اس کی تحقیق یہ ہے کہ اس کا نہ کوئی اول ہے اور نہ آخر ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

C-2

کنت اول الانبیاء فی الخلق و آخرھم فی البعث میں پیدائش کے اعتبار سے تمام انبیاء سے پہلے ہوں اور بعثت کے اعتبار سے تمام انبیاء کے اخیر میں ہوں۔

یہی معنی میں اللہ تعالی کا یہ ارشاد تفسیر فرماتا ہے:

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ.

(الاحزاب:۷)

(ترجمہ) اور جب ہم نے نبیوں سے عہد لیا اور آپؐ سے اور نوح سے۔

پس اللہ تعالی نے حضورﷺ کو مقدم رکھا اسی کی طرف حضرت عمرؓ نے بھی اشارہ فرمایا

نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ.

(ترجمہ) ہم آخر میں آئے ہیں لیکن سب سے سبقت رکھتے ہیں (امت کے اعتبار سے تمام امتوں پر فضیلت اور برکت رکھتے ہیں)۔

اور حضورﷺ کا ارشاد ہے اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْهُ، وَاَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَاَوَّلُ شَافِعٍ، وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ.

(ترجمہ) وہ میں ہوں جس کے لئے سب سے پہلے قبر کھلے گی اور میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا اور میں سب سے پہلے شفاعت کروں گا۔ اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول کی جائے گی۔

پس آپ خاتم النبیین بھی ہیں اور تمام رسولوں میں آخری رسول بھی۔

اور اللہ تعالی کے ناموں میں سے ایک نام قوی اور ذوالقوۃ اور متین بھی ہے ان کا معنی قدرت والا ہے۔

اللہ تعالی نے حضورﷺ کو بھی اس نام کے ساتھ موصوف فرمایا چنانچہ ارشاد فرمایا:

ذِیْ قُوَّۃٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَکِیْنٍ (تکویر : ۲۰)
اس کی تفسیر میں حضور ﷺ اور حضرت جبرائیلؑ کو مراد لیا گیا ہے۔
اور اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی میں سے الصادق بھی ہے۔ جیسا کہ ایک ماثور حدیث میں مروی ہے۔ اسی طرح سے حدیث میں حضور علیہ السلام کا نام بھی الصادق ، المصدوق وارد ہوا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی میں سے ایک نام الولی اور مولیٰ بھی ہے اور ان دونوں کا معنی مددگار ہے۔
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:
اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ .(مائدۃ: ۵۵)
(ترجمہ) تمہارا مددگار اللہ اور اس کا رسول ہے۔
اور ارشاد فرمایا۔ أنا وَلِیُّ کُلِّ مُؤمِنٍ (ترجمہ) میں ہر مومن کا مددگار ہوں۔
اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے النَّبِیُّ اولیٰ بالْمُؤمِنِیْنَ (احزاب: ۷).
(ترجمہ) نبی مسلمانوں کے معاملہ میں ان سے بھی زیادہ دخل دینے کا حق دار ہے۔
اور حضورؐ نے فرمایا مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ.
(ترجمہ) میں جس کا مددگار ہوں علیؓ بھی اس کے مددگار ہیں۔
(نوٹ) یہ مدد بالغیب نہیں۔ اس عقیدے سے کہ حضور ﷺ ہر جگہ حاضر ناظر ہیں اور طرح کی ہر ایک کے لئے مدد کرتے ہیں شریعت میں حضور ﷺ کے مدد کے جن معانی کا ثبوت ہے وہی مراد ہیں۔ (امداد اللہ)
اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں العَفُوُّ بھی ہے اور اس کا معنی بہت درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ نے اس نام کے ساتھ قرآن کریم میں اور تورات میں اپنے نبی ﷺ کی صفت کو بیان کیا اور آپؐ کے درگزر کے معاملے کو ذکر کیا تو فرمایا۔

خُذِالْعَفُوَ (اعراف: ۱۹۹). (ترجمہ) درگذر اور فرمایا

فَاعُفُ عَنُهُمُ وَاصُفَحُ (المائدۃ: ۱۳).

(ترجمہ) سو انہیں معاف کر اور درگزر کر۔

حضورؐ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے خذالعفو.

(الاعراف: ۱۹۹).

کے متعلق سوال کیا تھا تو حضرت جبرائیل نے فرمایا کہ اس کا معنی ہے ان تعفو عمن ظلمک کہ آپ پر جو زیادتی کرے اس کو معاف کر دیں۔ اور تورات اور انجیل میں ہے جیسا کہ حدیث مشہور میں آپ کی صفت کے متعلق تورات اور انجیل کے حوالے سے آیا ہے:

لَیُسَ بِفَظٍ وَلا غَلِیُظٍ وَلٰکِنُ یَعُفُوُ وَیَصُفَحُ. آپ نہ تو بد خلق او نہ تندخو ہوں گے بلکہ آپ معاف کرنے والے اور درگزر کرنے والے ہوں گے۔

اور اللہ تعالی کے اسماء میں الھادی بھی ہے اور اس کا معنی ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے اس کو ہدایت کی توفیق دیتا ہے۔ یا اس کا معنی رہنمائی اور بلانے کا ہے۔

اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔ واللہ یدعوا الی دارِ السَّلامِ وَیَھدِی مَن یشاء الی صِرَاطٍ مُّسُتَقِیمٍ. (یونس: ۲۵)

(ترجمہ) اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جسے چاہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

یہ جو ہادی کے معانی مذکور ہوئے ہیں ان سب کا معنی میلان ہے۔

اور طٰہٰ کی تفسیر میں کہا گیا ہے یا طاھر، یا ھادی اس سے مراد نبی کریم ﷺ ہیں۔

اسی طرح سے اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کے لئے فرمایا:

وَاِنَّکَ لَتَھْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ. (شوریٰ : ۵۲)

(ترجمہ) اور بے شک آپ سیدھا راستہ بتاتے ہیں۔

اور حضور ﷺ کے بارے میں فرمایا:

وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ.

(ترجمہ) اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا۔

اس میں اللہ تعالیٰ پہلے معنی کے ساتھ مختص ہیں جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

اِنَّکَ لَاتَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ .

(القصص : ۵۶)

(ترجمہ) بے شک تو ہدایت نہیں کر سکتا جسے تو چاہے لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جسے چاہے۔

اور دلالت کا معنی غیر خدا پر بھی بولا جا سکتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام مؤمن اور مھیمن بھی ہے۔

کہا گیا ہے کہ یہ دونوں نام ایک ہی معنی میں۔

ہیں پس مؤمن کا معنی (۱) اللہ تعالیٰ کے حق میں مصدق کا ہے کہ وہ اپنے وعدہ کو اپنے بندوں کے لئے سچ کر دکھاتا ہے۔ اور اپنی بات کو وہ حق طور پر صادق کر کے دکھاتا ہے۔ (۲) اور اپنے مومن بندوں اور رسولوں کی تصدیق بھی کرتا ہے (۳) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مومن کا معنی اپنی توحید کو بیان کرنے والا (۴) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دنیا میں اپنے بندوں کو ظلم سے بچانے والا اور آخرت میں مومنین کو اپنے عذاب سے بچانے والا۔

اور کہا گیا کہ مُہیمن امین کے معنی میں ہے۔ یہ امین سے تصغیر کا صیغہ ہے پھر

ہمزہ کو ہاء کے ساتھ بدل دیا گیا ہے۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دعا میں جو لوگ آمین کہتے ہیں یہ بھی اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے (لیکن علامہ نووی نے تہذیب الاسماء واللغات میں اس قول کو رد کیا ہے) اور اس کا معنی وہی ہے جو مومن کا ہے۔

اور یہ بھی کہا گیا کہ مہیمن شاھد اور حافظ کے معنی میں ہے۔

اور نبی کریم ﷺ بھی امین اور مھیمن اور مومن ہیں۔ اللہ تعالی نے حضور ﷺ کا نام بھی امین رکھا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔ مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٌ.
(تکویر: ۲۱)

اور حضور ﷺ امین کے لقب سے معروف تھے اور نبوت سے پہلے اس کے ساتھ مشہور تھے اور اس کے بعد حضرت عباسؓ نے اپنے شعر میں حضور ﷺ کو مھیمن کے لفظ کے ساتھ ذکر کیا۔ اور یہ شعر یہ ہے۔

ثُمَّ احْتَوٰى بَيْتُكَ الْمُهَيْمِنُ مِنْ
خِنْدِفَ عَلْيَاءَ تَحْتَهَا النُّطُقُ

(ترجمہ) آپ کا شرف جو آپ کے فضل کا شاھد ہے اس نے خندف کے نسب کے لوگوں کے مکانات میں پہاڑوں کی چوٹیوں میں آپ کو سب سے بلند کر دیا ہے۔

یہاں اس شعر میں مھیمن: شاھد کے معنی میں آیا ہے۔

اور اللہ تعالی کے اسماء میں سے ایک نام قدوس بھی ہے اس کا معنی ہے تمام نقائص سے پاک اور تمام حدثی سمتوں سے پاک۔ اور بیت المقدس کو بیت المقدس اس لئے کہتے ہیں کیونکہ اس میں بھی جا کر گناہوں سے پاکیزگی حاصل ہوتی تھی اسی سے وادی مقدس اور روح القدس کا استعمال سامنے آیا ہے۔

اور کتب انبیاء کرام علیہم السلام میں حضور ﷺ کے ناموں میں ایک نام مقدس یعنی گناہوں سے پاک ذکر ہوا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ ،(الفتح: ۲)

(ترجمہ) تا کہ اللہ آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دے۔

یعنی وہ ذات جس کی وجہ سے گناہوں کو دھویا جاتا ہے اور آپ کے پیرو کاروں کو گناہوں سے دھویا جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی صفت میں فرمایا وَيُزَكِّيهِمْ (البقرة: ۱۲۹).

(ترجمہ) اور انہیں پاک کرے۔

اور فرمایا

يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ ۔(البقرة:۱۲۹)

(ترجمہ) اللہ ان کو اندھیرے سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے۔

یا یہ کہ آپ مطہر کے معنی میں مقدس ہیں۔ تو پھر معنی یہ ہے کہ آپ اخلاق ذمیمہ اور گھٹیا درجہ کے اوصاف سے پاک ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام العزیز بھی ہے اس کا معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے اعتبار سے ممتنع ہیں اور اپنی صفات کے اعتبار سے غالب ہیں یا یہ کہ اللہ کی کوئی نظیر اور مثال نہیں ہے۔ یا یہ معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے غیر کو عزت عطاء فرماتے ہیں۔

اس لئے اسی معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ.

(المنافقون)

(ترجمہ) اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے۔

یعنی امتناع اور جلالت قدر اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے خود اپنے لئے خوش خبری دینے اور ڈرانے کی صفت بشیر،

نذیر کا ذکر فرمایا:

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ. (التوبة: ۲۱)

(ترجمہ) انہیں ان کا رب اپنی طرف سے مہربانی اور رضامندی اور باغوں کی خوش خبری دیتا ہے۔

اور فرمایا: اِنَّ اللهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى. (ال عمران: ۳۹)

(ترجمہ) بے شک اللہ تجھ کو یحییٰ کی خوش خبری دیتا ہے۔

اور فرمایا:

بِكَلِمَةٍ مِنْهُ. (ال عمران: ۴۵).

(ترجمہ) ایک بات کی اپنی طرف سے خوش خبری دیتا ہے۔

اسی طرح اللہ تعالی نے نبی کریمؐ کو بھی مبشر اور نذیر اور بشیر کا نام عطا فرمایا

یعنی آپ فرمانبرداروں کو خوش خبری دینے والے ہیں اور نافرمانوں کو ڈرانے والے ہیں۔

اسی طرح سے اللہ تعالی کے ناموں میں سے جیسا کہ مفسرین نے ذکر کیا طٰہٰ اور یٰسٓ بھی ہے۔ اور بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ حضرت محمد ﷺ کے ناموں میں سے ہیں۔

# اللہ تعالی اور حضورﷺ کے مشترک ناموں میں فرق کی تفصیل

(تنبیہ) درج ذیل مضمون نہایت ہی مشکل ہے اس کے سمجھنے کے لئے علم عقائد کے کسی ماہر عالم سے اس کو سمجھا جائے۔ (امداد اللہ)

ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالی کے حق میں اس کی عظمت اور کبریائی اور ملکوت اور اسماء حسنٰی اور صفات علیا کے متعلق اس کی مخلوقات میں سے کسی ایک کو اس کے ساتھ تشبیہ نہ دے اور نہ اللہ کو مخلوقات میں سے کسی کے ساتھ تشبیہ دے۔

اور جو الفاظ شریعت میں خالق اور مخلوق دونوں پر بولے گئے ہیں ان میں معنیٰ حقیقی کے اعتبار سے کوئی مشابہت نہیں ہے۔ کیونکہ قدیم کی صفات مخلوق کی صفات کے خلاف ہیں۔ جس طرح سے اللہ کی ذات دوسری ذاتوں کے مشابہ نہیں ہے اسی طرح سے اللہ کی صفات مخلوقات کی صفات کے مشابہ نہیں ہیں۔ کیونکہ مخلوقات کی صفات اعراض اور اغراض سے جدا نہیں ہوسکتیں اور اللہ تعالی اس سے منزہ اور پاک ہے بلکہ وہ اپنی صفات اور اسماء کے ساتھ ہمیشہ کے لئے موصوف ہے۔ اور اس کی دلیل کے لئے اللہ تعالی کا یہ ارشاد ہے۔

لیس کمثلہ شیٔ (الشوری: ۱۱)

(ترجمہ) اس کی طرح کا کوئی نہیں ہے۔

علماء عارفین محققین کی اس بات کی خوبی اللہ کو جاتی ہے جنہوں نے یہ کہا ہے کہ توحید اثبات ذات کا نام ہے۔ جو دوسری ذاتوں کے مشابہ نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس کی ذات صفات سے معطل ہے۔

اس نکتہ کو علامہ واسطیؒ نے اپنی وضاحت کے ساتھ اس طرح سے بیان کیا ہے۔ اور یہی نکتہ ہمیں یہاں بیان کرنا مقصود ہے فرماتے ہیں کہ

اللہ کی ذات کے مشابہ کوئی ذات نہیں اور اللہ کے نام کے مشابہ کوئی نام نہیں اور اللہ کے کام کے مشابہ کوئی کسی کا کام نہیں اور اللہ کی صفت کے مشابہ کسی کی صفت نہیں سوائے لفظی موافقت کے اللہ کی ذات قدیم اس سے بہت بلند ہے کہ اس کی کوئی صفت حدیثہ ثابت ہو۔ جیسا کہ یہ محال ہے کہ کسی محدث ذات کی کوئی قدیم صفت ہو اور یہ سب اہل سنت والجماعت واہل حق کا مذہب ہے۔ رضی اللہ عنہم

امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس قول کی مزید تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ

یہ قول مسائل توحید کی جامع تفصیلات پر مشتمل ہے۔ اللہ کی ذات محدثات کی ذات کے کیسے مشابہ ہو سکتی ہے جیسا کہ اللہ کی ذات اپنے وجود سمیت مستغنی ہے اور اس کا فعل مخلوق کے فعل کے کیسے مشابہ ہو سکتا ہے۔ جو بغیر کسی انس کے حصول کے ہے۔ یا بغیر کسی نقصان کے دفع کرنے کے ہے جو حاصل ہوا ہو اور نہ ہی خواطر اور اغراض کے طور پر ہے جو پائے جاتے ہیں اور نہ وہ اپنے کسی کام میں کسی مخلوق کا محتاج ہے جبکہ مخلوق کے کام ان اغراض اور اسباب سے خالی نہیں ہیں۔

اور ہمارے مشائخ میں سے ایک اور شیخ کا ارشاد ہے کہ جس کو تم اپنے اوہام کے ساتھ وہم میں لاتے ہو یا اپنے عقلوں کے ساتھ ادراک کرتے

ہو۔تو وہ بھی تمہاری طرح محدث ہے۔

امام ابوالمعالی الجوینی امام الحرمین جوامام غزالی کے استاد تھے فرماتے ہیں۔ جو کسی موجود پر مطمئن ہو گیا اس کی فکر اس پر منتہی ہوئی تو وہ بھی اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو تشبیہ دینے والا ہے۔اور جس نے نفی محض پر اطمینان کرلیا وہ اللہ کی ذات کو معطل سمجھنے والا ہے۔اور اگر موجود کا یقین کرے گا اور اس کے ادراک حقیقت سے عاجز ہونے کا اعتراف کرے گا تو وہ موحد ہے۔

حضرت ذوالنون مصریؒ کی بات بہت شاندار ہے فرماتے ہیں توحید کی حقیقت یہ ہے کہ تو جانے کہ اللہ کی قدرت تمام اشیاء میں بغیر اسباب اور استمداد کے ہے۔اور اس کے سب کام بغیر کسی مزاج کے ہیں اور ہر چیز کے وجود کا سبب اس کی اپنی کاری گری ہے اور اس کی کسی کاری گری کا کوئی سبب نہیں اور جو کوئی وہم میں سا سکتا ہے اللہ اس کے خلاف ہے یہ بڑا نفیس اور محقق کلام ہے۔

یہ حضرت ذوالنون مصری کی آخری بات کہ جو تصرف تیرے ذہن میں آسکتا ہے اللہ اس کے برعکس ہے یہ تفسیر ہے اللہ تعالی کے ارشاد لیس کمثلہ شیٔ (شوریٰ: ۱۱) (ترجمہ) اس کی طرح کا کوئی نہیں ہے۔

کی

اور دوسری بات کہ ہر چیز کی علت اس کی اپنی کارگری ہے اور اس کی کاری گری کی کوئی علت اور سبب نہیں یہ تفسیر ہے۔

اللہ تعالی کے ارشاد: لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ (انبیاء: ۲۳) (ترجمہ) جو کچھ وہ کرتا ہے اس سے پوچھا نہیں جاتا اور وہ پوچھے جاتے ہیں۔

اور تیسری بات کہ اللہ کی قدرت تمام اشیاء میں بغیر اسباب کے ہے یہ اللہ

تعالی کے اس ارشاد کی تفسیر ہے:

إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنٰهُ أَنْ نَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنَ.

(النحل: ۴۰)

(ترجمہ) ہمارا کہنا کسی چیز کو جب ہم اس کو کرنا چاہتے ہیں یہی ہے کہ ہم اس کو کہتے ہیں ''ہو جا'' تو وہ ہو جاتی ہے۔

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو توحید اور اثبات اور تنزیہ پر ثابت قدم رکھے اور گمراہی اور ضلالت کے دونوں طریقے چاہے تعطیل سے تعلق رکھتے ہوں یا تشبیہ سے ان سے اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ بچا کر رکھے۔

(نوٹ) اس پیش لفظ کی تمام عبارت شروع سے لے کر آخری تک امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور کتاب الشفاء فی تعریف حقوق المصطفی جلد اص ۱۴۴ تا ۱۵۴ سے خود ہم نے ترجمہ کر کے لکھی ہے۔ اللہ تعالی ہم سب کی حفاظت فرمائے اور ہمیں غلطیوں سے بھی محفوظ فرمائے۔ آمین

(امداد اللہ انور)

حصہ دوم

# الاسمی
# فیما لسیدنا محمد من
# الاسما

شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی

۱۲۶۵-۱۳۵۰ھ

# حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خود اپنے بیان کردہ نام

فی افراد مسلم من حدیث ابی موسی قال: سمی لنا رسول الله ﷺ نفسه فقال: " انا محمد و احمدو المقفی و الماحی والحاشر ونبی التوبة والملحمة "، وفی لفظ "نبی الرحمة."

(صفة الصفوة: ۲۳/۱ بحوالہ صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فی اسمائه ﷺ حدیث نمبر ۲۳۵۵)

۱_ محمد
۲_ احمد
۳_ المقفی
۴_ الماحی
۵_ الحاشر
۶_ نبی التوبة
۷_ الملحمة
۸_ نبی الرحمة

## حضرت ابوالحسین کے جمع کردہ حضورؐ کے انتیس نام

اورحضرت ابوالحسین بن فارس اللغوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتیس نام ہیں:

مُحَمَّد ،اَحْمَد، اَلمَاحِی ، اَلْحَاشِر ، اَلْعَاقِب ، اَلْمُقَفّی ، نَبِیُّ الرَّحْمَة ، نَبِیُّ التَّوْبَة وَ الْمَلْحَمَة، اَلشَّاهِد، اَلْمُبَشِّر ، اَلْبَشِیْر ، اَلنَّذِیْر ،السِّرَاجُ الْمُنِیْر ، اَلضَّحُوْک ، اَلْقَتَّال، اَلْمُتَوَكِّل ، اَلْفَاتِح، اَلْاَمِیْن ، اَلْخَاتِم، اَلْمُصْطَفٰی ، اَلنَّبِیّ ، اَلرَّسُوْل ، اَلْاُمِّیّ، اَلْقُثَم.

(صفۃ الصفوۃ:۱/ ۲۳)

# حضرت ابوبکر ابن العربی کے جمع کردہ پینسٹھ نام

وہ نام جو ابوبکر ابن العربی نے ذکر کئے ہیں وہ یہ ہیں:

﴿وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقٰبِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ﴾. (آل عمران: ۱۴۴)

ترجمہ: اور محمد تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے بہت رسول ہو چکے پھر کیا اگر وہ فوت ہوں یا شہید ہوں تو تم الٹے پاؤں (کفر کی طرف) پھر جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں پھرے گا تو اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہ کرے گا اور اللہ شکر گزاروں کو ثابت قدمی کے ساتھ جزا دے گا۔

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾. (الاحزاب: ۴۰)

ترجمہ: محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے خاتمہ پر ہیں۔

﴿والَّذِينَ ءامَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَءامَنُوا بِما نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بالَهُمْ﴾۔ (محمد: ۲)

ترجمہ: اور جو ایمان لائے اور نیک کام کئے اور اس پر بھی ایمان لائے جو محمد (ﷺ) پر نازل ہوا اور وہ ان کے رب کی طرف سے سچا دین ہے اللہ ان سے ان کے گناہوں کو دور کر دے گا اور ان کا حال سنوار دے گا۔

﴿مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ﴾۔ (الفتح: ۲۹)

ترجمہ: محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر زورآور ہیں۔ آپس میں نرم دل ہیں

(فائدہ) یہ نام صفت حمد سے منقول ہے اور محمد وہ ہے جو یکے بعد دیگرے محمود ہو یا جس میں تمام صفات محمودہ مکمل طور پر موجود ہوں۔

پس آپ کی ذات ہر اعتبار سے محمود ہے حقیقۃً بھی، اوصافاً بھی،، خلقاً بھی، اخلاقاً بھی، اقوالاً بھی، احوالاً بھی، علوماً اور احکاماً بھی۔

چنانچہ آپ زمین میں محمود ہیں اور آسمان میں بھی، اسی طرح سے آپ دنیا میں محمود ہیں اور آخرت میں بھی، دنیا میں اس طرح کہ آپ کے سبب سے ہدایت ملی اور علم وحکمت سے ہمیں نفع پہنچا اور آخرت میں حضور ﷺ کی شفاعت ملے گی اور حضور کے لئے لواء الحمد کو خاص کیا گیا جیسا کہ آپ کا نام بھی اس کے ساتھ مخصوص ہے۔

یہ نام کلمہ توحید کے ساتھ خاص ہے اسی سے اللہ نے آپ کو دنیا میں اور آخرت میں خطاب کیا اور کرتا ہے۔ حضور نے بھی خود کو اسی نام سے ذکر کیا جیسے "انا محمد بن عبداللہ"۔

والذي نفس محمد بيده ،

يافاطمة بنت محمد.

اسی سے آپ کے خطوط کا آغاز ہوتا تھا۔

من محمد رسول الله الي . اسی نام سے آپ پر فرشتے درود بھیجتے ہیں اسی نام سے آخرت میں عیسی علیہ السلام آپ کو پکاریں گے جیسا کہ اسی پر حدیث شفاعت دلالت کرتی ہے، اسی سے جبریل علیہ السلام نے آپ کو پکارا جیسے کہ حدیث معراج وغیرہ میں ہے، اسی سے حضرت ابراہیم نے آپ کو یاد کیا جیسا کہ حدیث معراج میں ہے، یہی نام آپ کی پیدائش کے وقت آپ کے دادا عبدالمطلب نے رکھا تھا۔ اسی سے آپ کی قوم آپ کو بلاتی تھی، اسی سے پہاڑوں کے فرشتے نے آپ کو بلایا تھا۔ جنت کے نگران کے سامنے آپ جنت دکھلانے کے لئے یہی نام بتائیں گے۔ جس پر جنت آپ کے لئے کھول دی جائے گی۔ وغیر ذلک

## احمد

حضورؐ کا یہ نام قرآن نے ذکر کیا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے نکلا ہے۔

﴿وَاِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِىٓ اِسْرَآءِيلَ اِنِّى رَسُولُ اللهِ اِلَيْكُم مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَّاتِى مِن بَعْدِى اسْمُهُ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُم بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ﴾۔ (الصف: ٦)

ترجمہ: اور جب عیسیٰ ابن مریم نے فرمایا اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں جو مجھ سے پہلے تورات آچکی ہے اس کی تصدیق کرنے والا ہوں اور ایک رسول کی خوشخبری سنانے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمدؐ ہے پھر جب وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا تو لوگ کہنے لگے یہ کھلا جادو ہے۔

ان النبی (ﷺ) قال "انا احمد" بخاری، مسلم نے روایت کیا ہے۔

اور احمد مادہ حمد سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے، آپ کا نام اس پر اس لئے رکھا ہے کہ مادہ حمد آپ میں موجود ہے بلکہ آپ سب سے زیادہ اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں چنانچہ آپ احمد الحامدین للہ سبحانہ وتعالی. ہوئے اسی لئے باقی انبیاء کی بہ نسبت سورۃ الحمد کو خاص کیا گیا اور آپ کو لواء الحمد سے بھی مخصوص کیا گیا۔

قیامت میں شفاعت کے موقعہ پر آپ اللہ تعالی کی ایسی تعریفات کریں گے جن کو اللہ خود آپ پر القاء کرے گا اس لئے آپ اپنے رب کے لئے

احمد الحامدین ہوئے۔ پھر آپ شفاعت کریں گے تو آپ کی شفاعت پر لوگ تعریف کریں گے اس طرح سے آپ صاحب مقام محمود بھی ہو گئے۔

## عبداللہ

اللہ کے نزدیک ''عبداللہ'' حضور ﷺ کے لئے مواقع تشریف وتکریم سے سب سے زیادہ شان والا نام ہے جیسا کہ ذیل کی آیات سے واضح ہوتا ہے۔

﴿وَاِن کُنتُم فِی رَیبٍ مِّمَّا نَزَّلنَا عَلٰی عَبدِنَا فَاتُوا بِسُورَۃٍ مِّن مِّثلِہٖ﴾. (البقرۃ: ۲۳)

ترجمہ: اور اگر تم شک میں ہو جس (قرآن) کو ہم نے اپنے بندے (محمدؐ) پر نازل کیا تو اس کی جیسی کوئی سورت بنالاؤ۔

﴿اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِیٓ اَنزَلَ عَلٰی عَبدِہِ الکِتٰبَ وَلَم یَجعَل لَّہٗ عِوَجًا﴾. (الکھف: ۱)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے بندہ پر کتاب نازل کی اور اس میں ذرہ بھی کجی نہیں رکھی۔

﴿تَبٰرَکَ الَّذِی نَزَّلَ الفُرقَانَ عَلٰی عَبدِہٖ لِیَکُونَ لِلعٰلَمِینَ نَذِیرًا﴾. (الفرقان: ۱)

ترجمہ: بہت برکت والا ہے جس نے فیصلہ کی کتاب اپنے بندے پر اتاری ہے تاکہ وہ جہان والوں کے لئے ڈرانے والا ہو۔ (الفرقان: ۱)

﴿فَاَوحٰٓی اِلٰی عَبدِہٖ مَآ اَوحٰی﴾. (النجم: ۱۰)

ترجمہ: پھر اللہ نے اپنے بندہ پر وحی فرمائی، جو وحی فرمائی۔

﴿ھُوَ الَّذِی یُنَزِّلُ عَلٰی عَبدِہٖٓ اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ لِّیُخرِجَکُم مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّورِ وَاِنَّ اللّٰہَ بِکُم لَرَءُوفٌ رَّحِیمٌ﴾.

(الحدید: ۹)

ترجمہ: وہی ہے جو اپنے بندہ پر صاف آیات اتارتا ہے تاکہ وہ تمہیں (کفر اور جہالت کے) اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لائے بے شک اللہ تم پر بڑا شفیق مہربان ہے۔

﴿وَاَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللهِ يَدْعُوهُ كَادُوْا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا﴾.

(الجن : ١٩)

ترجمہ: اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ (حضورؐ) اس کو پکارنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو لوگ اس پر ہجوم کرنے لگتے ہیں۔

(حدیث) حضورؐ نے فرمایا: ''انما انا عبد . فقولوا عبد الله ورسوله'' میں بندہ ہوں تم (مجھے) عبداللہ اور رسول اللہ کہا کرو۔

بخاری نے حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کیا ہے: ''محمد رسول الله ، عبدی ورسولی سمیته المتوکل ، لیس بفظ ولا غلیظ ، ولا صَخّاب فی الا'سواق ولایجزی بالسیئة السیئة ولکن یعفو ویغفر''

ترجمہ: محمد رسول اللہ میرا بندہ اور میرا رسول ہے میں نے اس کا نام متوکل رکھا ہے وہ نہ تو بدخلق ہے اور نہ سخت کلام ہے اور نہ بازاروں میں شور و...... کرنے والا ہے اور نہ ہی برائی کا بدلہ برائی سے دیتا ہے بلکہ درگذر کرتا ہے اور معاف کر دیتا ہے۔

کلمہ عبد عبادت سے ماخوذ ہے اور اس کا معنی اللہ کے لئے خضوع اور جھکنے کا آتا ہے اور اللہ سے کمال قرب از طریقہ احسان حاصل ہوتا ہے اور احسان کی بنیاد صدق عبادت اور خلوص عبادت ہے اور اللہ کے لئے عبادت کرنا اشرف الخصائل ہے اور اس سے نام رکھا جانا سب سے اچھی تعریف ہے۔

## ﴿الأمی﴾

یہ نام بھی حضورؐ کے مشہور ناموں میں سے ہے اور آپؐ سے ہی خاص ہے باقی انبیاء اور رسولوں میں سے کوئی بھی اس نام میں آپ کا شریک نہیں ہے جیسا کہ یہ بات بعض مفسرین نے بیان کی ہے۔

آپ کا یہ نام سورۃ اعراف میں ہے۔

﴿اَلَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ ......﴾. (الاعراف: ١٥٧).

ترجمہ: وہ لوگ جو اس رسول کی پیروی کرتے ہیں جو نبی اُمی ہے۔

﴿قُلْ يَآيُّهَا النَّاسُ اِنِّي رَسُولُ اللهِ اِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيِ وَيُمِيتُ فَآمِنُوا بِاللهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللهِ وَكَلِمٰتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ﴾. (الاعراف: ١٥٨)

ترجمہ: آپؐ کہہ دیجئے اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں جس کی آسمانوں اور زمین میں حکومت ہے اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں وہ زندگی دیتا ہے اور موت دیتا ہے پس تم اللہ پر اور اس کے رسول نبی اُمی پر ا، ان لاؤ جو اللہ پر اور اس کے سب احکام پر یقین رکھتا ہے اور اس کی پیروی کرو تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

سنت نبویہ میں آیا ہے کہ آپ نہ پڑھتے تھے اور نہ لکھتے تھے بلکہ فرماتے تھے " انا محمد النبی الامی "میں محمد ہوں نبی اُمی ہوں۔

اور حضرت ابن مسعود کی حدیث میں ہے " قولوا اللھم صلی علی

محمد النبی الامی ''یوں درود پڑھو'' اللھم صلی علی محمد النبی الامی ''(ترجمہ) اے اللہ نبی اُمی پر رحمت فرما)۔

اور یہی وصف آپؐ نے اپنی امت کے لئے بیان کیا ہے۔'' بعث الی امة امیة '' میں امت امیہ کی طرف مبعوث ہوا ہوں۔'' انا امه امیة لانکتب و لا نحسب '' ہم امت امیہ ہیں نہ لکھتے ہیں اور نہ حساب جانتے ہیں قرآن پاک نے بھی اس کی طرف سورۂ جمعہ میں اشارہ کیا ہے۔

﴿هُوَ الَّذِی بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴾ .(الجمعة: ۲)

ترجمہ: وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا وہ ان کو اللہ کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اور عقلمندی سکھاتا ہے اگر چہ وہ اس سے پہلے صریح بھول میں تھے۔

آپ کا اُمی ہونا آپ کا معجزہ ہے اگر چہ یہ صفت دوسروں کے لئے عیب سمجھی جاتی ہے کیونکہ آپ نے اعلی علوم و معارف وہبیہ بیان کئے ہیں جن کی تمام تاریخ انسانیت میں کوئی مثال نہیں ملتی اور ایسے علوم بیان کرنے سے ساری مخلوق عاجز آ گئی ہے اور یہ ظاہری معجزہ ہے اور حجت بالغہ ہے اور حضور کی نبوت کی واضح دلیل ہے۔ چنانچہ آپ کا اُمی ہونا آپ کے لئے کمال ہے۔

## الرحیم

یہ نام حضور کے خاص ناموں میں سے ہے یہاں کچھ نام اس کے مثل اور بھی ہیں۔

نَبِیُّ الرَّحْمَةِ.

رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ.

رَسُوْلُ الْمَرْحَمَةِ.

رَحْمَةَ الْاُمَّةِ.

اَلرَّحْمَةُ الْمُهْدَاةُ.

رَحْمَةُ الِلْعَالَمِیْنَ.

حضور کی صفت رحمت کے متعلق بہت سی آیات وارد ہوئی ہیں مثلاً:

﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِیظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ﴾. (آل عمران: ۱۵۹)

ترجمہ: کچھ اللہ ہی کی مہربانی ہے کہ آپؐ ان کو نرم دل ملے اور اگر آپ تند خو اور سخت دل ہوتے تو وہ آپؐ کے پاس سے منتشر ہو جاتے۔

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنفُسِكُمْ عَزِیزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیصٌ عَلَیْكُم بِالْمُؤْمِنِینَ رَءُوفٌ رَّحِیمٌ﴾. (التوبة: ۱۲۸)

ترجمہ: تمہارے پاس تم میں سے ایک رسول آیا ہے جو تکلیف تمہیں پہنچے اس پر گراں گزرتی ہے وہ تمہاری بھلائی پر حریص ہے ایمان والوں پر بڑا شفیق ومہربان ہے۔

﴿وَیُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِینَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِینَ ءَامَنُوا مِنكُمْ﴾.

(التوبة: ٦١)

ترجمہ: وہ مسلمانوں کی بات کا یقین کرتا ہے اور تم میں سے ایمان والوں کے لئے رحمت ہے۔

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ﴾. (الانبیاء: ١٠٧)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کو جہان والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

اللہ نے آپ کو امت کے لئے اور جہانوں کے لئے بھی رحمت بنایا حتی کہ کفار کے لئے بھی کہ ان سے عذاب کو مؤخر کیا گیا اور منافقین کے لئے بھی کہ ان کو وقتی طور پر امان مل گئی۔ پس جس نے آپ کو مان لیا وہ دنیا میں عذاب سے بچا دیا گیا اور زمین میں دھنسا دینے اور شکل مسخ ہونے، قتل اور ذلت کفر اور جزیہ سے، اللہ نے اس کے دل پر ایمان کی وجہ سے رحم کیا اور آخرت میں آگ سے بچایا ہمیشہ کے عذاب سے، اور دوہرا اجر اور خیر نصیب فرمائی۔

حدیث میں ارشاد ہے:

" انا رسول الرحمة " (ترجمہ) میں رسول رحمت ہوں۔

اور یہ بھی آپ کا ارشاد ہے: " انی لم ابعث لعّانا ولکنی بعثت داعیا ورحمة ".

(ترجمہ) میں لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا بلکہ میں دعوت دینے والا اور رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

اور حضرت انسؓ سے امام بخاری اور مسلم روایت کرتے ہیں: " ما رایت احدا ارحم بالعباد من رسول اللہ ﷺ ".

(ترجمہ) میں نے حضورؐ سے زیادہ لوگوں پر مہربانی کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔

حضور ﷺ ہمیشہ مہربانی اور نرمی کی طرف بلاتے رہے جیسا کہ فرمایا: "

الراحمون یرحمهم الرحمن . ان الله یحب من عباده الرحماء.
"من لا یرحم لایرحم. ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء. ارحموا عزیز قوم ذل .

(۱) مہربانی کرنے والوں پر رحمٰن بھی مہربانی کرتا ہے۔
(۲) مہربانی کرنے والے بندوں کو اللہ پسند کرتا ہے۔
(۳) جو مہربانی نہیں کرتا اس پر مہربانی نہیں کی جائے گی۔
(۴) تم نہ زمین والوں پر مہربانی کرو آسمانوالا تم پر مہربانی کرے گا۔
(۵) اے قوم کے بڑے لوگو کمزور پر رحم کرو۔

## البشیر

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں آپ کوصفت بشر سے موصوف فرمایا ہے

﴿اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ﴾ . (البقرۃ : ۱۱۹)

ترجمہ: (اے محمد) ہم نے آپ کو ہدات کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا، آپ سے دوزخیوں کا نہیں پوچھا جائے گا۔

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا﴾ .

(سبا: ۲۸)

ترجمہ: اور ہم نے جو آپ کو رسول بنایا تو سب لوگوں کو خوشی اور غم سنانے کے لئے۔

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا﴾ . (الفرقان: ۵۶)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کو صرف خوشخبری دینے اور ڈر سنانے کے لئے بھیجا ہے۔

﴿یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شٰهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا﴾ .

(الاحزاب: ۴۵)

ترجمہ: اے نبیؐ ہم نے آپ کو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

(۱) آپ متقین کو رب العالمین کی رضامندی کی بشارت دیتے ہیں۔

(۲) ڈرنے والوں کو قیامت کے دن امن کی بشارت دیتے ہیں۔

(۳) بادشاہ حق کے چہرہ قدسی کی طرف مشتاقین کو دیدار کی بشارت دیتے

ہیں۔

(۴) فرمانبرداروں کوثواب، مغفرت، جنت اور شفاعت کی بشارت دیتے ہیں۔

فائدہ: قرآن ہمیں آگاہ کرتا ہے کہ بشارت دینا اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے بھی ہے جیسا کہ وہ اپنے بندوں کو ہر خیر کی بشارت دیتا ہے۔

﴿یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ یَحْیٰی﴾. (مریم: ۷)

ترجمہ: اے زکریا ہم تمہیں ایک فرزند کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہے۔

﴿یُبَشِّرُھُمْ رَبُّھُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّھُمْ فِیھَا نَعِیمٌ مُّقِیمٌ﴾. (التوبة: ۲۱)

ترجمہ: اللہ ان کو اپنی طرف سے بڑی رحمت اور رضامندی اور ایسے باغوں کی بشارت دیتا ہے کہ ان کے لئے ان میں دائمی آرام ہوگا۔

﴿اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِکَةُ یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُکِ بِکَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِیحُ عِیسَی ابْنُ مَرْیَمَ وَجِیھًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِینَ﴾. (آل عمران: ۴۵)

ترجمہ: جب فرشتوں (یعنی جبرائیل) نے کہا اے مریم! اللہ تجھے بشارت دیتا ہے اپنی ایک بات کی جس کا نام مسیح عیسیٰ ابن مریم ہے دنیا میں مرتبہ (نبوۃ) والا (ہوگا) اور آخرت میں (شفاعت والا) اور مقرب حضرات میں سے ہوگا۔

مؤمنوں کو نیک اعمال پر بڑے اجر کی بشارت۔

﴿اِنَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنَ یَھْدِی لِلَّتِی ھِیَ اَقْوَمُ وَیُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِینَ الَّذِینَ یَعْمَلُونَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَھُمْ اَجْرًا کَبِیرًا﴾. (الاسراء: ۹)

ترجمہ: بلاشبہ یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور ان ایمان والوں کو خوشخبری سناتا ہے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے بڑا ثواب ہے۔

## الشاهد ﷺ الشہید ﷺ

حضورؐ سابقہ امتوں پر ان کے انبیاء کی تبلیغ کی گواہی دیں گے اور اپنی امت کے لئے ایمان کی گواہی دیں گے۔ اسی لئے آپؐ شاہد بھی ہوئے اور شہید بھی اور یہ دونوں نام قرآن کریم میں مذکور ہیں۔

﴿يَاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شٰهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا﴾.

(الاحزاب: ۴۵)

ترجمہ: اے نبی ہم نے آپ کو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

﴿اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شٰهِدًا عَلَيْكُمْ﴾.

(المزمل: ۱۵)

ترجمہ: ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجا ہے تم پر گواہی دینے والا۔

﴿وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ هُوَ مَوْلٰكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ﴾. (الحج: ۷۸)

ترجمہ۔ اور اللہ کی راہ میں محنت کرو جیسی کہ اس کے لئے محنت چاہئے اس نے تمہیں پسند کیا ہے اور تم پر دین میں کچھ مشکل نہیں رکھی تم اپنے باپ ابراہیم کی ملت پر قائم رہو اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ پہلے بھی اور اس قرآن میں بھی تا کہ تمہارا رسول تم پر گواہ ہو اور تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ ہو پس تم

نماز کی پابندی کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو مضبوط پکڑے رہو وہ تمہارا مالک ہے وہ اچھا مالک ہے اور اچھا مددگار ہے۔

﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾. (البقرة: ۱۴۳)

ترجمہ: اور اسی طرح سے ہم نے اے امت (محمدیہ کو) معتدل امت بنایا ہے تاکہ تم (روز قیامت) لوگوں پر گواہ بنو (کہ انبیاء نے تبلیغ کر دی تھی) اور رسول تم پر گواہی دینے والا ہو۔

﴿فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا﴾. (النساء: ۴۱)

ترجمہ: اس وقت کیا حال ہو گا جب ہم ہر امت سے ایک حالات بتانے والا بلائیں گے اور آپ بھی ان پر احوال بتانے والے ہوں گے۔

﴿وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِىْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَىْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ﴾.

(النحل: ۸۹)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر امت سے ایک گواہ جو انہیں میں سے ہو گا ان کے مقابلے میں لائیں گے اور آپ کو ان گواہوں پر گواہ بنا کر لائیں گے۔ اور ہم نے آپ پر قرآن اتارا ہے جو ہر چیز کو بیان کرنے والا ہے اور ہدایت اور رحمت اور خوش خبری ہے حکم ماننے والوں کے لئے۔

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''یدعی نوح علیه السلام یوم القیامة فیقول لبیک وسعدیک یارب فیقول الرب: هل بلغت. فیقول نعم. فیقال

لامتہ : ھل بلّغکم ؟ فیقولون ما اتانا من نذیر فیقول لنوح من یشھد لک فیقول محمد وامتہ . فیشھدون انہ قد بلّغ ، ویکون الرسول علیکم شھیدا. فتقول تلک الامم : کیف یشھد علینا من لم یدرکنا؟ فیقول لھم الرب سبحانہ کیف تشھدون علی من لم تدرکوا؟ فیقولون ربنا بعثت الینا رسولا . وانزلت الینا عھدک وکتابک . وقصصت علینا انھم قد بلّغوا ، فشھدنا بما عھدت الینا. فیقول الرب: صدقوا.

ترجمہ: حضرت نوح علیہ السلام کو پکارا جائے گا تو وہ عرض کریں گے یا رب لبیک وسعدیک ،تو رب تعالیٰ فرمائیں گے کیا آپ نے میرا پیغام پہنچادیا تھا؟ وہ عرض کریں گے جی ہاں۔ پھر ان کی امت سے پوچھا جائے گا کیا انہوں نے تم تک پہنچادیا تھا۔ تو وہ کہیں گے ہمارے پاس تو کوئی بھی ڈرانے والا نہیں آیا تھا،تو نوح علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے آپ کو حق میں کوئی گواہی دینے والا ہے؟ تو وہ فرمائیں گے محمد اور ان کی امت ،تو یہ گواہی دیں گے کہ انہوں نے پہنچادیا تھا،ویکون الرسول علیکم شھیدا (اور رسول تم پر گواہی دیں گے ) تو وہ امتیں کہیں گی جنہوں نے ہمیں دیکھا نہیں ہمارا زمانہ نہیں پایا وہ ہمارے خلاف کس طرح سے گواہی دے سکتے ہیں؟ تو ان سے رب سبحانہ وتعالیٰ پوچھیں گے تم ایسے لوگوں کے خلاف کیسے گواہی دے رہے ہو جن کا تم نے زمانہ تک نہیں پایا تو وہ عرض کریں گے اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس رسول بھیجا تھا اور آپ نے ہم پر اپنا عہد اور اپنی کتاب اتاری تھی اور بیان کیا تھا کہ ان تک پیغام پہنچادیا گیا تھا تو ہم نے اس کے مطابق گواہی دی ہے جو عہد آپ نے ہماری طرف روانہ کیا تھا۔ تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ انہوں نے سچ کہا۔

## ﴿ ……النذیر ﷺ…… ﴾

حضورؐ کا نام نذیر اور منذر بھی ہے کیونکہ آپ نے لوگوں کو اللہ کے غضب سے ڈرایا اور اس کی گرفت سے خوف دلایا ہے اور دنیا اور آخرت میں انجام بد سے دھمکایا ہے جب وہ اللہ کے حکم کی مخالفت کریں اور اس کی اطاعت سے نکل جائیں۔

﴿اَوَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا مَا بِصَاحِبِھِمْ مِّنْ جِنَّۃٍ اِنْ ھُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ﴾. (الاعراف: ۱۸۴).

ترجمہ: کیا انہوں نے دھیان نہیں کیا کہ ان کے رفیق (نبیؐ) کو کوئی جنون نہیں ہے وہ تو صاف ڈرانے والا ہے۔

﴿اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ﴾.

(الاعراف: ۱۸۸)

ترجمہ: میں تو بس مؤمنین کے لئے ڈرانے والا اور خوشخبری سنانے والا ہوں۔

﴿اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِیْرٌ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ﴾.

(ھود: ۱۲)

ترجمہ: تو آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں اور اللہ ہی ہر چیز کا پورا اختیار رکھتا ہے۔

﴿وَقُلْ اِنِّیْ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ﴾. (الحجر: ۸۹)

ترجمہ: اور کہہ دیں کہ میں وہی کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔

قرآن پاک میں اللہ تعالی نے نبی کریم ﷺ کی صفت انذار کو بیس مرتبہ

دہرایا ہے چنانچہ کچھ مقامات ملاحظہ ہوں۔

﴿اِنَّآ اَنزَلْنٰهُ فِی لَیْلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ اِنَّا کُنَّا مُنذِرِیْنَ﴾.

(الدخان: ۳)

ترجمہ: ہم نے اس کو ایک بابرکت رات میں اتارا ہے بے شک ہمیں ڈرانا مقصود ہے۔

﴿اِنَّآ اَنذَرْنٰکُمْ عَذَابًا قَرِیْبًا یَّوْمَ یَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدَاهُ وَیَقُوْلُ الْکَافِرُ یٰلَیْتَنِی کُنتُ تُرٰبًا﴾. (النبا: ۴۰)

ترجمہ: ہم نے تمہیں ایک نزدیک آنے والی آفت سے ڈرایا ہے جس دن آدمی دیکھ لے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہوگا اور کافر کہے گا کاش میں مٹی ہو گیا ہوتا۔

﴿فَاَنذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۝ لَا یَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقَی ۝ الَّذِی کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۝﴾. (اللیل: ۱۴-۱۶)

ترجمہ: پس میں نے تمہیں بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرایا ہے اس میں وہی گرے گا جو بڑا بد بخت ہوگا جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا۔

﴿فَکَیْفَ کَانَ عَذَابِی وَنُذُرِ﴾. (القمر: ۱۶)

ترجمہ: پس میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔

﴿یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنذِرْ ۝ وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ ۝﴾.

(المدثر: ۱-۳)

ترجمہ: اے لحاف میں لپٹنے والے اٹھو پھر ڈراؤ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو۔

﴿وَاَنذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ﴾. (الشعراء: ۲۱۴)

ترجمہ: اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیے۔

(حدیث)

انــه لـمـا نـزلـت هـذه الآية صـعد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) علی جبل ( الـصـفـا ) وهتف بـقـو مـه حتى اجتمعوا حوله ، وهنا قال لهم: " ارايتم ان اخبـرتـكم ان خيلا تخرج من سفح هذا الجبل الستم مـصـدِّقیَّ ؟ قالوا: ما جربنا عليک كذبا. قال النبی " فاني نذير لـكم بين يدی عذاب شديد " . فقال ابو لهب لعنه الله : تبالک مـا جـمـعتـنـا الا لهذا؟ ثم قام معرضاً عنه : فنزل قوله الله تعالى: ﴿تَبَّتْ يَدَآ اَبِی لَهَبٍ وَّتَبَّ﴾ (المسد: ١) (بخاری ،مسلم)

جب آیت وانذر عشیر تک الاقربین نازل ہوئی تو حضورؐ صفا پہاڑی پر چڑھ گئے اور اپنی قوم کو پکارا تو وہ آپؐ کے گرد جمع ہو گئے اس وقت آپ نے ان سے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر میں تمہیں خبر دوں کہ ایک لشکر اس پہاڑ کے پیچھے سے حملہ آور ہونا چاہتا ہے کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ انہوں نے کہا ہم نے آپ سے کبھی جھوٹ نہیں سنا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا تو پھر میں تمہیں آگے کے شدید عذاب سے ڈراتا ہوں۔ تو ابولہب ملعون نے کہا تو تباہ ہو جائے کیا تو نے ہمیں اسی لئے بلایا تھا، پھر وہ آپ سے منہ پھیر کر چلا گیا تو اللہ کا یہ فرمان نازل ہوا۔ تَبَّتْ يَدَآ اَبِی لَهَبٍ وَّتَبَّ ..........

(حدیث)

حضور ﷺ نے فرمایا:

" انـمـا مثلي ومثل ما بعثنی الله به كمثل رجل أتی قوما فقال: يـا قـوم ، انـي رايت الجيش بعينی ، وانا النذير العريان ، فالنجاة الـنـجـاة ، فاطاعه طائفة من قومه فادلجوا وانطلقوا على مهلهم فـنـجـوا ، وكذبته طائفة ، فاصبحوا مكانهم ، فصبحهم الجيش

فاهلكهم واجتاحهم ، فذلك مثل من اطاعنی واتبع ماجئت به ، ومثل من عصانی و کذب ما جئت به من الحق "۔

ترجمہ: میری مثال اور اس کی جس کے ساتھ اللہ تعالی نے مجھے بھیجا ہے اس آدمی کی طرح ہے جو ایک قوم کے پاس آیا اور کہا اے لوگو! میں نے اپنی آنکھوں سے ایک لشکر دیکھا ہے اور میں تمہیں ننگا ڈرنے والا ہوں پس اپنی حفاظت کرلو، اپنی حفاظت کرلو، تو اس کی قوم میں سے کچھ لوگوں نے اس کی بات کو مان لیا اور راتوں رات نکل گئے اور آسانی سے چلے گئے اور نجات پالی، اور ایک گروہ نے اس کو جھٹلایا اور اپنے مکانوں میں رہے تو صبح کو لشکر نے آلیا ان کو قتل کیا اور ان کی جڑ کاٹ دی۔ پس یہی اس کی مثال ہے جس نے میری بات مانی اور اس پر چلا جس کو میں لے آیا اور اس کی مثال ہے جس نے میری نافرمانی کی اور جو کچھ حق میں لے آیا اس کو جھٹلایا۔

## الداعی الی اللہ ﷺ

حضورکوداعی الی اللہ کا نام بھی دیا گیا ہے کیونکہ آپ نے لوگوں کودعوت دی اوران کواللہ پر، اوراس کی توحید اور اطاعت پر ایمان کی طرف رہنمائی فرمائی۔ جب کہ اس کی طرف قرآن پاک میں کئی مقامات پر ارشادفرمایا ہے۔

﴿یٰــقَوْمَنَآ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰہِ وَ اٰمِنُوْا بِہٖ یَغْفِرْ لَکُمْ مِّنْ ذُنُوْبِکُمْ وَیُجِرْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰہِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَلَیْسَ لَہٗ مِنْ دُوْنِہٖۤ اَوْلِیَآءُ اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴾۔(الاحقاف : ۳۱-۳۲)

ترجمہ:اے ہماری قوم اللہ کی طرف بلانے والے کو مان لواوراس پر ایمان لے آؤ وہ تمہارے گناہ معاف کردے گااورتمہیں دردناک عذاب سے بچادے گا۔ اور جوکوئی اللہ کے بلانے والے کونہیں مانے گا تو وہ زمین میں بھاگ کر عاجزنہیں کرسکے گااور خدا کے سوااس کا کوئی مددگارنہیں ہوگا ایسے لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

﴿وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا﴾۔(الاحزاب: ۴۶)

ترجمہ:اوراللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ بنایا ہے۔

﴿وَادْعُ اِلٰی رَبِّکَ اِنَّکَ لَعَلٰی ھُدًی مُّسْتَقِیْمٍ﴾۔

(الحج :٦٧)

ترجمہ:اورآپؐ اپنے رب کی طرف بلائے جائیں یقیناً آپ صحیح راستے پر ہیں۔

﴿قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾.

(یوسف: ۱۰۸)

ترجمہ: کہہ دیجئے یہ میرا راستہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں سمجھ بوجھ کر، میں بھی اور میرے ساتھ والے بھی اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔

﴿وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾.

(المؤمنون: ۷۳)

ترجمہ: اور بیشک آپ تو ان کو سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہیں۔

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ﴾. (الانفال: ۲۴)

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ اور رسول کے فرمانبردار ہو جاؤ جس وقت وہ تمہیں اس کام کی طرف بلائیں جس میں تمہاری زندگی ہے۔

﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ﴾.

(النحل: ۱۲۵)

ترجمہ: اپنے رب کے راستہ کی طرف علم کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے بلائیے۔

سابقہ آیات میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی دعوت سلیم تھی مستقیم تھی کریم تھی قوی تھی اور اللہ کی اپنے بندوں کو جو دعوت پہنچی ہے یہ اور رسول خداﷺ کی دعوت ایک ہی قسم کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ حکم دیا کہ ان کی دعوت میں مہربانی، شفقت، حکمت، پیار، وغیرہ ہو۔

جناب نبی کریم ﷺ نے جو سب سے پہلا مکتوب ہرقل بادشاہ روم کی طرف لکھا تھا۔اس کے شروع میں یہ تھا أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ.

ترجمہ: میں تجھے اسلام کی طرف بلاتا ہوں۔

## المُبلّغ ﷺ

نبی کریم ﷺ مبلغ بھی تھے یعنی اللہ تبارک وتعالی کی طرف سے جو کچھ اللہ نے ان کو تبلیغ کا حکم دیا تھا لوگوں کو عقائد، احکام اور راہنمائی اور ممنوعات اور دوسری چیزوں سے جن سے روکا جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے روکا تھا اور اللہ کے احکام پہنچائے تھے۔ قرآن کریم نے اس اسم کی طرف بہت سی آیات میں اشارہ کیا ہے۔ مثلاً

﴿فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا وَّاِن تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ﴾. (آل عمران: ۲۰)

ترجمہ: پھر اگر وہ اسلام لائیں تو وہ ہدایت پا گئے اور اگر (اسلام سے) اعراض کیا تو آپؐ پر صرف تبلیغ کرنا ہی ہے اور لوگ (کافر) اللہ کی نگاہ میں ہیں (یہ آیت قبل از جہاد کی ہے)

﴿يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ﴾. (المائدة: ٦٨)

ترجمہ: اے رسول جو کچھ آپؐ کے رب کی طرف سے نازل ہوا اس کی تبلیغ کریں اور اگر آپؐ نے یہ نہ کیا تو آپؐ نے اس کا کوئی پیغام نہیں پہنچایا اور اللہ آپؐ کو لوگوں (دشمنوں) سے محفوظ رکھے گا اللہ تعالی کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

﴿وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ﴾. (المائده: ۹۲)

ترجمہ: اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور احتیاط رکھو پس اگر تم اعراض کرو گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کے ذمہ تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے۔

﴿مَّا عَلَى الرَّسُولِ اِلَّا الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ﴾. (المائدة: ۹۹)

ترجمہ: رسول کے ذمہ تو صرف پہنچانا ہے اور اللہ کو معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

﴿وَمَا عَلَى الرَّسُولِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ﴾. (النور: ۵۴)

ترجمہ: اور رسول کے ذمہ کچھ نہیں مگر صاف طور پر پہنچا دینا۔

حضور ﷺ نے اپنے فرمانبردار حضرات کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ میری طرف سے شریعت کے احکام کو آگے امت کی طرف پہنچائیں۔ تاکہ یہ امت صفت تبلیغ میں حضور علیہ السلام کی وارث رہے، جیسا کہ بخاری شریف میں حدیث میں مروی ہے۔ بَلِّغُوا عَنِّیْ وَلَوْ اٰيَةً. میری طرف سے دین کو آگے پہنچاؤ چاہے وہ ایک آیت یا ایک مسئلہ بھی کیوں نہ ہو۔ بخاری اور مسلم میں ہے۔ فليبلغ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَاِنَّ الشَّاهِدَ عَسٰى اَنْ يكون مَنْ هُوَ اَوْعٰى مِنْهُ.

ترجمہ: جو موجود ہیں وہ غائبین تک پہنچا دیں کیونکہ موجود آدمی کی بہ نسبت وہ آدمی جس کو میری بات پہنچائی جائے گی زیادہ میری بات کا محافظ ہو سکتا ہے۔

اور ترمذی میں اس طرح سے مروی ہے۔

نَضَّرَ اللّٰهُ اِمْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ.

ترجمہ: اللہ تعالی اس آدمی کا چہرہ تروتازہ کرے۔ جس نے ہم سے کوئی چیز سنی اور اس کو اسی طرح سے آگے پہنچایا جس طرح سے سنا تھا بہت سارے ایسے لوگ جن تک حدیث کو پہنچایا جائے گا، وہ سننے والے سے زیادہ حدیث کی حفاظت کرنے والے اور سمجھنے والے ہوں گے۔

اور ترمذی میں یوں بھی روایت ہے۔

**نَضَّرَ اللّٰهُ امْرءً سَمِعَ مَقَالَتِی فَوَعٰهَا وَحِفَظَهَا وَبَلَّغَهَا وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلَّا مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ.**

ترجمہ: اللہ تعالی اس آدمی کا چہرہ تروتازہ کرے جو میری بات کو سنتا ہے اور پھر اس کو محفوظ کرتا ہے اور اس کو یاد کرتا ہے اور اس کو آگے پہنچاتا ہے۔ پس دین کی سمجھ کے حاصل کرنے والے بہت سے ایسے بھی ہوتے ہیں جو اس کو آگے ایسے لوگوں میں نقل کرتے ہیں جو اس سے بھی زیادہ سمجھ رکھنے والے ہوں گے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے تیئس سال بہترین انداز میں لوگوں کو تبلیغ فرمائی۔ لوگوں کی راہنمائی بھی کی تعلیم بھی دی تبلیغ بھی کی۔ جو کچھ اللہ تعالی نے آپ تک حکمت، وعظ۔ حسنہ اور مجادلہ حسنہ عطا فرمایا تھا سب کو آگے نقل فرمایا تھا۔

## الحنیف

اللہ نے حضور ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

﴿فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾. (الروم: ۳۰)

ترجمہ: پس آپ یکسو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھیں اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کریں جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے خدا کی تخلیق میں کوئی ردوبدل نہیں یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

﴿وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾. (یونس: ۱۰۵)

ترجمہ: اور یہ کہ اپنے آپ کو اس دین کی طرف اس طرح متوجہ رکھو کہ باقی سب طریقوں سے علیحدہ ہو جاؤ اور کبھی مشرک مت بننا۔

لغت میں حنیف اس کو کہتے ہیں جو باطل ادیان اور محرف ادیان سے کنارہ کش ہو۔ اور صراط مستقیم پر ثابت قدم ہو۔ جیسا کہ اللہ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ وہ حنیف اور مستقیم رہیں تاکہ دوسروں کے لئے بہترین نمونہ بنیں۔

جیسا کہ آگے آیت میں ارشاد ہوتا ہے۔

﴿فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ﴾. (الحج: ۳۰-۳۱)

ترجمہ: پس تم بتوں کی گندگی سے بچتے رہو اور جھوٹی بات سے کنارہ کش رہو ایک اللہ کی طرف کے ہو کر رہو اس کے ساتھ شریک بنا کر نہ رہو اور جس نے اللہ کا شریک بنایا تو گویا وہ آسمان سے گر پڑا پھر پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا اس کو ہوا نے کسی دور دراز جگہ میں پھینک دیا۔

﴿وَمَآ اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوْا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ حُنَفَآءَ وَیُقِیْمُوْا الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْا الزَّکٰوۃَ وَذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ﴾.

(البینة : ۵)

ترجمہ: ان کو یہی حکم ہوا تھا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں خالص ایک رخ ہو کر اسی کی فرمانبرداری کی نیت سے اور نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں اور یہی مضبوط لوگوں کی راہ ہے۔

حدیث قدسی میں ہے۔ خَلَقْتُ عِبَادِی حُنَفاء، میں نے اپنے بندوں کہ حنفاء پیدا کیا ہے۔

(فائدہ) حنیف کا معنی پیچھے گزر چکا ہے۔

اللہ تعالی نے قرآن کریم میں ملت حنیفیہ کا کئی جگہ پر ذکر کیا ہے، چنانچہ اگلی آیت میں اس کا ذکر آتا ہے۔

﴿وَقَالُوْا کُوْنُوْا ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی تَھْتَدُوْا قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰھِیْمَ حَنِیْفًا وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ﴾.(البقرة:۱۳۵)

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ یہودی بن جاؤ یا عیسائی ہدایت پا جاؤ گے (ان سے) کہہ دیجئے بلکہ ہم ملت ابراہیم کی اتباع کریں گے جو موحد تھے اور مشرکین میں سے نہیں تھے۔

﴿مَا کَانَ اِبْرٰھِیْمُ یَھُوْدِیًّا وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّلٰکِنْ کَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ﴾.(آل عمران:٦٧)

ترجمہ: نہیں تھے ابراہیم یہودی اور نہ نصرانی لیکن ایک طرف کے حکمبر دار موحد تھے اور مشرک نہیں تھے۔

﴿وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا﴾.

(النساء: ۱۲۵)

ترجمہ: اور اس سے بہتر کس کا دین ہے جس نے اللہ کے حکم پر پیشانی رکھی اور نیکی میں لگا رہا۔ اور دین ابراہیم پر چلا جو ایک ہی طرف کا تھا۔ اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا خالص دوست بنایا تھا۔

﴿قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾. (الانعام: ۱۶۱)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے مجھے میرے رب نے سیدھا راستہ بتلا دیا ہے وہ ایک مستحکم دین ہے ابراہیم حنیفؑ کا دین ہے اور وہ مشرک نہ تھے۔

(حدیث) مسند امام احمد میں حضرت ابو امامہؓ اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بُعِثْتُ بِالْحَنِيْفِيَةِ السَّمْحَةِ السَّهْلَةِ وقال أيضاً. اَحَبُّ الْاَدْيَانِ اِلَى اللّٰهِ تعالىٰ الْحَنِيْفِيَّةُ السَّمْحَة.

ترجمہ: میں ملت حنیفیہ سمحہ سہلہ کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہوں اور یہ بھی فرمایا کہ اللہ کے نزدیک دینوں میں محبوب دین حنیفیہ سمحہ ہے۔

(فائدہ) اسلام کو ملت حنیفیہ کہا گیا ہے کیونکہ یہ شریعت باطل سے اعراض کرتی ہے اور حق کی طرف متوجہ ہے ہر انسان کو اس پر عمل کرنا آسان ہے اس میں کسی قسم کا اسراف بھی نہیں ہے۔ اور کسی قسم کی زیادتی بھی نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی ٹیڑھا پن ہے اور نہ ہی کسی غلطی کی طرف میلان ہے۔

## الماحی ﷺ

امام بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
اَنَا الْمَاحِی الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰہُ بِیَ الْکُفْرَ.
ترجمہ: میں ماحی (مٹانے والا) ہوں جس کے ذریعے اللہ تعالی کفر کو مٹا دیں گے۔

(فائدہ) شارح دلائل الخیرات نے لکھا ہے اللہ نے کسی کے ذریعے سے کفر کو اتنا نہیں مٹایا جتنا کہ رسول اللہ ﷺ کو مبعوث فرمایا تھا کفر اس وقت پھیل چکا تھا۔ اور لوگوں میں شرک اور کفر کی بے شمار اقسام موجود تھیں۔ اور بت گھڑے ہوئے نصب تھے۔ اور آگ وغیرہ کی ستاروں کی اور انسانوں کی اور حیوانات کی پوجا وغیرہ کی جاتی تھی۔ لوگ کسی کو رب نہیں جانتے تھے۔ اور نہ ان کو توقع تھی کہ کوئی نبی مبعوث ہوگا۔ اور نہ ہی حق کی پہچان تھی۔ اللہ تعالی نے اپنے رسول کے ذریعے سے باطل کو مٹا دیا۔ اور رسول کے ذریعے حق کے کلمے کو بلند کر دیا۔ حتی کہ حضور کا دین مشرق اور مغرب تک پھیل گیا۔ اور آپ کی دعوت اس طرح سے اطراف عالم میں پھیلی۔ جس طرح سے سورج کی روشنی پھیلتی ہے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام اس اعتبار سے بھی ماحی (مٹانے والے) ہیں جن کے ذریعے سے ان لوگوں کے گناہوں کو مٹایا جائے گا جنہوں نے حضور کی اتباع کی اور حضور پر ایمان لے آئے تو اللہ نے ہر اس شخص سے جو اسلام لایا اور حضور پر ایمان لایا اس کے گناہوں کو اور کفر کو مٹا دیا۔ جو گناہ اس نے کفر کی حالت میں کئے تھے۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَایَغۡفِرُ اَن یُّشۡرَکَ بِهٖ وَیَغۡفِرُ مَادُوۡنَ ذٰلِکَ لِمَن یَّشَآءُ﴾. (النساء: ۴۸)

ترجمہ: اللہ اس کو نہیں بخشے گا جو اس کا شریک کرے اور اس سے نیچے کے گناہ جس کے لئے چاہے بخش دے گا۔

﴿یَمۡحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثۡبِتُ وَعِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡکِتٰبِ﴾. (الرعد: ۳۹)

ترجمہ: خدا جس حکم کو چاہتا ہے موقوف کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے اور اصل کتاب اللہ کے پاس ہے۔

﴿وَجَعَلۡنَا الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ اٰیَتَیۡنِ فَمَحَوۡنَاۤ اٰیَةَ الَّیۡلِ وَجَعَلۡنَاۤ اٰیَةَ النَّهَارِ مُبۡصِرَةً لِّتَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَلِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِیۡنَ وَالۡحِسَابَ وَکُلَّ شَیۡءٍ فَصَّلۡنٰهُ تَفۡصِیۡلًا﴾. (الاسراء: ۱۲)

ترجمہ: اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا پھر رات کی نشانی کو دھندلا کر دیا اور دن کی نشانی کو نظر آنے کے لئے روشن کر دیا تا کہ تم اپنے رب کا فضل (رزق) تلاش کرو اور تا کہ برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرو اور ہم نے ہر چیز تفصیل کے ساتھ سنادی ہے۔

﴿اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰهِ کَذِبًا فَاِنۡ یَّشَاِ اللّٰهُ یَخۡتِمۡ عَلٰی قَلۡبِکَ وَیَمۡحُ اللّٰهُ الۡبَاطِلَ وَیُحِقُّ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ اِنَّهٗ عَلِیۡمٌ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ○ وَهُوَ الَّذِیۡ یَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ وَیَعۡفُوۡا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ﴾. (الشوری: ۲۴-۲۵)

ترجمہ: کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے پس اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر کر دے اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور سچ کو اپنی باتوں سے ثابت کرتا ہے بے شک وہ دلوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے۔ اور وہی ہے

جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور برائیاں معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

## رسول الملاحم ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اَنَا رَسُوْلُ الْمَلَاحِم. میں جنگوں کا نبی ہوں۔ اور آپ نے یہ بھی فرمایا انا نبیُّ الْمَلْحَمَةِ میں جنگ کا نبی ہوں۔

(فائدہ) شارح دلائل الخیرات فرماتے ہیں۔ ملاحم ملحمہ کی جمع ہے۔ اور ملحمہ کا معنی ہے جنگ یا شدید جنگ اور واقعہ عظیمہ۔ یہ ماخوذ ہے باہم گتھم گتھا ہو کر لڑنے والوں کے معنی سے جس طرح سے کثرت سے لڑنے کے بعد ہر طرف گوشت ہی گوشت بکھرا پڑا ہو۔ اس میں حضور ﷺ کے جہاد اور تلوار کی طرف بھی اشارہ ہے کہ آپ کو ان دونوں چیزوں کے ساتھ بھیجا گیا ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ پر جہاد کو جنگ کو فرض کیا گیا تھا اور ان کے لئے غنیمتوں کو حلال کیا گیا تھا۔ اور رعب کے ساتھ آپ کی مدد کی گئی تھی۔ اور جنگ اور جہاد اور مدد حضور ﷺ سے اتنا واقع ہوئی کہ کسی اور رسول کے لئے اتنا جنگیں اور ان میں مدد اور نصرت واقع نہیں ہوئیں۔ اور کسی نبی نے اور نہ ان کی امت نے اتنا جہاد کیا جتنا حضور ﷺ اور آپ کی امت نے کیا اور وہ جنگیں جو حضور کی امت اور کفار کے درمیان ہوں گی۔ اس طرح کی جنگیں کبھی پچھلی امتوں میں نہیں ہوئیں۔ اور یہ امت کفار کے ساتھ دنیا کے اطراف میں ہر زمانہ میں لڑتی رہے گی۔ حتی کہ کانے دجال سے بھی لڑے گی اور عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا۔ اسی لئے حضور علیہ السلام کی طرف رسول الملاحم کی نسبت کی گئی ہے کثرت جنگ کی وجہ سے۔

حضور علیہ السلام کفار سے لڑتے رہے۔ اور جہاد کرتے رہے۔ جب سے مدینہ طیبہ میں وطن اختیار کیا اور آپ کو جنگ کا حکم دیا گیا۔ حتی کہ آپ رفیق اعلی

سے جا ملے کبھی آپ خود جنگ کے لئے نکلتے اور کبھی لشکر بھیج دیا کرتے تھے۔ حضور ﷺ کے لئے اور آپ کے صحابہ کے لئے آرام سے بیٹھنا نہیں ہوا اور جہاد کے علاوہ آپ کا اور آپ کے صحابہ کا کوئی کام نہیں تھا۔ جن جنگوں میں آپ بذات خود لڑنے کے لئے نکلے ہیں۔ تو وہ ستائیس جنگیں ہیں مشہور قول اور اکثر حضرات کے مطابق اور جو لشکر آپ نے بھیجے ہیں وہ سنتالیس کی تعداد کو پہنچے ہیں۔ تو مدینہ منورہ کے دس سالہ قیام کے زمانہ میں آپ نے کل (۷۴) جنگیں لڑیں۔

## الحاشر

آپؐ کا یہ نام آپ کی عظیم فضیلت اور ذاتی اور فعلی شان پر دلالت کرتا ہے جس کا مقابلہ کسی کی شان نہیں کر سکتی۔

حشر کا معنی جمع ہونا ہے اور اجتماع قوم کسی عظیم شخص کے لئے یا کسی اہم کام کے لئے ہوتا ہے۔

حضورؐ کا ارشاد ہے: انا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی" (ترجمہ) میں حاشر ہوں میرے قدم پر (یعنی میرے قبر سے اٹھنے کے بعد) ہی لوگوں کو قبروں سے اٹھایا جائے گا۔

# نبی التوبة ﷺ

(حدیث)

امام مسلم نے روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے بذات خود اپنے آپ کو نبی التوبہ سے موصوف فرمایا تھا جیسا کہ آپ کا ارشاد ہے میں رسول توبہ ہوں اس کا معنی یہ ہے کہ آپ کثرت سے اپنے رب سے توبہ اور استغفار کرنے والے تھے۔

امام بخاریؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا:

"واللہ انی لاستغفر اللہ واتوب الیہ فی الیوم اکثر من سبعین مرۃ" (خدا کی قسم میں اللہ سے دن میں ستر مرتبہ سے بھی زیادہ استغفار اور توبہ کرتا ہوں۔

اور اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے رسول اور آپ کے ارد گرد کے مومنین کو توبہ کی فضیلت سے مزین کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

﴿لَقَد تَّابَ اللّٰہُ عَلَى النَّبِیِّ وَالْمُهٰجِرِینَ وَالْاَنصَارِ الَّذِینَ اتَّبَعُوهُ فِی سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ یَزِیغُ قُلُوبُ فَرِیقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ اِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِیمٌ﴾ (التوبة: ۱۱۷)

ترجمہ: اللہ اپنے نبی کے حال پر متوجہ ہوا اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی جو مشکل گھڑی میں نبیؐ کے ساتھ رہے اس کے بعد کہ ان میں سے ایک فریق کے دل پھر جانے کے قریب تھے۔ پھر اللہ ان پر مہربان ہوا بے شک وہ ان پر مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وہ توبہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ﴾. (البقرة: ۲۲۲)

ترجمہ: اور آپ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں فرما دیجئے وہ گندگی ہے تم عورتوں سے حیض کے وقت الگ رہو اور ان کے نزدیک نہ جاؤ جب تک کہ وہ پاک نہ ہو جائیں پس جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو ان کے پاس جاؤ جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا اللہ کو توبہ کرنے والے پسند ہیں اور پاک صاف رہنے والے پسند ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مومنین کو بچی توبہ کرنے کا حکم فرمایا ہے تاکہ وہ اس سے ان کے گناہ معاف فرمائے اور ان کو اپنی جنت میں داخل کرے چنانچہ فرمایا:

﴿يٰۤاَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا تُوبُوۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ ءَامَنُوا مَعَهٗ نُورُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَاۤ اَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَاۤ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾. (التحريم: ۸)

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ کے سامنے صاف دل کی توبہ کرو امید ہے تمہارا رب تم سے تمہارے گناہ معاف کر دے اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جس دن اللہ نبی کو اور آپ کے ساتھ ایمان لانے والوں کو ذلیل نہیں کرے گا ان کی روشنی ان کے آگے دوڑتی ہوگی وہ دعا کریں

گے اے ہمارے رب آپ ہماری روشنی ہمارے لئے پوری کردیں اور ہمیں معاف کردیں بے شک آپؐ سب کچھ کرسکتے ہیں۔

## النور ﷺ

اللہ نے اپنے نبی کا نام نور بھی رکھا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

﴿قَدْ جَآءَكُم مِّنَ اللّٰهِ نُورٌ وَكِتٰبٌ مُّبِينٌ ۝ يَهْدِي بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّورِ بِاِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ﴾.(المائدة: ۱۵-۱۶)

ترجمہ: تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور واضح کتاب (قرآن) آئی ہے اس سے اللہ اس کو جو اس کی رضا کا طالب ہو سلامتی کی راہ بتاتے ہیں اور ان کو اپنی توفیق سے اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالتے ہیں اور ان کو سیدھی راہ کی راہنمائی کرتے ہیں۔

اس لئے کہ اللہ نے آپ کے ذریعہ سے حق کو روشن فرمایا، آپ کی وجہ سے اسلام کو قوت دی اور شرک کو مٹایا اور مومنین نے آپ ہی کے واسطہ سے اللہ کے دین کی حقیقت کو معلوم کیا۔

حضور ﷺ کا نور ہونا اس اعتبار سے ہے کہ اپنے بیان سے قرآن کی تفسیر پر مکمل روشنی ڈالتے تھے اور قرآن کے اخلاق و عادات اپناتے تھے حتیٰ کہ حضرت سیدہ عائشہ الصدیقہؓ نے فرمایا تھا کان خلقہ القرآن آپ کے اخلاق قرآن کے بالکل موافق تھے۔

مزید یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو نور نبوت اور رسالت اور دعوت و ہدایت کے ساتھ مخصوص کیا تھا اور آپ کے چہرہ اور جسم میں نور بھی رکھا تھا جس سے آپ سب سے حسین اور منور چہرہ والے ہو گئے تھے اور آپ کے اگلے دانتوں سے روشنی نکلتی تھی اور آپ کی دعا میں یہ بھی ہے۔

"اللهم اجعل فی قلبی نورًا، وفی سمعی نورًا ، وفی بصری نورًا ، ومن امامی نورًا ، ومن خلفی نورًا. "

ترجمہ: اے اللہ میرے دل میں نور پیدا فرما اور میرے کانوں میں میری نگاہ میں اور میرے آگے اور میرے پیچھے نور پیدا فرما۔

## السراج المنیر ﷺ

اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنے نبی کا نام سراج منیر بھی رکھا ہے۔

چنانچہ سورۃ احزاب میں ہے۔

﴿یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرۡسَلۡنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا ۝ وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذۡنِہٖ وَسِرَاجًا مُّنِیۡرًا﴾.

(الاحزاب : ۴۵-۴۶)

ترجمہ: اے نبیؐ ہم نے آپ کو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور روشن چراغ بنایا ہے۔

آپ فی نفسہ سراج کامل تھے اسی وجہ سے آپ نے نبوت کے بیان کو اور اپنے دین کے معاملات کو خوب واضح کیا مومنین اور عارفین کے قلوب کو اپنے دین کے ساتھ منور کیا۔

حضرت بوصیری رحمہ اللہ کا شعر ہے۔

انت مصباح کل فضل

فما تصدر الا عن ضوئک الاضواء

(ترجمہ) آپ ہر فضیلت کا منبع ہیں جتنی بھی روشنیاں پھوٹتی ہیں۔ آپ کی روشنی سے پھوٹتی ہیں۔

چنانچہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے زندگی کے تمام جوانب سے ہر جانب کے راستے کو منور کیا اور اپنے رب کی توفیق سے عقائد ،عبادات، معاملات، توجیہات کو واضح کیا اور رسالت کو آگے پہنچایا اور امانت نبوت کو ادا کیا اور صراط مستقیم کے راستے کی راہنمائی فرمائی۔

## المصطفی ﷺ

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے رسولوں کو اور انبیاء کو خود برگزیدہ فرمایا تھا چنانچہ آپ بھی انہی انبیاء اور رسولوں میں سے تھے بلکہ سب کے خاتم اور سردار تھے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

﴿اللّٰہُ یَصۡطَفِی مِنَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌۢ بَصِیۡرٌ﴾.(الحج : ۷۵)

ترجمہ: اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں پیغام پہنچانے والوں کو چھانٹ لیتا ہے بے شک اللہ سنتا ہے دیکھتا ہے۔

﴿... اللّٰہُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَہۡدِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یُّنِیۡبُ﴾.(الشوری : ۱۳)

ترجمہ: اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی طرف سے چن لیتا ہے اور اپنی طرف ہدایت دیتا ہے جو رجوع کرے۔

(حدیث)

"بعثت من خیر قرون آدم قرنا فقرنا حتی بُعثت من القرن الذی کنت فیہ."

ترجمہ: میں آدم سے زمانہ در زمانہ بہترین زمانوں میں منتقل ہوتا رہا حتی کہ اس زمانہ میں جس میں ہوں مبعوث کر دیا گیا۔

آنحضرت ﷺ نے اپنے اسماء گرامی سے اس نام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"ان اللہ اصطفی کنانۃ من ولد اسماعیل ، واصطفی قریشا

من كنانة ، واصطفى من قريش بنى هاشم ، واصطفانى من بنى هاشم ". (شرح النووى على صحيح مسلم).

ترجمہ: اللہ تعالی نے حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے بنو کنانہ کو منتخب کیا اور بنو کنانہ سے قریش کو منتخب کیا۔ اور قریش سے بنو ہاشم کو منتخب کیا۔ اور ہاشم کی اولاد سے مجھے منتخب کیا اور برگزیدہ بنایا۔

(حدیث) جناب نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ان الله خلق الخلق فجعلنى فى خير خلقه وجعلهم فرقتين فجعلنى فى خير فرقة ، وخلق القبائل فجعلنى فى خير قبلة ، وجعلهم بيوتا فجعلنى فى خيرهم بيتا ، فانا خيركم بيتا وخيركم نفسا ". (رواه الترمذى فى كتاب المناقب)

ترجمہ: اللہ تعالی نے مخلوق کو پیدا کیا تو مجھے بہترین مخلوق میں رکھا پھر ان کو دو فرقوں میں تقسیم کیا تو مجھے بہترین فرقے میں رکھا اور قبیلوں کو پیدا کیا تو مجھے بہترین قبیلے میں رکھا اور ان کے گھر بنائے تو مجھے اس گھر میں رکھا جو گھروں کے اعتبار سے ان میں سب سے بہتر تھا۔ تو میں گھر کے اعتبار سے بھی تم سے بہتر ہوں اور ذات کے اعتبار سے بھی تم سے بہتر ہوں۔

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے جناب باری تعالی سے نقل کرتے ہوئے فرمایا۔

"لم يزل ينقلنى من الاصلاب الطاهرة الى الارحام النقية مهذباً لا تتشعب شعبتان الا كنت فى خيرهما ".

ترجمہ: اللہ تعالی مجھے پاک صاف مہذب ارحام کی طرف منتقل کرتے رہے۔ پھر جب بھی دو شاخیں ہوتی تھیں تو مجھے قبیلے کی بہترین شاخ میں منتقل کردیتے تھے۔

## المدثر- المزمل ﷺ

حضور ﷺ کے ناموں میں سے ایک نام مدثر بھی ہے اور مزمل بھی ہے۔

چنانچہ اللہ کا ارشاد ہے

﴿یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرْ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ ۝ وَثِیَابَکَ فَطَھِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاھْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَکْثِرُ ۝ وَلِرَبِّکَ فَاصْبِرْ﴾۔(المدثر: ۱-۷)

ترجمہ: اے لحاف میں لپٹنے والے اٹھو پھر ڈراؤ اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور گندگی سے دور رہو اور زیادہ لینے کی خاطر کسی پر احسان نہ کرو۔ اور اپنے رب کے لئے صبر کرو۔

﴿یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ۝ اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ۝ وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا ۝﴾۔(المزمل: ۱-۹)

ترجمہ: اے کپڑے میں لپٹنے والے کھڑے رہئے رات کو مگر کسی رات، آدھی رات یا اس میں سے تھوڑا سا کم کر دیجئے، یا آدھی رات سے کچھ بڑھا دیجئے اور قرآن کو آہستہ آہستہ صاف پڑھئے ہم آپ پر ایک وزن دار بات ڈالنے والے ہیں، بے شک رات کا اٹھنا نفس کو سخت روندتا ہے اور بات بھی سیدھی نکلتی ہے، آپ کو دن میں طویل کام رہتا ہے، اور اپنے رب کا نام یاد

کرتے رہئے اور سب سے کٹ کر اس کی طرف متوجہ رہئے ،وہ مشرق اور مغرب کا رب ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں آپ اسی کو کارساز بنا لیں۔

مدثر اور مزمل کا معنی ایک ہے یعنی کپڑوں میں لپٹنے والے مدثر کی اصل متدثر ہے جیسا کہ مزمل کی اصل متزمل ہے۔ "ت" کو "د" سے بدل دیا گیا پہلے نام میں اور دوسرے میں ت کو زال سے بدل دیا گیا۔ پھر پہلے نام میں "د" کو "د" میں ادغام کر دیا گیا۔ اور دوسرے نام میں "ز" کو "ز" میں ادغام کر دیا گیا۔

آپ کے یہ نام اس لئے واقع ہوئے کہ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کے پاس شروع شروع میں وحی لے کر آئے تو آپ میں گھبراہٹ اور خوف پیدا ہوا۔ تو آپ نے لحاف اوڑھ لیا اور خوف کے مارے اس میں بھی پسینہ پسینہ ہو رہے تھے۔ چنانچہ اللہ نے آپ کو اسی حالت میں مخاطب فرمایا: یا ایھا المدثر. یا ایھا المزمل جب یہ دونوں سورتیں نازل ہوئیں تو حضور ﷺ نے کمبل اوڑھا ہوا تھا۔

تو حضور ﷺ نے جو کپڑا اوڑھا ہوا تھا اتار دیا اور بستر چھوڑ دیا اور لوگوں کو دین کی دعوت دینے کے لئے نکل کھڑے ہوئے اور خوشخبری دینے لگے اور ڈرانے لگے اور دنیا میں ایمان کے قواعد کی اشاعت کرنے لگے۔ کیونکہ اللہ نے آپ کو اپنے دین میں سے سب سے بہترین مقام کے لئے چن لیا تھا اس لئے کہ آپ اللہ کے سب سے بڑے محبوب اور خاتم الانبیاء تھے اور یہ وجود کے اعتبار سے سب سے بڑا فخر ہے۔

## الطاهر - المطہر - المطہر ﷺ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر پاک رہنے والے کو دوست رکھتا ہے۔ اور حضور ﷺ تو پاکوں کے بھی سردار تھے۔ اس لئے اللہ کے محبوب ہوئے۔ چنانچہ اللہ کا ارشاد ہے۔

﴿اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیۡنَ وَیُحِبُّ الۡمُتَطَہِّرِیۡنَ﴾.

(البقرة: ۲۲۲)

ترجمہ: بے شک اللہ کو توبہ کرنے والے پسند ہیں اور پاک صاف رہنے والے پسند ہیں۔

اسی طرح سے اللہ تعالیٰ نے طہارت حاصل کرنے کی ترغیب دی اور طہارت کرنے والوں کی بہت سے مقامات پر تعریف کی۔ چنانچہ قرآن شریف کے وہ مقامات پیش کئے جاتے ہیں۔

﴿مَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیَجۡعَلَ عَلَیۡکُم مِّنۡ حَرَجٍ وَّلٰکِنۡ یُّرِیۡدُ لِیُطَہِّرَکُمۡ وَلِیُتِمَّ نِعۡمَتَہٗ عَلَیۡکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ﴾.

(المائدة: ٦)

ترجمہ: اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر مشکل ڈالے اور لیکن چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور تاکہ تم پر اپنی نعمت کو عام کرے تاکہ تم (اس کا) احسان مانو۔

﴿خُذۡ مِنۡ اَمۡوٰلِہِمۡ صَدَقَۃً تُطَہِّرُہُمۡ وَتُزَکِّیۡہِمۡ بِہَا ......﴾.

(التوبة: ۱۰۳)

ترجمہ: ان کے مال سے زکوٰۃ لے کر اس کے ان کے ظاہر کو پاک اور ان کے باطن کو صاف کردے۔

﴿لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ﴾.

(التوبة: ١٠٨)

ترجمہ: ہاں وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے وہ اس لائق ہے کہ آپؐ اس میں کھڑے ہوں اس میں ایسے آدمی ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

﴿وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ﴾.

(الحج: ٢٦)

ترجمہ: اور میرا گھر طواف کرنے والوں کے لئے اور قیام اور رکوع اور سجود کرنے والوں کے لئے پاک رکھنا۔

﴿اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾. (الاحزاب: ٣٣)

ترجمہ: اللہ چاہتا ہے کہ تم سے اے نبیؐ کے گھر والو گندی باتوں کو دور رکھے اور تمہیں خوب پاک کرے۔

﴿وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ﴾. (المدثر: ۴)

ترجمہ: اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔

آپ ﷺ ہمیشہ یہ دعا کیا کرتے تھے۔

"اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ"

ترجمہ: اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں میں سے اور پاک صاف رہنے والوں میں سے کر دے۔

اور یہ بھی حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

"الطهور شطر الايمان"

صفائی ایمان کا حصہ ہے۔

طاہر مشتق ہے طہارت سے جس کا معنی پاکی، صفائی، ستھرائی، نظافت اور گناہوں سے اور عیوب سے پاک ہونا ہے۔

آنحضرت ﷺ بھی اپنے نفس اور حس کے اعتبار سے پاک تھے بلکہ آپ کی ہر چیز پاک تھی۔ علماء کرام نے آپ کے تمام فضلات کے پاک ہونے کی وضاحت فرمائی ہے۔ اور اس کا ثبوت حضرت مالک بن سنان اور حضرت عبداللہ بن زبیر کے اس عمل سے ملتا ہے کہ جب انہوں نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا پچھنے لگانے سے نکلا ہوا خون پیا تو حضور علیہ السلام نے ان پر کوئی رد اور اعتراض نہ کیا۔ تو آپ کا اعتراض اور رد نہ کرنا دلیل ہے اس بات کی کہ آپ کا خون پاک تھا۔ اور حضرت ام ایمن اور حضرت ام یوسف نے حضور ﷺ کا پیشاب پی لیا تھا اس پر بھی حضور ﷺ نے نکیر نہ فرمائی تو یہ اس کے بھی پاک ہونے کی دلیل ہوئی۔

طہارت معنویہ حضور علیہ السلام کو اس طرح سے حاصل تھی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر برے خلق سے محفوظ کیا تھا اور پاک رکھا تھا اور ہر اچھے خلق سے آپ کو سنوارا تھا اور آپ کی تعریف کی تھی۔ اور آپ کے اعتقادات، اقوال، افعال، تمام احوال کو ان تمام چیزوں سے پاک کیا تھا جو اللہ کو محبوب نہیں تھیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پاک باز لوگوں کا امام بنایا۔ اسی لئے نبی پاک ﷺ کا نام مطہر ہاء کے شد زبر کے ساتھ رکھا گیا جو طاہر کے معنی میں ہے یعنی آپ پاک تھے۔ اگرچہ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ خود ذات باری تعالیٰ نے ہی حضور علیہ السلام کو پاک کیا تھا اور عیبوں سے صاف رکھا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا تھا کہ وہ اپنے فرمانبرداروں کو طہارت کی دعوت دیں اور ان کو تعلیم دیں کہ کس طرح سے اپنے حواس کی اور اپنے اجسام

کی صفائی کرنا چاہئے اسی لئے اس اعتبار سے آپ کا نام مطہر بھی ہے یعنی مومنین کو کفر اور شرک اور گناہوں کی نجاستوں سے اور جسم کی نجاستوں سے پاکی کا طریقہ بتانے والے ہیں۔

## ﴿ المتوکل ﷺ ﴾

حضور ﷺ کے ناموں میں سے ایک نام متوکل بھی ہے کیونکہ اللہ تعالی نے اپنے نبی کو توکل کا حکم فرمایا تھا۔ چنانچہ ارشاد فرمایا۔

﴿فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ﴾.
(آل عمران: ۱۵۹)

ترجمہ: پھر جب آپ عزم کر لیں تو اللہ پر بھروسہ کیجئے اللہ بھروسہ والوں کو چاہتا ہے۔

﴿فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾. (التوبة: ۱۲۹)

ترجمہ: اگر وہ پھر بھی منہ موڑ لیں تو کہہ دیجئے کہ مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں۔ میں نے اس پر بھروسہ کیا اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

﴿وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ﴾. (الشعراء: ۲۱۷)

ترجمہ: اور غالب مہربان پر بھروسہ کیجئے۔

﴿وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا﴾. (الاحزاب: ۳)

ترجمہ: اور اللہ پر بھروسہ رکھئے اللہ کارساز کافی ہے۔

حضور ﷺ نے اللہ پر توکل کے بارے میں اور اللہ پر اعتماد بھروسہ اور اطمینان اور اس پر رضا کے متعلق بڑی اعلی مثال قائم فرمائی جیسا کہ بخاری اور مسلم شریف میں مروی ہے کہ حضور علیہ السلام رب تعالی سے یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔

"اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ ، وَبِکَ آمَنْتُ ، وعلیک تو کلتُ ، وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ ، وَبِکَ خَاصَمْتُ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِعِزَّتِکَ – لا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ – اَنْ تُضِلَّنِیْ ، اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ ، وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ یَمُوْتُوْنَ".

ترجمہ: اے اللہ میں آپ کا فرمانبردار ہوتا ہوں میں آپ پر ایمان رکھتا ہوں اور آپ پر توکل کرتا ہوں اور آپ کی طرف رجوع کرتا ہوں اور آپ کی وجہ سے لوگوں سے مخالفت کرتا ہوں اے اللہ میں آپ کے غلبے کی پناہ چاہتا ہوں تیرے سوا کوئی بچانے والا نہیں اس سے کہ تو مجھے گمراہ کردے۔ تو ایسا زندہ ہے جو کبھی نہیں مرے گا اور جن اور انسان مرجائیں گے۔

جناب نبی کریم کی صفت توکل حدیث صحیح میں بخاری شریف میں روایت کی گئی ہے حضرت عطاء فرماتے ہیں۔

"قلت لعبد الله بن عمر : اخبرنی عن صفة رسول الله (صلی اللہ علیہ وسلم) فی التوراة ، قال : اجل ، والله انه لموصوف فی التوراة ببعض صفته فی القرآن : یا ایها النبی انا ارسلناک شاهدًا ومبشرًا ونذیرا ، وحرزا للامیین ، انت عبدی ورسولی ، سمیتک المتوکل ، لیس بفظ ولا غلیظ ولا صخّاب فی الأسواق ، ولا یدفع بالسیئة السیئة ، ولکن یعفو ویغفر ، ولن یقبضه الله حتی یُقَوِّمَ به الملة العوجاء " ملة ابراهیم التی انحرف بها الناس الی الشرک " بان یقولوا : لا اله الا الله،ویفتح بها اعینا عمیا ، وآذانا صمًا ، وقلوبا غلفا ".

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے کہا مجھے حضور علیہ السلام کی وہ صفت بیان کریں جو تورات میں آئی ہے آپ نے فرمایا ہاں خدا کی قسم آپ

تورات میں بعض ایسی صفات سے موصوف بیان کئے گئے ہیں جیسا کہ قرآن کریم میں وہ صفات آئی ہیں۔

اے نبی ہم نے آپ کو شاہد، اور مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اور ان پڑھ لوگوں کے لئے حفاظت کا سبب بنایا ہے آپ میرے بندے اور میرے رسول ہیں میں نے آپ کا نام متوکل رکھا ہے نہ تو بد کلام ہیں اور نہ سخت گو ہیں اور نہ بازاروں میں شور و شغب کرنے والے ہیں نہ ہی آپ برائی کا جواب برائی سے دیتے ہیں بلکہ درگذر کرتے ہیں اور معاف کر دیتے ہیں اور اللہ تعالی آپ کو دنیا سے اس وقت تک نہیں اٹھائیں گے جب تک کہ ٹیڑھی ملت کو درست نہ کر دیں، ابراہیم علیہ السلام کی ملت کو جس سے لوگ شرک کی طرف پھر گئے ہیں یہاں تک کہ وہ کہنے لگیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اسی ملت کے ساتھ اللہ تعالی اندھی آنکھوں کو کھولے گا اور بہرے کانوں کو کھولے گا اور غلاف والے دلوں کا پردہ دور کرے گا۔

## الامین ﷺ

قرآن کریم نے حضور ﷺ کی صفت امانت کا ان آیات میں ذکر فرمایا ہے۔

﴿اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۝مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ﴾. (التکویر ۱۹-۲۱)

ترجمہ: یہ قرآن معزز پیغام رساں کا لایا ہوا ہے جو قوت والا ہے عرش کے مالک کے ہاں مرتبہ والا ہے سب کا مانا ہوا وہاں کا معتبر ہے۔

اکثر مفسرین نے یہاں رسول کریم سے مراد حضور ﷺ لئے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کا نام امین اس لئے رکھا گیا ہے کہ آپ کی قوم آپ کو امانت دار کے نام سے پہچانتی تھی اور اس لئے بھی کہ کہ آپ اللہ کے کلام اور دین اور وحی کے امانت دار تھے اور امانت تبلیغ میں آپ کی شان سب سے آگے تھی اسی لئے حضور علیہ السلام نے فرمایا۔

"انا امنُ مَنُ فی السماء".

ترجمہ: میں آسمان میں بھی سب سے زیادہ امین مانا گیا ہوں۔

جیسا کہ نبی کریم ﷺ کو امنہ کا نام دیا گیا ہے یعنی آپ امن اور اطمینان کا سبب ہیں۔ حضور علیہ السلام نے اپنے بارے میں فرمایا:

"انا امنة لاصحابی ، واصحابی امنة لامتی".

ترجمہ: میں اپنے صحابہ کو امن اور امان دینے والا ہوں اور میرے صحابہ میری امت کو امن اور امان دینے والے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے امانت اور امانت داروں کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا:

﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ﴾.

(المومنون :۸)

ترجمہ: اور جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا خیال رکھتے ہیں۔

﴿اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا﴾.

(النساء :۵۸)

ترجمہ: اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں تک پہنچادو۔

﴿فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُکُم بَعْضًا فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمٰنَتَہٗ﴾.

(البقرۃ: ۲۸۳)

ترجمہ: اور اگر ایک دوسرے کا اعتبار کرنا ہو تو اعتبار کئے گئے شخص کو چاہئے کہ وہ اعتبار کرنے والے کی امانت کو پورا پورا ادا کردے۔

رسول امین ﷺ سے بھی امانت اور امانت کی اہمیت کے متعلق احادیث مروی ہیں چنانچہ آپ کا ارشاد ہے۔

"اد الامانة الی من ائتمنک ولا تخن من خانک".

ترجمہ: جو تجھے امانت دے اس کو امانت ادا کر اور جو تیری خیانت کرے اس کی خیانت نہ کر۔

(حدیث نمبر۲) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لا ایمان لمن لا امانة له".

ترجمہ: جو امانت دار نہیں اس کا ایمان کامل نہیں۔

(حدیث نمبر۳)

"اربع اذا کن فیک فلا علیک ما فاتک من الدنیا: حفظ امانة وصدق حدیث وحسن خلیقة، وعفة فی طُعمة "

ترجمہ: چار چیزیں ایسی ہیں جب وہ تیرے اندر موجود ہوں تو دنیا کی چیزیں جو تجھے نہ مل سکیں تو ان میں تیرا کوئی نقصان نہیں ایک تو امانت کی

حفاظت کرنا دوسرا سچی بات کہنا تیرا حسن خلق سے پیش آنا چوتھا پاک صاف رزق کھانا۔

## الصادق ﷺ

حضور علیہ السلام کے اسماء میں سے الصادق ،المصدّق ، الصدق ، المصدِّق ، قدم الصدق آتے ہیں۔

حضور علیہ السلام کی ذات میں سچ کا ہونا واجب اور لازم ہے کیونکہ جھوٹ سے آپ کا محفوظ ہونا بھی لازم ہے اور آپ کا جھوٹا ہونا محال ہے کیونکہ اگر آپ جھوٹ بولتے تو یہ جائز ہوتا کہ اللہ تعالی پر جھوٹ بولنا بھی درست ہوتا اور تبلیغ رسالت درست نہ ہوتی جب کہ قرآن کریم نے حضور علیہ السلام کے لئے سچے ہونے کی گواہی دی جیسا کہ فرمایا:

﴿وَلَمَّا رَءَا الْمُؤْمِنُونَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمٰنًا وَّتَسْلِيْمًا﴾. (الاحزاب : ۲۲)

ترجمہ: اور جب ایمانداروں نے ان لشکروں کو دیکھا تو کہنے لگے یہی ہے وہ جس کی اللہ اور اس کے رسول نے ہمیں خبر دی تھی اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا اور ان کا ایمان اور اطاعت کرنا اور بڑھ گیا۔

﴿وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ﴾. (الزمر : ۳۳)

ترجمہ: اور جو سچی بات لے کر آیا (یعنی حضورؐ) اور جس نے اس کی تصدیق کی یہی لوگ پرہیزگار ہیں۔

اور اس لئے بھی کہ حضور علیہ السلام نے اپنے رب کے کلام کی تصدیق فرمائی۔ اور اس پر ایمان لائے اسی لئے آپ کا نام مصدِّق بھی ہے۔

اور چونکہ آپ نے قول وفعل سے اللہ کی کثرت سے تصدیق فرمائی اور آپ کے پیروکاروں نے بھی اللہ کے احکامات کی کثرت سے تصدیق فرمائی اس لئے حضور کا نام مصدّق ہے۔

جناب رسول اللہ ﷺ کا ایک نام صدق بھی ہے، یعنی آپ سراپا سچائی تھے کیونکہ آپ لوگوں میں سب سے زیادہ سچے تھے، آپؐ نے کبھی بھی جھوٹ نہیں بولا تھا گویا کہ آپ کی ذات مجسمہ صدق اور عین صدق تھی۔

اور نبی کریم ﷺ تمام صادقین کے سردار تھے اور ان کے امام تھے اس لئے آپ کا نام قدم صدق بھی ہے اور حضور علیہ السلام کی اس صفت پر آپ کے دوستوں اور دشمنوں نے سب نے آپ کی تصدیق کی کہ آپ نے سچ بولا کبھی جھوٹ نہیں بولا اور اللہ نے بھی نبی کریم ﷺ کے سچ بولنے کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:

﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ﴾. (الفتح :۲۷)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا۔

جناب نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہ الکبریٰؓ نے آپ سے مخاطب ہوکر فرمایا۔ "انک لتصدق الحدیث". آپ سچی بات کرتے ہیں۔

اور حضرت علی بن ابی طالبؓ نے فرمایا کان رسول اللہ ﷺ اصدق الناس لھجۃ.

(ترجمہ) حضور علیہ السلام لوگوں میں سب سے زیادہ سچ بولنے والے تھے۔

قریش حضور علیہ السلام سے مقابلے کے وقت بھی یہی کہہ رہے تھے۔ "ما جربنا علیک کذبا"

(ترجمہ) ہم نے آپ پر کبھی بھی جھوٹ کا تجربہ نہیں کیا یعنی ہم نے کبھی آپ سے جھوٹ نہیں سنا۔

اور ابوجہل جو حضور علیہ السلام پر ایمان نہیں رکھتا تھا اس نے بھی حضور علیہ السلام کے متعلق کہا۔ ''واللہ ان محمدا لصادق ما کذب قط انا لا نکذبک وما انت فینا بمکذب ولکنا لا نتبع ما جنت بہ''

(ترجمہ) خدا کی قسم محمد سچا ہے اس نے کبھی جھوٹ نہیں بولا ہم آپ کو نہیں جھٹلاتے اور نہ ہی آپ ہم میں جھوٹ بولنے والے ہو کر رہے ہیں لیکن ہم جو کچھ آپ لائے ہیں اس کی اتباع نہیں کریں گے۔

حضور علیہ السلام نے اپنی بہت سی احادیث شریفہ میں سچ کہنے کی دعوت دی ہے اور سچ کہنے کی ترغیب دی ہے چنانچہ آپ نے فرمایا:

''علیکم بالصدق فان الصدق یھدی الی البر ، وان البر یھدی الی الجنۃ''

ترجمہ: اپنے لئے سچ کہنے کو لازم کرلو کیونکہ سچ نیکی کی راہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کی راہ دکھاتی ہے۔

(حدیث) اور حضور علیہ السلام نے فرمایا:

''تحروا الصدق ، وان رایتم فیہ الھلکۃ ، فان فیہ النجاۃ ، واجتنبوا الکذب ، وان رایتم فیہ النجاۃ ، فان فیہ الھلکۃ''۔

ترجمہ: سچ بولنے کی کوشش کرو اگرچہ تم اس میں ہلاکت دیکھو کیونکہ اسی میں نجات ہے اور جھوٹ بولنے سے بچو اگرچہ تم اس میں نجات دیکھو کیونکہ اس میں ہلاکت ہے۔

(حدیث) حضور علیہ السلام نے فرمایا:

''لا تزال امتی صالحا امرھا مالم تر الامانۃ مغنما ، والصدق

مغرما"

ترجمہ: میری امت کا معاملہ درست ہوگا جب تک کہ وہ امانت کو غنیمت نہ سمجھنے لگے اور سچ کو ہلاکت۔

(حدیث) جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"کبرت خیانة ان تُحدث اخاک حدیثا ھو لک به مصدق وانت به کاذب".

ترجمہ: بڑی خیانت یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کو کوئی بات کہے وہ تجھے سچا سمجھ رہا ہو اور تو اس سے جھوٹ بول رہا ہو۔

## طٰہ ﷺ

قرآن کریم میں یہ نام سورۃ طٰہٰ کے شروع میں آیا ہے۔

﴿طه ۝ مَآ اَنـزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْءَ انَ لِتَشْقٰٓى ۝ اِلَّا تَـذْكِرَةً لِّمَن يَخْشٰى ۝ تَنزِيلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلَى ۝ الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَاِن تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝﴾. (طه ۱-۸)

ترجمہ: طٰہٰ۔ ہم نے قرآن کو آپؐ پر اس لئے نہیں اتارا کہ آپؐ مشقت میں پڑیں، مگر ایسے شخص کی نصیحت کے لئے جو ڈرتا ہو، یہ اس کی طرف سے اتارا گیا ہے جس نے زمین اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے، وہ بڑا مہربان ہے عرش پر قائم ہے، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جو کچھ گیلی زمین کے نیچے ہے، اور اگر تم پکار کر بات کرو تو وہ چھپی ہوئی بات کو اور اس سے زیادہ چھپی ہوئی کو بھی جانتا ہے۔ اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے اچھے اچھے نام ہیں۔

کہا گیا ہے کہ "طـه" کا معنی مرد یا انسان یا پاک یا ہادی یا سردار کا آتا ہے اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ "ط" اشارہ ہے کہ حضور پاک ﷺ ہر عیب سے پاک ہیں اور "ہ" اشارہ ہے کہ آپ خیر کی طرف ہدایت کرنے والے ہیں۔

اور اگر طہ کا معنی مرد ہو تو حضور ﷺ ایسی خیر ہوئے جس میں فاضل مردانگی کی پوری مثال پائی جاتی ہے۔

اور اگر طہ کا معنی طاہر ہے تو حضور ﷺ طاہرین کے نبی ہیں اور متطہرین کے

امام ہیں اور خود حسی اور نفسی اور خلقی اور خُلقی طور پر پاک صاف ہیں اور اگر طہ کا معنی ہادی ہے تو حضور علیہ السلام سب سے زیادہ راہ حق اور خیر کی طرف ہدایت پر ہیں۔ اور اسباب سعادت اور اسباب نعیم میں بھی سب سے زیادہ اونچے مقام پر ہیں۔

اور اگر طہ کا معنی سید ہو تو حضرت محمد ﷺ اولین و آخرین کے سردار ہیں جیسا کہ آپ کا خود ارشاد ہے:

**"انا سید ولد آدم ولا فخر"۔**

ترجمہ: میں اولاد آدم کا سردار ہوں۔ اور یہ فخر سے نہیں کہہ رہا۔

اور **اقرب الی القبول** اور **اقرب الی الصواب** وہ قول ہے جو امام طبریؒ نے فرمایا کلمہ طہ کا معنی **"یارجل"** ہے اے آدمی کیونکہ یہ اسی معنی میں بعض عربی قبائل میں مشہور و معروف ہے۔

## الجامع ﷺ

نبی کریم ﷺ کا نام جامع بھی ہے کیونکہ آپ میں تمام خصائل جمال اور خصائل کمال موجود تھے جو متفرق طور پر باقی انبیاء اور رسولوں کو عطا کئے گئے تھے اور اس لئے بھی آپ کا نام جامع ہے کہ آپ کی امت کو بھی یہ صفت آپ کے سبب سے عطا کی گئی ہے۔

اور حضور علیہ السلام کو جوامع الکلم ( جامع کلمات ) بھی عطا کئے گئے تھے یعنی قرآن کریم کیونکہ اللہ تعالی نے اپنی معجز کتاب میں بہت سارے معانی اور علوم کو کم اور آسان لفظوں میں جمع فرمایا ہے اور اسی طرح سے حضور علیہ السلام کی صفت یہ تھی کہ آپ بھی جامع کلمات کے ساتھ کلام فرماتے تھے جن کے معانی بہت ہوتے تھے الفاظ مختصر ہوتے تھے کیونکہ آپ کی فصاحت و بلاغت کا یہ مقام تھا کہ آپ کی فصاحت و بلاغت کے ادنی درجے کو بھی کوئی انسان نہیں پہنچ سکتا تھا۔

امت کی جماعت کے متعلق آپؐ نے ارشاد فرمایا:

( حدیث )"من خرج عن الطاعة ، وفارق الجماعة ، فمات ، مات میتة جاهلية" ( ترجمہ ) جو آدمی جماعت سے نکل گیا اور جماعت سے الگ ہو گیا اور اسی صورت میں مرا تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

( حدیث ) جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"انا آمركم بخمس الله امرنی بهن : السمع والطاعة والجهاد والهجرة والجماعة ، فانه من فارق الجماعة قيد شبر فقد خلع ربقة الاسلام من عنقه الا ان يرجع"۔

ترجمہ: میں تمہیں ان پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے میری بات سنو میری فرمانبرداری کرو جہاد کرو اللہ کی راہ میں ہجرت کرو اور جماعت کو لازم پکڑو پس جس نے جماعت سے علیحدگی کی ایک بالشت کے برابر بھی تو اس نے اپنی گردن سے اسلام کا حلقہ اتار دیا الا یہ کہ وہ واپس (جماعت میں) آجائے۔

(حدیث) جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''ان اللہ لا یجمع امتی علی ضلالۃ وید اللہ مع الجماعۃ و من شذّ شذّ فی النار''۔

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں فرمائیں گے اور اللہ کی تائید جماعت کے ساتھ ہے اور جو جماعت سے جدا ہوا وہ جہنم میں گرا۔

حضور علیہ السلام نے اپنی امت کے لئے اجتماعیت اور روح جماعت کی صفت کو لازم قرار دیا ہے کہ وہ اپنے ہر کام میں وحدت اختیار کریں چاہے عقیدہ کی وحدت ہو چاہے قبلہ کی یا کتاب اللہ کی یا رسول کی یا اپنے آخرت کے مقاصد کی۔

## الولي

جناب نبی کریم ﷺ کے اسماء میں سے ایک نام الولی بھی ہے۔

اس نام کے دو معنی ہیں۔

پہلا معنی یہ ہے کہ آپ اپنی امت کے مختلف معاملات کے متولی اور حق اور اہل حق کے مددگار ہیں۔

دوسرا معنی یہ ہے کہ آپ اللہ کے قریب ہیں اور اللہ آپ کے تمام کاموں میں آپ کا نگہبان اور متولی ہے آپ ﷺ اپنے آپ کو ایک لمحہ کے لئے بھی اپنی ذات کے سپرد نہیں کرتے۔

قرآن کریم نے پہلے معنی کی طرف سورۃ مائدہ میں اشارہ کیا ہے:

﴿اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ ءَامَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُونَ﴾ . (المائدة: ٥٥)

ترجمہ: تمہارا دوست وہی اللہ اور اس کا رسول ہے اور ایمان لانے والے لوگ ہیں جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور ان میں خشوع ہوتا ہے۔

اور دوسرے معنی کی طرف سورۃ اعراف میں اشارہ کیا ہے۔

﴿اِنَّ وَلِيِّىَ اللّٰهُ الَّذِى نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِينَ﴾ .

(الاعراف: ١٩٦)

ترجمہ: یقیناً اللہ میرا مددگار ہے جس نے کتاب اتاری ہے اور وہ نیکوں کی مدد کرتا ہے۔

اور وہ حدیث جس کو امام بخاریؒ نے روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ

ﷺ نے فرمایا۔

**"انا ولی کل مؤمن"۔**

ترجمہ: میں ہر مومن کا دوست ہوں۔

اور حضور علیہ السلام کی ہم پر دوستی اور ولایت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم آپ سے محبت کریں اور آپ کی محبت میں سچائی اختیار کریں اور آپ کی ہدایت کے مطابق چلیں اور اس میں مخلص رہیں اور عدل اور نور اور حق کے راستے پر حضور علیہ السلام کے طریقے کے مطابق عمل پیرا ہوں۔

## الفاتح ﷺ

اللہ تعالیٰ نے حدیث قدسی میں جناب نبی کریم ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

(حدیث) "وجعلتک فاتحا خاتما".

ترجمہ: میں نے آپ کو فاتح اور خاتم بنایا ہے۔

اور جناب رسول اللہ ﷺ نے جناب باری تعالیٰ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا۔

"ورفع لی ذکري وجعلني فاتحا خاتما".

ترجمہ: اور اللہ نے میرے لئے میرے ذکر کو بلند کیا اور مجھے فاتح اور خاتم بنایا۔

شارح دلائل الخیرات فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہر خیر کو کھولنے والے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ ہی کے ذریعہ سے ہدایت کے باب کو کھول دیا جب کہ اس سے پہلے وہ بند تھا۔ اور اسی طرح سے حضور علیہ السلام کے وسیلہ سے اندھی آنکھوں کو اور بہرے کانوں کو اور غلاف پڑے ہوئے دلوں کو بھی کھولا اور آپ ﷺ اسی طرح سے اپنی امت پر رحمت کے دروازوں کو بھی کھولنے والے ہیں اور معرفت حق اور اللہ پر ایمان لانے کے لئے بھی ان کی آنکھوں کے کھولنے والے ہیں اسی طرح سے آپ تمام شفاعت کرنے والوں کے لئے شفاعت کے دروازے کو بھی کھولنے والے ہیں اور جنت میں داخل ہونے والوں کے لئے جنت کے دروازے کو بھی کھولنے والے ہیں اور علم نافع اور عمل صالح کے راستوں کے بھی کھولنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعہ سے دنیا

کے شہروں کو اور دنیا و آخرت کو بھی کھولا۔

یہاں اس نام کی مناسبت سے کچھ نام اور بھی ہیں جن ناموں کا اس نام کے ساتھ تعلق ہے اور وہ یہ ہیں۔

**مفتاح**

**مفتاح الرحمة**

**مفتاح الجنة**

نمبرا: مفتاح:

بمعنی فاتح (کھولنے والا) کے ہے کیونکہ یہ مبالغے کا صیغہ ہے اور اس سے مراد کثرت سے کھولنا ہے مفتاح اصل میں کھولنے کے آلے کو کہتے ہیں اور اس سے مراد حضور علیہ السلام ہیں کہ آپ پیچیدہ کاموں کے کھولنے والے ہیں۔

نمبر۲: مفتاح الرحمۃ:

یعنی دنیا اور آخرت میں آپ ہی کے وسیلے سے مہربانی کی گئی اور آپ ہی کے حکم سے کی گئی اور آپ ہی کی اتباع میں کی گئی۔

نمبر۳: مفتاح الجنۃ:

حضور علیہ السلام سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے ہیں۔ آپ سے پہلے کسی کے لئے جنت کو نہیں کھولا جائے گا۔ اور اس کا یہ معنی بھی ہے کہ جنت میں کوئی بھی داخل نہیں ہوگا مگر وہی جو حضور پر ایمان رکھتا ہوگا۔ اس اعتبار سے آپ جنت کی چابی ہوئے کیونکہ آپ کی اتباع میں ہی جنت کا داخلہ موقوف ہے۔

## الھادی ﷺ

حضور علیہ السلام کے اسماء میں سے ایک نام الہادی بھی ہے یعنی آپ مخلوق کو حق کی طرف ہدایت دینے والے ہیں اور نورِ اسلام کی طرف ہدایت دینے والے ہیں اور دنیا کی سعادت اور آخرت کی نعمتوں کے راستے کی طرف ہدایت دینے والے ہیں قرآن کریم میں اس نام کی طرف کئی جگہ اشارہ کیا ہے ۔ چنانچہ ارشاد ہے:

﴿هُوَ الَّذِیٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾. (التوبۃ: ۳۳)

ترجمہ: اسی نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا ہے تاکہ اس کو ہر دین پر غالب کردے اور اگر چہ مشرک کتنا ہی برا مانیں۔

﴿وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ﴾. (الشوریٰ: ۵۲، ۵۳)

ترجمہ: اور اسی طرح سے ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے ایک فرشتہ بھیجا آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے اور لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں اور بے شک آپ سیدھی راہ کی راہنمائی کرتے ہیں ۔ اس اللہ کے راستے کی جس کی ملکیت میں ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سن لو

سب کام اللہ ہی طرف پہنچتے ہیں۔

جناب باری تعالی نے ہدایت تامہ کاملہ اپنے نبی کو مکمل طور پر عطا فرمائی حتی کہ آپ لوگوں کی اصلاح کے لئے اور ہدایت کے لئے اور راہنمائی کے لئے کامل اور جامع ہو گئے اور اسی لئے آپ کا نام مھدی بھی ہے اور مھتدی باللہ بھی ہے جس کی طرف قرآن کریم نے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

﴿اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ٥ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی﴾.
(الضحی ٦-٧)

ترجمہ: بھلا آپ کو یتیم نہ پایا تھا پھر ٹھکانا دیا اور آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا پھر راستہ بتایا۔

اور دوسرے مقام پر فرمایا:

﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ٥ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْکَ وَیَھْدِیَکَ صِرٰطًا مُّسْتَقِیْمًا ٥وَیَنْصُرَکَ اللّٰہُ نَصْرًا عَزِیْزًا﴾. (الفتح : ١-٣)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو کھلی فتح دی ہے تا کہ اللہ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف کردے اور آپ پر اپنا احسان پورا کردے اور آپ کو سیدھے راستہ پر چلائے اور آپ کی اللہ زبردست مدد کرے۔

جیسا کہ اللہ نے اپنے نبی کو فرمایا کہ آپ لوگوں سے کہہ دیں کہ مجھے میرے رب نے سب سے بہترین راستے کی ہدایت فرمائی ہے چنانچہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

﴿قُلْ اِنَّنِیْ ھَدٰنِیْ رَبِّیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰھِیْمَ حَنِیْفًا وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ﴾. (الانعام : ١٦١)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے مجھے میرے رب نے سیدھا راستہ بتلا دیا ہے ایک

مستحکم دین ابراہیم حنیفؑ کا دین ہے اور وہ مشرک نہ تھے۔

اور نبی کریم ﷺ نے مومنین کو بھی دوسروں کو ہدایت دینے کی ذمہ داری پر برانگیختہ کیا اور ترغیب دی ہے کہ وہ دوسروں کی راہنمائی بھی کریں اور دین کی تعلیم بھی دیں چنانچہ آپ کا ارشاد ہے:

"لان يهدي الله بك رجلا خير لك من حُمُر النعم".

ترجمہ: اللہ تیری وجہ سے کسی آدمی کو ہدایت دے دے یہ تیرے لئے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔

## صاحب الکوثر

کوثر کا لفظ کثرت سے ماخوذ ہے۔جس کا معنی خیر کثیر ہے۔جیسا کہ عربی میں کہتے ہیں۔تکوثر الشيء اي كثر كثرة متناهية. کہ چیز بہت ہوگئی ہے۔

قرآن کریم نے بھی نبی ﷺ پر اللہ کے **انعام کوثر** کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

﴿اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانۡحَرۡ ۝اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ﴾. (۱-۳)

ترجمہ: ہم نے آپ کو کوثر عطا کی ہے پس آپ اپنے رب کے آگے نماز پڑھیں اور قربانی کریں بے شک جو آپ کا دشمن ہے وہی بے نام ونشان ہے۔

بخاری شریف میں مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

"لما عُرج بی الی السماء اتیت علی نهر حافتاه قباب اللؤلؤ مجوفا فقلت ما هذا یا جبریل؟ قال هذا الکوثر".

ترجمہ: جب مجھے آسمان کی طرف لے جایا گیا تو میں ایک نہر پر پہنچا جس کے دونوں لبوں پر موتیوں کے خول دار قبے تھے میں نے پوچھا اے جبرائیل! یہ کیا ہے انہوں نے فرمایا یہ کوثر ہے۔

جیسا کہ ترمذی شریف میں سند صحیح سے مروی ہے

"ان هذا النهر تربته اطیب من المسک وماؤه احلی من العسل وابیض من الثلج".

ترجمہ: یہ ایک نہر ہے جس کی مٹی مشک سے بھی زیادہ ستھری ہے اور اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا ہے اور برف سے زیادہ سفید ہے۔

(فائدہ) اس برف سے مراد وہ برف ہے جو برف باری میں گرتی ہے اس کے رنگ سے بھی زیادہ اس نہر کے پانی کا رنگ سفید ہوگا۔
مسلم شریف میں ہے

''ان رسول الله (ﷺ) اغفى اغفاءة ثم رفع راسه مبتسما فقالوا له: لِمَ ضحكت يا رسول الله ؟ فقال ''انه نزلت عليّ آنفا سورة'' وقرأ سورة الكوثر ثم قال ''هل تدرون ماالكوثر؟'' فقالوا: الله ورسوله اعلم قال '' نهر اعطانيه ربي عزوجل في الجنة ، عليه خير كثير ترد عليه امتي يوم القيامة ، آنيته عدد نجوم السماء''.

ترجمہ: حضور علیہ السلام کو کچھ اونگھ آئی اس کے بعد سر اٹھایا تو آپ مسکرا رہے تھے تو لوگوں نے عرض کیا آپ یارسول اللہ کیوں ہنسے ہیں۔ فرمایا مجھ پر ابھی ایک سورت نازل ہوئی پھر آپ نے سورۃ کوثر پڑھی پھر فرمایا تم جانتے ہو کوثر کیا ہے تو انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے فرمایا ایک نہر ہے جو مجھے رب عزوجل نے جنت میں عطا فرمائی ہے اس میں بہت خیر ہے میری امت قیامت کے دن اس پر پانی پینے جائے گی اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں۔

# حصہ چہارم

# اسمِ محمدؐ کی فضیلت اور برکات

## تین بچے ہوں تو ایک کا نام ''محمد'' رکھا جائے

(حدیث) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ وُلِدَ لَهُ ثَلَاثَةُ اَوْلَادٍ فَلَمْ يُسَمِّ اَحَدَهُمْ مُحَمَّدًا فَقَدْ جَهِلَ۔

(طبرانی کبیر، کامل ابن عدی) عن ابن عباس۔ (ضعیف)۔(۶۲۲)

(ترجمہ) جس شخص کے تین بچے پیدا ہو جائیں، اگر اس نے ان میں سے کسی ایک کا نام بھی محمد نہ رکھا تو اس نے جہالت کا کام کیا۔

(لطائف ومعارف)۔

یعنی وہ اپنی جہالت کی وجہ اس عظیم برکت سے محروم رہا جو اس نام رکھنے سے اس کو حاصل ہوتی۔

(حدیث) محدث ابن عساکر نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ وُلِدَ لَهُ مَوْلُوْدٌ فَسَمَّاهُ مُحَمَّدًا تَبَرُّكًا بِهِ كَانَ هُوَ وَمَوْلُوْدُهُ فِي الْجَنَّةِ. (ابن عساکر)

---

۶۲۲۔ (الجامع الصغير: ۹۰۸۴) ___ رواه الطبراني في الكبير (۱۱: ۱۷) ومجمع الزوائد (۳: ۵، ۸: ۴۹) وابن عدي في الكامل وقال الهيثمي (۳: ۵، ۸: ۴۹) فيه مصعب بن سعيد وهو ضعيف وأورده في الميزان في ترجمة ليث بن أبي سليم وقال قال أحمد مضطرب الحديث لكن حدثو امنه وأورده ابن الجوزي في الموضوعات وتعقبه السيوطي بأنه لم يبلغ أمره أن يحكم عليه بالوضع.

علامہ سیوطیؒ مختصر الموضوعات میں لکھتے ہیں: اس عنوان سے جتنی بھی حدیثیں مروی ہیں یہ حدیث سب سے زیادہ مضبوط ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

اس حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ جس شخص کے کوئی بچہ پیدا ہوا اور اس نے اس کا نام "محمد" رکھا تا کہ (حضور ﷺ کے) نام سے برکت حاصل ہو تو وہ باپ اور اس کا بچہ جنت میں جائیں گے۔

## محمد نام کے آدمی کا اکرام

(حدیث) حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِذَا سَمَّيْتُمُ الْوَلَدَ مُحَمَّدً افَاَكْرِمُوْهُ، وَاَوْسِعُوْا لَهُ فِي الْمَجْلِسِ، وَلَا تُقَبِّحُوْا لَهُ وَجْهًا۔

(تاریخ بغداد) عن علی۔ (ضعیف)۔ (۶۲۳)

(ترجمہ) جب تم اپنے بچے کا نام محمد رکھو تو اس کی عزت کرو اور اس کیلئے مجلس کو کھلا کر دو اور اس کے چہرے کو برا بھلا مت کہو (یعنی یوں نہ کہو کہ اللہ تعالیٰ تیرے چہرے کو بدشکل کرے اور اس کے اقوال وافعال میں قباحت کی نسبت نہ کرو،ہاں اگر اس کے اقوال وافعال شریعت کے خلاف ہوں تو ان پر ردوقدح کی جائے گی)۔

(لطائف ومعارف)

(حدیث) ابن عدی نے حضرت جابرؓ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

---

۶۲۳۔ (الجامع الصغیر: ۶۰۷) رواہ الخطیب فی تاریخ بغداد (۳ : ۹۱) کنز العمال (۴۵۱۹۸) فی ترجمۃ محمد العلوی عن علی ورواہ الحاکم فی تاریخہ والدیلمی

ما أطعم طعا ما على مائدة ولا جلس عليها وفيها اسمى الاقد سوا كل يوم مرتين.

(ترجمہ): جس دسترخوان پر کھانا کھایا جائے یا کسی دسترخوان پر بیٹھا جائے اوران بیٹھنے والوں میں میرے نام کا آدمی بھی ہوتو روزانہ دن میں دومرتبہ ان کو برکت عطاء کی جائے گی۔

(حدیث) اورمحدث طرائفی اور علامہ ابن جوزیؒ نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

ما اجتمع قوم قط فی مشورة فیهم رجل اسمه محمد لم یدخلوه فی مشورتهم إلا لم یبارک لهم فیه.

(ترجمہ): جوقوم کسی مشورہ کے لئے جمع ہوتی ہےاوران میں ایسا شخص بھی ہوجس کا نام محمد ہو اگر وہ لوگ اس کو اپنے مشورے میں شامل نہیں کریں گے تو ان کے مشورہ میں برکت نہیں ہوگی۔

## ''محمد'' نام کے شخص پر لعنت نہ کرو

(حدیث) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

تُسَمُّوْنَ اَوْلَادَكُمْ مُحَمَّدًا ثُمَّ تَلْعَنُوْنَهُمْ؟۔

البزار (ع،ک) عن انس۔ (صح)۔ (۶۲۴)

(ترجمہ) تم اپنی اولاد کا نام محمد رکھتے ہو پھران کو برا بھلا کہتے ہو۔ (جب تک

۶۲۴ ۔ (الجامع الصغیر: ۳۳۰۱)__ رواه البزار فی مسنده وابو یعلی والحاکم فی الأدب' الشفاء للقاضی عیاض (۲ : ۴۷۰) کنز العمال (۴۵۲۰۰) قال الذهبی والحکم (ابن عطیة) وثقه بعضه وهو لین ورمز السیوطی لصحته. واللألی المصنوعة للسیوطی (۱ : ۵۴).

کہ وہ نابالغ ہوں بالغ ہونے کے بعد غلط کام کی وجہ سے اس کو تنبیہ وغیرہ کی جاسکتی ہے)۔

(لطائف ومعارف)

قاضی بیضاویؒ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے اس شخص پر، جس کا نام محمد رکھا گیا ہو اپنے نام کی عظمت کی وجہ سے لعنت ملامت کرنے کو برا کہا ہے، جس طرح سے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی شکل وصورت کی تعظیم کی وجہ سے چہرہ پر مارنے کو منع فرمایا ہے۔

بعض احادیث میں محمد نام رکھنے کی ترغیب آئی ہے جیسا کہ حضورﷺ کا ارشاد ہے: جس گھر میں محمد اور احمد نام کا کوئی بچہ ہو تو اس گھر والوں کو ضرر نہیں پہنچے گا یا یہ معنی ہے کہ تمہیں کیا حرج ہے کہ تمہارے گھر میں کوئی محمد یا احمد نام کا بچہ ہو یعنی اپنے بچوں کا نام محمد اور احمد رکھا کرو۔

اگرچہ اس حدیث میں محمد نام رکھنے کی فضیلت معلوم ہوتی ہے لیکن یہ حدیث ضعیف ہے، نام رکھنے کی فضیلت اپنی جگہ مسلم بھی ہے۔

## کائنات کا افضل ترین اسم مبارک

نام رکھنے کا راز یہ ہے کہ ایک شے کا دوسری شے کے ساتھ تعارف ہو جائے کیونکہ جب کوئی چیز وجود میں آئے اور وہ مجہول الاسم ہو تو اس کی تعریف کا واقع ہونا بہت مشکل ہو جاتا ہے اس لئے جب بچہ پیدا ہو تو اس وقت سے تیسرے روز تک یا ساتویں روز تک یا اس کے بعد نام ضرور رکھنا ہوتا ہے۔

(حدیث) اور حدیث مبارک میں ہے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

انکم تدعون یوم القیامة باسمائکم واسماء آبائکم فاحسنوا اسماء کم .(۲۲۵)

(ترجمہ) بے شک تم قیامت کے دن اپنے ناموں اور اپنے آباء کے ناموں کے ساتھ بلائے جاؤ گے پس اپنے نام اچھے رکھا کرو۔

(حدیث) امام نوویؒ فرماتے ہیں اس حدیث کی رو سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نام خوبصورت رکھنے چاہیں۔

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تسموا باسماء الانبیاء واحب الاسماء الی الله عبدالله و عبدالرحمن واصدقها حارث وهمام واقبحها حرب و مرة .(۲۲۶)

(ترجمہ) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ نام انبیاء کرام کے نام پر رکھو اور اللہ تعالی کو سب سے زیادہ محبوب نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں اور سب سے سچے نام حارث اور ھمام ہیں اور سب سے قبیح نام حرب اور مرہ ہیں۔

اس حدیث مبارک میں انبیاء کرامؑ کے نام جیسے نام رکھنے کا حکم فرمایا ہے کیونکہ انبیاء اولاد آدم کے سردار ہیں اور ان کے اخلاق اشرف الاخلاق ہیں اوران کے اعمال احسن الاعمال ہیں پس ان کے اسماء گرامی بھی اشرف الاسماء ہیں اور ان ناموں کے ساتھ نام رکھنے سے مسمی کو شرف حاصل ہوتا ہے اور اگر چہ مسمی میں مصالح نہ ہوں مگر مسمی اپنے اسم کے ساتھ ذکر کیا جائے گا اور نام کا تعلق اس کے معنی کے ساتھ متقاضی رہے گا اور اس کے ساتھ ساتھ انبیاء کرامؑ کے نام رکھنے سے یہ فائدہ ہوگا کہ ان کے اسماء کی بھی حفاظت رہے گی

---

۲۲۵۔ رواہ ابو داود 'احمد 'مشکوۃ ص ۴۰۸ والجامع الصغیر۔

۲۲۶۔ رواه البخاری فی الادب المفرد و ابوداود والنسائی فی سننیهما وسنده حسن 'الجامع الصغیر للسیوطی ص ۲۴۶، ج۳،مع المناوی.

اور ذکر بھی رہے گا۔
(حضرت طلحہؓ کے دس لڑکے تھے سب کے نام انبیاء کرامؑ والے نام تھے)۔
(حدیث) امام احمد اپنی مسند میں، امام بخاری اور امام مسلم اپنی صحیحین میں امام ترمذی اور امام ابن ماجہ اپنی سنن میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**تسموا باسمي ولا تكنوا بكنيتي.**

(ترجمہ) اپنی اولاد کا نام میرے نام جیسا رکھ لو اور میرے کنیت جیسی اپنی مضاحت نہ رکھو۔

اس حدیث مبارک میں حضور علیہ الصلوات والتسلیمات نے اپنے نام جیسا نام رکھنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے اور امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ مختصر الاذکار میں فرماتے ہیں وافضل الاسماء محمد یعنی نام محمد سب ناموں سے افضل نام ہے۔

(حدیث) امام طبرانی معجم کبیر میں اور امام ابن عدی الکامل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

**من ولد له ثلاثة اولاد فلم يسم احدهم محمدا فقد جهل.**

(ترجمہ) جس کے ہاں تین بچے پیدا ہوں اور ان میں سے کسی کا نام اس نے محمد نہ رکھا تو اس نے جہالت کا کام کیا۔

اس حدیث شریف میں اس نام محمد کی عظمت کا بیان ہے اور وعید بھی ہے ایک قسم کی اور اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ تمام ناموں میں سے کسی نام کے نہ رکھنے پر ایسی وعید نہیں آئی اور یہ کہ حضورؐ کے نام رکھنے میں مسمی میں برکت آتی ہے اور یہ کہ جس نبی اور رسول کے ذریعہ انسان کو ہدایت ملی ہو اور وہ

تمام مخلوق میں افضل واعلیٰ بھی ہوں تو بطور اس نعمت عظیمہ کے شکر کے اپنی اولاد میں سے کسی کا نام محمد ضرور رکھے اور اگر تین بچے یا اس سے زائد ہو جائیں اور یہ نام نہ رکھا تو یہ جہالت کا کام ہوگا۔

(حدیث) اور ابن عساکر نے تاریخ تہذیب دمشق میں حضرت ابوامامہ باہلیؓ سے یہ روایت کی ہے کہ حضور علیہ الصلوات والتحیات والتسلیمات نے ارشاد فرمایا۔

من ولدله مولود فسماه محمدا تبر کابه کان هوو مولوده فی الجنة.

(ترجمہ) جس کے ہاں کوئی بچہ پیدا ہوا اور اس نے اس کا نام برکت کے حصول کیلئے محمد رکھدیا تو نام رکھنے والا اور جس کا نام رکھا گیا وہ مولود دونوں جنت میں داخل ہونگے۔

ان دونوں مذکورہ بالا حدیثوں سے محمد نام رکھنے بڑی فضیلت معلوم ہوتی ہے جو کسی دوسرے نام کیلئے معلوم نہیں اس لئے یہ ثابت ہوا کہ اپنی اولاد کا نام محمد رکھنا دوسرے ناموں سے بہت زیادہ افضل ہے لیکن فی زمانہ اس نام کا عام رواج نہیں اور اگر ہے تو بہت شاذ و نادر ہی ہے اور اگر کوئی نام رکھتا بھی ہے تو محمد کے ساتھ کوئی دوسرا اجزو ملا دیتا ہے جو عجم کا طریقہ ہے جس کا وہ ثواب اور فضیلت نہیں رہتی جو حدیثوں میں مذکور ہے اور اگر خالی محمد نام رکھا جاتا ہے تو اس کو عام طور پر لوگ بگاڑ کر پکارتے ہیں حالانکہ حدیث شریف میں اس کی ممانعت وارد ہوئی ہے چنانچہ

(حدیث) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مسند بزار، مسند ابویعلی، موصلی اور مستدرک حاکم میں بسند صحیح مروی ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا!

تسمون اولادکم محمد اثم تلعنونھم ،اور مسند عبد بن حمید میں تلعنونھم کی بجائے تسبونھم ہے (الجامع الصغیر، جامع الشمل)۔

(ترجمہ) کیاتم اپنی اولاد کا نام محمد رکھتے ہو پھر لعنت اور گالی بھی دیتے ہو۔

اس حدیث میں استفہام انکاری ہے اور ہمزہ محذوف ہے مطلب یہ ہے کہ جب تم اپنی اولاد کا نام محمد رکھتے ہو تو ان کو گالی گلوچ اور لعنت وغیرہ مت کیا کرو کیونکہ نام تعریف والا ہو اور تعریف کی بجائے مسمی پر لعنت کی جائے ان میں سے جب ایک ہوگی تو دوسری نہیں ہوگی یا تعریف ہوگی یا لعنت اور جب تعریف والا نام رکھ دیا ہے تو ملامت کیسی اس حدیث میں جیسے یہ ثابت ہوتا ہے کہ محمد نام والے کو سب وشتم اور لعنت نہیں کر سکتے اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جس کا نام محمد ہو اس کا نام بگاڑ بھی نہیں سکتے اور نام بگاڑنا حرام ہے کیونکہ قرآن کریم میں صریح حکم موجود ہے۔ ولا تنابزو بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان.

(ترجمہ) ایک دوسرے کو برے لقب سے نہ پکارو ایماان لانے کے بعد گناہ کا نام لگنا برا ہے۔

(حدیث) حضرت ابورافع رضی اللہ تعالی عنہ سے مسند بزار میں مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اذا سمیتم محمد افلا تضربوہ ولا تحرموہ (کنوز الحقائق لغماویؒ ص ۹)۔

(ترجمہ) جب تم اپنی اولاد کا یا کسی اور کا نام محمد رکھو تو اس کو نہ مارو (حدو تادیب کے علاوہ) اور اس کو محروم نہ کرو (بر واحسان سے بوجہ اس ذات کے اکرام کے جس کے نام سے بچہ کا نام رکھا)۔

(حدیث) حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے خطیب بغدادیؒ نے تاریخ

بغداد میں محمد علوی کے ترجمہ میں اور دیلمی نے مسند الفردوس میں اور حاکم نے اپنی تاریخ میں حضور علیہ الصلوات والتسلیمات کا یہ ارشاد مبارک نقل فرمایا ہے۔

**اذا سمیتم الولد محمدا فکرموه واوسعوا له فی المجالس ولا تُقَبِّحُوا له وجها.**

(ترجمہ) جب تم بچے کا نام محمد رکھو تو اس کا اکرام کرو (اس کی توقیر و تعظیم کرو) اور (مزید اہتمام کے طور پر یہ بھی فرمایا کہ) اس کیلئے مجلس میں وسعت پیدا کرو اور اس کے چہرے کی تقبیح نہ کرو (یعنی مثلا یہ نہ کہو اللہ تعالیٰ تیرا چہرہ سیاہ، بدصورت کرے اور اس کے اقوال وافعال میں سے کسی چیز کو برائی کی طرف منسوب نہ کرو الا یہ کہ اس کے اقوال یا افعال ایسے ہوں جو اس کیلئے باعث ملامت ہوں تو بطور تعلیم اور تادیب سمجھایا جا سکتا ہے اور حدیث میں جو لفظ وجہ کا آیا ہے اس سے مسمی کی ذات مراد ہے۔

(الجامع الصغیر للسیوطیؒ وفیض القدیر للمناویؒ ص ۳۸۵ ج ۱ جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل ص ۱۱۴ ج ۱)۔

(حدیث) ابن عدی نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعا روایت کیا ہے کہ رسول دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

**ماطعم طعاما علی مائدة ولا جلس علیها وفیها اسمی الاقدسوا کل یوم مرتین.**

(اخرجہ ابن عدی فی الکامل فیض القدیر ۱:۳۸۵)۔

(حدیث) اور علامہ طرائفی اور علامہ ابن الجوزی رحمہما اللہ تعالیٰ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ماا جتمع قوم قط فی مشورة فیهم رجل اسمه محمد لم یدخلوه فی مشورتهم الالم یبارک لهم فیه.

(ترجمہ) نہیں جمع ہوتی کوئی قوم (جماعت) کسی قسم کے مشورہ کیلئے کبھی بھی جن میں کوئی آدمی جس کا نام محمد ہو کہ وہ اس کو اپنے مشورہ میں شامل نہ کریں مگر ان کیلئے اس مشورہ میں برکت نہیں ڈالی جاتی۔

(حدیث) حضرت عثمان العمریؒ مرسلا روایت کرتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ماضراحدکم لو کان فی بیته محمد و محمد ان وثلاثة .

(جامع الشمل ص ۱۲۶ ج ۱ بحوالہ ابن سعد)۔

# حصہ پنجم

# تراجم اسماءِ نبویہ

# سراپائے اقدس

## صلی اللہ علیہ وآلہ وخیر خلقہٖ وسلم

ہدیہ نعت از شیخ المشائخ مرشد گرامی
حضرت اقدس سید نفیس الحسینی دامت برکاتہم

اے رسُولِ امینؐ، خاتم المُرسَلینؐ، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں
ہے عقیدہ یہ اپنا بِصدق و یقیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

اے براہیمی و ہاشمی خُوش لَقب، اے تُو عالی نَسب، اے تو والا حَسب
دُودمانِ قریشی کے دُرِّ ثمیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

دستِ قُدرت نے ایسا بنایا تُجھے، جُملہ اَوصاف سے خُود سجایا تُجھے
اے اَزَل کے حَسیں، اے اَبَد کے حَسیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

بزمِ کونَین پہلے سَجائی گئی، پھر تِری ذات منظر پر لائی گئی
سَیّدُ الاوّلین، سَیّدُ الآخریں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

تیرا سکّہ رواں کُل جہاں میں ہُوا، اِس زمیں میں ہُوا، آسماں میں ہُوا
کیا عَرَب، کیا عجَم، سب ہیں زیرِ نگیں، تجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

تیرے اَنداز میں وُسعتیں فرش کی، تیری پرواز میں رِفعتیں عرش کی
تیرے اَنفاس میں خُلد کی یاسمیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

''سِدرَۃُ المُنتَہیٰ'' رہگزر میں تری، ''قابَ قوسَین'' گردِ سفر میں تری
تُو ہے حق کے قریں، حق ہے تیرے قریں، تجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

کہکشاں ضَو ترے سَرمدی تاج کی، زُلفِ تاباں حَسیں رات معراج کی
''لَیلَۃُ القَدر'' تیری مُنوّر جبیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

مُصطفےٰ مُجتبےٰ، تیری مدح و ثنا، میرے بَس میں نہیں، دَسترس میں نہیں
دلِ کو ہمّت نہیں، لَب کو یارا نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

کوئی بتلائے کیسے سَراپا لکھوں، کوئی ہے! وہ کہ میں جس کو تُجھ سا کہوں
تَو بہ تو بہ! نہیں کوئی تُجھ سا نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

چار یاروں کی شان جلی ہے بھلی، ہیں یہ صدّیق ؓ، فاروق ؓ، عثمان ؓ، علی ؓ
شاہدِ عدل ہیں یہ ترے جانشیں، تُجھ سا کوئی نہیں، تُجھ سا کوئی نہیں

اے سراپا نفیسؔ اَنفَسِ دو جہاں، سَرورِ دلبَراں دلبرِ عاشقاں
ڈھونڈتی ہے تجھے میری جانِ حزیں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں

## بحضورِ ساقیٔ کوثر صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ اللہ! مُحمد ترا نام اے ساقی
اَن گِنت تُجھ پہ دُرود اور سلام اے ساقی

بعد اللہ کے ہے تیرا مقام اے ساقی
کِس کی جُرأت ہے کرے اِس میں کلام اے ساقی

از اَزل تابہ اَبد تیری ہی سَرداری ہے
سید الکُل ہے تُو، ہے سب کا اِمام اے ساقی

تُجھ پہ اللہ کی رحمت کا ہے سایہ ہر دَم
کُل جہاں پر تِری رحمت ہے مُدام اے ساقی

فرشیوں پر تو عنایات کی کُچھ حد ہی نہیں
عرشیوں پر بھی تِرا فیض ہے عام اے ساقی

واسطہ تُجھ کو براہیمؑ کی فَرزندی کا
ایک کوثر کا چھلکتا ہُوا جام اے ساقی

آلِ اطہار کے صدقے ہو عطا اِک ساغر
اِک پیالہ پئے اصحابِ کرام اے ساقی

خستہ جانوں سے کوئی پُوچھے حلاوت اِس کی
راحتِ جان و جگرِ ہے ترا نام اے ساقی

کبھی تنہائی میں محسوس کیا کرتا ہُوں،
صحنِ دل میں ترا آہستہ خَرام اے ساقی

مہ جبیں لاکھ سہی شہرۂ آفاق مگر
اُن کے حلقے میں ہے تُو ماہ تمام اے ساقی

نازنیں ایک سے اِک بڑھ کے جہاں میں آئے
ہے تری ذات مگر مِسکِ خِتام اے ساقی

وَرَفَعنَا لَکَ ذِکرَکَ ہے خُدا کا اِرشاد
ہے اُفق تا بہ اُفق تیرا پیام اے ساقی

مٹنے والے ہیں سبھی نقش جہانداروں کے
نقش ہے تیرا فقط نقشِ دوام اے ساقی

ہم غلاموں کی بھی جانب سے سلام اے ساقی
سوچتا ہُوں غمِ دِل عرض کرُوں یا نہ کرُوں

ان دِنوں فکر سے ہے جینا حرام اے ساقی

خوار ہے عالمِ اسلام نصاریٰ کے تلے

آج اُمّت کا دِگر گوں ہے نِظام اے ساقی
پھر سنور جائے یہ بگڑا ہُوا کام اے ساقی

دِل مِرا ڈُوب رہا ہے کہ تہی دامن ہُوں
ہونے والی ہے اُدھر زیست کی شام اے ساقی

ایک اُمّیدِ شفاعت ہے فقط زادِ سفر
جس سے ہمت سی ہے کُچھ گام بہ گام اے ساقی

لاج رکھنا، کہ ترے رحم و کرم پر ہے نفیس
ہے ترے در کا غلام ابنِ غلام اے ساقی

•

(مدینۃ المنورۃ: ذوالحجہ ۱۴۱۱ھ/۱۹۹۱ء)

# سلام بحضورِ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

اِلٰہی! محبوبِ کُل جہاں کو، دِل و جگر کا سلام پہنچے
نفس نفس کا دُرُود پہنچے، نظر نظر کا سلام پہنچے

بساطِ عالَم کی وُسعتوں سے، جہانِ بالا کی رِفعتوں سے
مَلک مَلک کی درُود اُترے، بَشر بَشر کا سلام پہنچے

حُضورؐ کی شام شام مہکے، حُضورؐ کی رات رات جاگے
مَلائکہ کے حَسِیں جلَو میں، سَحر سَحر کا سلام پہنچے

زبانِ فِطرت ہے اِس پہ ناطِق، ببار گاہِ نبیِ صَادق
شَجر شَجر کا دُرُود جائے، حَجر حَجر کا سلام پہنچے

رسُولِ رحمت کا بارِ اِحساں، تمام خلقت کے دوش پر ہے
تو اَیسے مُحسن کو بَستی بَستی ، نگر نگر کا سلام پہنچے

مِرا قلَم بھی ہے اُن کا صَدقہ، مِرے ہُنَر پر ہے اُن کا سایہ
حضُورِ خواجہؐ، مِرے قلم کا، مِرے ہُنَر کا ہے اُن کا سایہ

یہ اِلتجا ہے کہ رُوزِ محشر، گُناہگاروں پہ بھی نظَر ہو
شفیعِ اُمتؐ کو ہم غریبوں کی چشمِ ترَ کا سلام پہنچے

نفیس کی بَس دُعا یہی ہے، فقیر کی اب صدا یہی ہے
سَوادِ طَیبہ میں رہنے والوں کو عُمر بھر کا سلام پہنچے

صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلّم
شبِ عاشورہ محرم الحرام ۱۴۱۸ھ / ۱۴ جون ۱۹۹۷ء

## لاکھوں سلام

تاجدارِ نُبُوَّت پہ لاکھوں سلام
شہر یارِ نُبُوَّت پہ لاکھوں سلام

سیدُ الاوّلیں ،سیدُ الآخریں
نامدارِ نُبُوّت پہ لاکھوں سلام

فخرِ اَولادِ آدمؑ پہ اَربوں دُرُود
اِفتخارِ نُبوّت پہ لاکھوں سلام

وُہ براہیم و ہاشمی خُوش نَسب
شاہوارِ نُبوّت پہ لاکھوں سلام

وُہ جب آئے جہاں میں بہار آگئی
نَو بہارِ نُبوّت پہ لاکھوں سلام

جلوہ گاہِ محمدؐ ، وُہ غارِ حِرا
جلوہ زارِ نُبوّت پہ لاکھوں سلام

جبرئیلِ امیں، مرحبا مرحبا
راز دارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

نور پاشِ رسالت پہ دائم درود
نور بارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

وہ جو فاران کی چوٹیوں سے اُٹھا
شہسوارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

ہر نبی کی رِسالت ہوئی معتبر
اِعتبارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

جس پہ ختمِ نبوت کا دار و مدار
اُس مدارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

رُوکشِ حُسنِ یوسفؑ ہے جس کا جمال
اُس نِگار نبوت پہ لاکھوں سلام

سِدرۃ المنتہیٰ جس کی گردِ سفر
راہوارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

بدر میں تو نزولِ ملائک ہوا
کار زارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

کیا کہوں جو اُحد سے محبت رہی

کوہسارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

وہ جو پائے مُبارک کی زینت رہا
اُس غُبارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

کوئی دیکھے رفاقت ابُو بکرؓ کی
یارِ غارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ! فاروقؓ کا دبدبہ
ذی وقارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

بہرِ عثمانؓ رِضوان کی بَعیت ہُوئی
جاں نثارِ نبوت پہ لاکھوں سلام

مُرتضیٰؓ بابِ شہرِ عُلُومِ نبیؐ
شاہکارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

جِس کے دو پھُول پیارے حَسنؓ اور حُسینؓ
شاخسارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

ہر صحابیؓ نبیؐ پر تصدُّق رہا
جاں سپارِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

ساری اُمّت پہ ہوں اَن گنت رحمتیں

پاسدارِ نُبوّت پہ لاکھوں سلام

جِس کو ترسا کیے چشم ودِل اے نفیس
اُس دیارِ نُبوّت پر لاکھوں سلام

(۲۰/محرم الحرام ۱۴۱۸ھ / ۲۷ مئی ۱۹۹۷ء)

# دعائے اختتام

اللہ تعالیٰ کے لطف واحسان سے پوری امید ہے کہ وہ اپنی بارگاہ میں اس خدمت کو قبول ومنظور فرمائیں گے اور یہ مجموعہ جناب نبی کریم ﷺ کی بارگاہ عالیہ میں ان کی رضا اور خوشنودی کا باعث ہوگا اور ناچیز کے لئے میدان محشر میں شفاعت صغریٰ اور کبریٰ اور شفاعتِ ترقی درجات اور حضور گرامی مرتبت کے دست اقدس سے جام کوثر نصیب ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت خدمت کے صلہ میں بوقت موت کلمہ ایمان کی توفیق عطا فرمائے اور موت کی سختیوں سے اور قبر کی پریشانیوں سے محفوظ فرمائے اور آخرت کے مصائب اور جہنم سے محفوظ فرمائے اور پل صراط سے گزرنا آسان کرے اور جنت الفردوس میں جناب نبی کریم ﷺ کا قرب اور اپنے عرش کے سایہ والی جنت نصیب فرمائے۔ آمین یا اللہ العالمین

حضورؐ کے در کا غلام، خادم اسلام

عاجز وگناہ گار، طالب شفاعت

امداد اللہ انور

دار المعارف ملتان

۱۲ جمادیٰ الاولیٰ ۱۴۲۸ھ

۲۰۰۷/۵/۲۹ء

# تصانیف وتراجم مفتی امداداللہ انور

| قیمت | تالیف | کتاب |
|---|---|---|
| 120 | مولانا مفتی امداداللہ انور | اسرار کائنات |
| 80 | مولانا مفتی امداداللہ انور | اسم اعظم |
| 120 | مولانا مفتی امداداللہ انور | اکابر کا مقام عبادت |
| 180 | مولانا مفتی امداداللہ انور | جنت کے حسین مناظر |
| 120 | مولانا مفتی امداداللہ انور | فضائل حفظ القرآن |
| 150 | مولانا مفتی امداداللہ انور | لذت مناجات |
| 100 | مولانا مفتی امداداللہ انور | مناجاۃ الصالحین (عربی) |

| قیمت | مترجم | مصنف | عربی | نام کتاب |
|---|---|---|---|---|
| 120 | امداداللہ | امام ابن الجوزیؒ | بحر الدموع | آنسوؤں کا سمندر |
| 52 | امداداللہ | حضرت حسن بصریؒ | الاستغفارات | استغفارات حضرت حسن بصریؒ |
| 120 | امداداللہ | ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ | طبقات الصوفیه | اوصاف ولایت |
| 100 | امداداللہ | امام غزالیؒ | التبر المسبوک | بادشاہوں کے واقعات |
| 140 | امداداللہ | امام جلال الدین سیوطیؒ | لقط المرجان | تاریخ جنات وشیاطین |
| 180 | امداداللہ | مفتی محمود گنگوہیؒ | فتاویٰ محمودیہ (اردو) | فتاویٰ جدید فقہی مسائل |
| 220 | امداداللہ | محمد عبدالرؤوف المناویؒ | کنوز الحقائق | جواہر الاحادیث |
| 120 | امداداللہ | امام ابن رجب حنبلیؒ | التخویف من النار | جہنم کے خوفناک مناظر |
| 180 | امداداللہ | امام دمیاطیؒ | المتجر الرابح | رحمت کے خزانے |
| 100 | امداداللہ | امام ابن الجوزیؒ | ذم الهوی | عشق مجازی کی تباہ کاریاں |
| 100 | امداداللہ | ابن حجر مکیؒ | الافصاح | فضائل شادی |
| 140 | امداداللہ | امام سیوطیؒ | الحبائک | فرشتوں کے عجیب حالات |
| 140 | امداداللہ | امام سیوطیؒ | البدور السافرة | قیامت کے ہولناک مناظر |

## زیر طبع تصانیف وتراجم

| قیمت | مؤلف | کتاب |
|---|---|---|
| 80 | مولانا مفتی امداداللہ انور | ادعیۃ الصحابہؓ (عربی) |

| | | |
|---|---|---|
| اسماء النبی الکریمؐ | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 120 |
| اسلاف کے آخری لمحات | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 140 |
| اکابر کی مجرب دعائیں | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 60 |
| تاریخ علم اکابر | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 120 |
| تصاویر مدینہ | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 300 |
| جنت البقیع میں مدفون صحابہؓ | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 100 |
| حکایات علم وعلماء | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 92 |
| خدمت والدین | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 80 |
| خشوع نماز | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 92 |
| شرح وخواص اسماء حسنٰی | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 100 |
| صحابہ کرامؓ کی دعائیں | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 100 |
| فضائل تلاوت قرآن | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 120 |
| گنہگاروں کی مغفرت | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 100 |
| مستند نماز حنفی | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 130 |
| معارف الاحادیث | مولانا مفتی امداد اللہ انور | 800 |

| کتاب | ترجمہ | مصنف | مترجم | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| ترجمہ قرآن پاک | = | | امداد اللہ انور | |
| اکابر کی تمنائیں | المتمنین | ابن ابی الدنیاؒ | امداد اللہ انور | 72 |
| امتوں پر عذاب الٰہی کے واقعات | العقوبات | ابن ابی الدنیاؒ | امداد اللہ انور | 100 |
| بادشاہوں کے واقعات | الشفاء | امام ابن جوزیؒ | امداد اللہ انور | 100 |
| تیسیر المنطق | | مولانا عبداللہؒ | امداد اللہ انور | 20 |
| تفسیر ابن عباسؓ | صحیفہ علی بن ابی طلحہ | علی بن ابی طلحہؒ | امداد اللہ انور | 360 |
| تفسیر عائشۃ الصدیقہؓ | مرویات ام المؤمنین | دکتور سعود | امداد اللہ انور | 400 |
| عبادت سے ولایت تک | بدایۃ الھدایہ | امام غزالیؒ | امداد اللہ انور | 80 |
| علم پر عمل کے تقاضے | اقتضاء العلم العمل | خطیب بغدادیؒ | امداد اللہ انور | 80 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فضائل شکر | الشکر لله عزوجل | ابن ابی الدنیاؒ | امداداللہ انور | 80 |
| فضائل شہادت | ابواب السعادة | علامہ سیوطیؒ | امداداللہ انور | 72 |
| فضائل صبر | الصبر والثواب علیه | ابن ابی الدنیاؒ | امداداللہ انور | 80 |
| فضائل غربت | الجوع | ابن ابی الدنیاؒ | امداداللہ انور | 92 |
| مشاہیر علماء اسلام | مشاهیر علماء الامصار | امام ابن حبانؒ | امداداللہ انور | |

## دیگر علماء کے زیر طبع تراجم

| کتاب | عربی | مترجم یا مؤلف | اصلاح وتزئین | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| حل قال بعض الناس | بعض الناس | ؟ / عبدالمجید انورؒ | امداداللہ انور | 60 |
| خواص القرآن الکریم | الدر النظیم | امام یافعیؒ / ؟ | امداداللہ انور | 120 |
| سائنس علوم | حدائق الانوار | امام رازی / احمد بخشؒ | امداداللہ انور | 140 |
| سیلاب مغفرت | کتاب التوابین | ابن قدامہؒ / ریاض صادق | امداداللہ انور | 116 |
| الصرف الجمیل | | مولانا ریاض صادق | امداداللہ انور | 100 |
| صحابہ کرامؓ کے جنگی معرکے | فتوح الشام | امام واقدیؒ / شبیر احمدؒ | امداداللہ انور | 150 |
| قبر کے عبرتناک مناظر | شرح الصدور | امام سیوطیؒ / محمد عیسیٰؒ | امداداللہ انوره | 120 |
| کرامات اولیاء | روض الریاحین | امام یافعیؒ / جعفر علیؒ | امداداللہ انور | 120 |
| محبوب کا حسن وجمال | | محمد سلیمان منصورپوریؒ | امداداللہ انور | 100 |
| معجزات رسول اکرمؐ | الکلام المبین | مفتی عنایت احمدؒ | امداداللہ انور | 140 |
| نفیس پھول | صید الخاطر | ابن جوزیؒ / عبدالمجید انور | امداداللہ انور | 140 |

## دیگر علماء کے غیر مطبوعہ تراجم

| کتاب | مصنف | مترجم | تسہیل وتزئین | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| آثار السنن | محمد بن علی شوق نیمویؒ | فضل الرحمن دھرم کوٹی | امداداللہ انور | 240 |
| الادب المفرد | امام بخاریؒ | مولانا ریاض صادق | امداداللہ انور | 200 |
| سنن دارمی | امام دارمیؒ | | امداداللہ انور | 300 |
| ہدیہ درود وسلام | یوسف بن اسماعیل نبہانیؒ | مفتی ابوسالم زکریا | امداداللہ انور | 160 |

## دیگر تالیفات مولانا امداد اللہ انور

## غیر مطبوعہ عربی تالیفات

(۱)أحكام القرآن للتهانویؒ منزل چهارم مع مفتی جمیل احمد التهانویؒ (۵ جلد)

(۲)وجوب التقليد

(۳)وراثة الأنبياء

(۴)علامات الأصفياء و كرامات الأولياء

(۵)إيصال الثواب فی الإسلام

(۶)حد الرجم على المحصن

(۷)كرامةُ الإنسان

(۸)نقمة الاغبياء بعصمة الأنبياء

(۹)وجوب الأضحية

(۱۰)تراجم مدونی الفقه الحنفی

(۱۱)حكم الدعوات عقيب الصلوات

(۱۲)حكم الرقی والعوذات فی ضوء الشريعة

(۱۳)اللواطة و حده عند الائمة الأربعة وترجيح التعزير عليه

(۱۴)أحاديث حرمة اللواطة

(۱۵)نجاسة المنی

## غیر مطبوعہ اردو تالیفات

(۱۶)ترجمۃ القراءۃ الراشدۃ حصہ اول (زیر تکمیل)

(۱۷)ترجمۃ القراءۃ الراشدۃ حصہ دوم (زیر تکمیل)

(۱۸)رکعتین بعد الوتر

(۱۹)احکام عشر

(۲۰)احکام زراعت

(۲۱)احکام تجارت

(۲۲)قاضی شریحؒ

(۲۳)خصوصیات اسلام

(۲۴)مسیحی ذرائع تبلیغ وترقی اوران کا سد باب

(۲۵)فضائل شب قدر

(۲۶)تکمیل ترجمہ اعلاء السنن آٹھ جلد مکمل

(۲۷)اولیاء کرام اوران کی پہچان

(۲۸)عورت کی سربراہی

(۲۹)مسیحیت کا ماضی، حال اور مستقبل

(۳۰)مجموعہ مقالات